zahidhussain09@hotmail.com
www.dunyaint.com
manzhussain72@yahoo.com

GYRO CAFE
Middle Eastern Grill
Gyro - Falafel - Kabob
A Healthy OUTSIDE Starts from the INSIDE EAT CLEAN
580 Coney Island Ave Brooklyn, NY 11218. Phone: 718-438-0860
Other Location: Shawafel House 1419 Forest Avenue, Staten Island NY 10302 Ph: (718) 285-4175

دُنیا انٹرنیشنل

ایڈیٹرانچیف
زاہد حسین
نیا دور نئی سوچ
واشنگٹن، نیویارک، ٹوکیو اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہوتا ہے
جلد 18 شمارہ 34 5 مئی تا 11 مئی 2026ء 17 ذی القعدہ 1447ھ

For Advertisement: NY: 718-509-5522 NY: 917-348-3974 MD: 443-370-0804 Off: 718-421-1684
PA: Syeda Raza
razasyeda5@gmail.com

GYRO KING
Open 24 Hrs
GYROS · FALAFELS · KEBOBS
In The Heart Of Little Pakistan
984 Coney Island Ave Brooklyn NY 11230 Tel: 718-421-6600

خلیجی خطے میں کشیدگی اپنے عروج پر پہنچ گئی، ایران پر 24 گھنٹوں میں حملے کا امکان ہے، امریکی میڈیا کا دعویٰ

ٹرمپ کی ایران کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی دھمکی

UAE پر ایران کے میزائل حملے

امریکی بحری جہازوں اور تجارتی جہازوں پر کروز میزائلوں اور ڈرون حملوں کے جواب میں امریکی فوج نے ایران کی چھ کشتیوں کو تباہ کیا ہے، سینٹ کام، پوری دنیا کی نظریں آئندہ 24 گھنٹوں پر لگ گئیں

ایران نے پروجیکٹ فریڈم کے تحت امریکی جہازوں کو نشانہ بنایا تو اسے صفحہ ہستی سے مٹادینگے، آبنائے ہرمز میں 7 چھوٹی ایرانی کشتیوں کو تباہ کردیا ہے، ایرانی فائرنگ سے جنوبی کوریا کے جہاز کو نقصان پہنچا

امریکا کے پاس پہلے کے مقابلے میں زیادہ جدید ہتھیار اور اسلحہ موجود ہے، امریکا کے دنیا بھر میں موجود امریکی فوجی اڈے جدید آلات سے لیس ہیں، ضرورت پڑنے پر تمام جدید ہتھیار استعمال کرینگے، ٹرمپ

ابوظہبی/واشنگٹن/تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) خلیج میں امریکا اور ایران کے ایک دوسرے پر پھر حملے دنیا خوفزدہ تنازع میں شدت کا خطرہ بڑھ گیا امریکی فوج نے بتایا ہے کہ آبنائے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر21»

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر22»

آج صحافت غیر محفوظ اور بعض اوقات خطرناک پیشہ بن چکی ہے، اقوام متحدہ

حالیہ برسوں میں جنگی علاقوں میں صحافیوں کی ہلاکتوں میں نمایاں اضافہ ہوا، کئی مواقع پر انہیں جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا، انتونیو گوتریس

جب میڈیا پر حملے معمول بن جائیں تو آزادی زوال پذیر اور امن، سلامتی و پائیدار ترقی کی بنیادیں بھی کمزور پڑ جاتی ہیں، وولکر ترک

اقوام متحدہ (منظور حسین سے) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ حالیہ برسوں میں جنگی علاقوں میں صحافیوں کی ہلاکتوں میں نمایاں اضافہ ہوا اور کئی مواقع پر انہیں جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا، میڈیا پر حملے معمول بن جائیں تو آزادی زوال پذیر اور امن، سلامتی و پائیدار ترقی کی بنیادیں بھی کمزور پڑ جاتی ہیں۔ یہ بات اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش اور عالمی ادارے کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق وولکر ترک نے 3 مئی کو عالمی یوم آزادی صحافت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر23»

وائٹ ہاؤس کے قریب فائرنگ، مشکوک مسلح شخص زخمی حالت میں گرفتار

مشتبہ شخص سیکرٹ سروس کی جوابی فائرنگ سے زخمی ہوگیا جسے ہسپتال داخل کردیا گیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر کی سرکاری رہائش

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر41»

امریکی پابندیاں مسترد، ایران سے تیل کی خریداری جاری رہے گی، چین

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین نے ایران سے تیل خریدنے والی کمپنیوں پر امریکی پابندیوں کو تسلیم کرنے سے انکار کرتے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر24»

ایران نے امریکی اڈوں کو بھاری نقصان پہنچایا، امریکی میڈیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے امریکی اڈوں کو بھاری نقصان پہنچایا۔ سی این این نقصان کے شواہد سامنے لے آیا۔ رپورٹ کے مطابق 8 ملکوں میں 16 امریکی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر25»

Live like Ali, Die like Hussain

ایران نے سامراج کو شرمناک شکست دی، احسان اللہ خان بوبی

ایران نے بین الاقوامی سامراج کو شرمناک شکست دیکر دنیا بھر کے مظلوم اقوام کیلئے آزادی اور خوشحالی کا راستہ متعین کر دیا

پرامن شہریوں کو تشدد کا نشانہ بنانا ممدانی انتظامیہ کا انکے الیکشن میں سپورٹرز اور ووٹرز کی پیٹھ میں چھرا گھونپنے کے مترادف ہے

بروکلین، نیویارک (نیوز ڈیسک) انسانی حقوق کے علمبردار احسان اللہ خان بوبی نے کہا ہے ایران نے بین الاقوامی سامراج کو شرمناک شکست دے کر دنیا بھر کی اکثریتی اقوام کے دل جیت لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ممدانی انتظامیہ نے پرامن شہریوں کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ تفصیلات کے مطابق ایران نے درج بالا live like Ali, Die like Hussain ڈاکٹرائن پر عمل کرتے ہوئے بین الاقوامی سامراج کو شرمناک

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر35»

پاکستانی سفیر کی امریکی کانگریس کے چیئرمین امور خارجہ کمیٹی سے ملاقات

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے امریکی کانگریس کی امور خارجہ کمیٹی کے چیئرمین برائن ماسٹ سے اہم ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات اور عالمی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر34»

آبنائے ہرمز میں پابندیاں عالمی معیشت کا گلا گھونٹ رہی ہیں، انتونیو گوتریس

نیویارک (نیوز ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا کہ آبنائے ہرمز میں پابندیاں عالمی معیشت کا گلا گھونٹ رہی ہیں۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر36»

واشنگٹن، پاکستانی سفارتخانہ میں پاسپورٹ ڈی سی اوپن ہاؤس ایونٹ

پاکستان کی منفرد تاریخ، ثقافت اور لذیذ کھانوں کی عالمی سطح پر پذیرائی کی گئی

ٹرک آرٹ، نفیس ملبوسات اور دستکاری کے شاہکار شرکا کی توجہ کا مرکز رہے

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) سفارت خانہ پاکستان واشنگٹن میں سالانہ پاسپورٹ ڈی سی اوپن ہاؤس ایونٹ نہایت جوش و خروش کے ساتھ منعقد ہوا، جس میں پاکستان کی منفرد تاریخ، ثقافت اور روایات کو عالمی سطح پر اجاگر کیا گیا۔ تقریب میں دنیا بھر سے تعلق رکھنے والے سفارتکاروں، سیاحوں اور مقامی افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جن کا سفارت خانے کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا۔ شرکاء کو پاکستان کے ثقافتی تنوع، قدیم روایات اور مہمان نوازی سے روشناس کرانے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے تھے۔ ایونٹ

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر37»

امریکا مڈٹرم الیکشن سے قبل سیاسی و آئینی بحران

نئے انتخابی حلقے کالعدم

مڈٹرم انتخابات سے قبل سیاسی اور آئینی سطح پر کشیدگی میں نمایاں اضافہ، سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے کو انتخابی نظام کے مستقبل پر دوررس اثرات رکھنے والا اہم موڑ قرار دیا جارہا ہے

عدالتی فیصلے کے بعد ریاستی سطح پر نئی حلقہ بندیوں کی تیاری شروع کردی گئی، قانونی جنگوں میں اضافہ ہوگیا، ووٹر رجسٹریشن اور انتخابی قوانین میں تختی پر سیاسی کشیدگی بھی بڑھ گئی

انتخابی حلقہ بندیوں میں نسل پرستی کے استعمال کی حد آئینی طور پر محدود ہے اور ریاستیں اس بنیاد پر ایسے حلقے نہیں بناسکتیں جو آئینی اصولوں سے متصادم ہو، امریکی سپریم کورٹ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں 2026 کے مڈٹرم

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر38»

پاکستان سفارتی کردار ادا کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے، سابق امریکی جنرل

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ کے سابق اسسٹنٹ

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر39»

امریکا کے 61 فیصد عوام نے ایران پر جارحیت کو غلطی قرار دے دیا

90 فیصد ڈیموکریٹس، 71 فیصد آزاد افراد نے جنگ مخالف رائے دی، سروے رپورٹ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) 61 فیصد امریکیوں نے ایران کے خلاف امریکی جارحیت کو غلطی قرار دیدیا۔ امریکی میڈیا کی جانب سے سروے میں بتایا گیا ہے کہ 61 فیصد امریکی شہریوں کا ماننا ہے کہ ایران پر حملہ ایک غلط فیصلہ تھا جبکہ صرف 36 فیصد نے اس اقدام کی حمایت کی۔ سروے میں 90 فیصد ڈیموکریٹس اور 71 فیصد آزاد افراد نے جنگ مخالف رائے دی، ری پبلکن پارٹی کے 19 فیصد افراد نے بھی جنگ کو غلطی قرار دیا۔ سروے میں اس سوال پر کہ امریکا کا اگلا قدم کیا ہونا چاہیے، ملا جلا ردعمل دیکھنے کو ملا۔ 48 فیصد

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر40»

ایران پر دوبارہ حملوں کی باتیں خطرناک ثابت ہوسکتی ہیں، چین

ٹرمپ کے دورہ چین کے وقت آبنائے ہرمز بند ہوئی تو یہ اہم ایجنڈا ہوگا، چینی مندوب

نیویارک (نیوز ڈیسک) چین نے ایران سے متعلق جاری کشیدگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے جنگ بندی کو برقرار رکھنے پر زور دیا ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ میں چین کے سفیر فو کانگ نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ خطے میں امن و استحکام کیلئے فوری اور سنجیدہ اقدامات ضروری ہیں۔ ایران پر دوبارہ حملوں کی باتیں خطرناک ثابت ہوسکتی ہیں۔ آبنائے ہرمز کو جلد از جلد کھولنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو اپنی پابندیاں اور امریکا کو بحری ناکہ بندی ختم کرنا ہوگی تاکہ تجارتی سرگرمیاں بحال ہو

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر26»

اقوام متحدہ کے سامنے ماریہ شہباز کی بازیابی کیلئے 7 مئی کو احتجاج کا اعلان

امریکی مسیحی برادری کا انصاف اور انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے بڑا اقدام

بروکلین/نیویارک (نیوز ڈیسک) امریکہ میں مقیم پاکستانی نژاد مسیحی برادری نے ماریہ شہباز کی بازیابی، جبری شادیوں کے خاتمے اور کمسن لڑکیوں کے تحفظ کے لیے 7 مئی 2026 کو نیویارک میں اقوام متحدہ کے دفتر کے سامنے ایک بڑے پرامن احتجاج کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان کمیونٹی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر27»

امریکا، ایران کو ایٹمی ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیگا، امریکی وزیر جنگ

امریکی وزیر جنگ پہلی بار کانگریس کی امریکی ہاؤس آرمڈ سروسز کمیٹی کے سامنے پیش

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے ساتھ جنگ شروع ہونے کے بعد امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگستھ پہلی بار کانگریس کی امریکی ہاؤس آرمڈ سروسز کمیٹی کے سامنے پیش ہوئے۔ کمیٹی اجلاس میں آئندہ مالی سال کے لیے ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے دفاعی بجٹ کو 1.5 کھرب ڈالر تک

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر28»

پاکستان اور بھارت میں ایک اور تباہ کن جنگ کا خدشہ ہے، امریکی محقق

چین و امریکا کی ممکنہ شمولیت، سوشل میڈیا اور غلط معلومات جنگ کو پھیلا سکتی ہیں

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکا میں قائم بین الاقوامی سلامتی سے متعلق تھنک ٹینک اسٹمسن کی سینئر محقق اور جنوبی ایشیا پروگرام کی ڈائریکٹر الیزابتھ تھرلکلڈ نے امریکی جریدے فارن افیئر میں اپنے تفصیلی مضمون میں کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت میں ایک اور تباہ کن جنگ کا خدشہ ہے، معمولی چنگاری بھی بڑے تصادم کی وجہ بن سکتی ہے، نئی عسکری حکمت عملی، جدید ہتھیار اور بڑھتا اعتماد خطے کو خطرناک تصادم کی طرف دھکیل

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر29»

اسحاق ڈار کا برطانوی وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ، خطے کی صورتحال پر گفتگو

پاکستان خطے میں دیرپا امن کے قیام کے لیے سنجیدہ اور متحرک کردار ادا کر رہا ہے، اسحاق ڈار



اسلام آباد (صفدر حسین سے) وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور برطانیہ کی وزیر خارجہ یوویٹ کوپر کے درمیان ایک اہم ٹیلیفونک رابطہ ہوا، جس میں خطے کی موجودہ صورتحال، سیکیورٹی چیلنجز اور عالمی سطح پر بدلتی ہوئی سیاسی و معاشی پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر30»

امریکا ایران سے جنگ میں اب تک 25 ارب ڈالر خرچ کرچکا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) پینٹاگون کے ایک سینئر اہلکار نے بتایا کہ امریکا ایران سے جنگ میں اب تک 25 ارب ڈالر خرچ کرچکا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پینٹاگون نے ایران جنگ میں امریکا کے فوجی اخراجات کا پہلا سرکاری

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر31»

مریکی سینیٹ میں ایران جنگ خاتمے کی قرارداد چھٹی بار بھی ناکام

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی سینیٹ میں ایران جنگ کے خاتمے کے لیے پیش کی گئی قرارداد چھٹی بار بھی ناکام ہو گئی۔ امریکی سینیٹ میں ایران جنگ کے خاتمے کیلئے پیش کی گئی قرارداد چھٹی مرتبہ بھی ناکام ہو گئی۔ سینیٹ نے ایران

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر32»

مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام کی بنیادی وجہ مسئلہ فلسطین ہے، پاکستان

اسرائیلی قبضے کا فوری خاتمہ اور دو ریاستی حل ہی خطے میں پائیدار امن کا واحد راستہ ہے

غزہ امن منصوبے کے دوسرے مرحلے کو جلد مکمل کیا جائے، پاکستانی مندوب عاصم افتخار

نیویارک (عبدالصمد خان سے) پاکستان نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام کی بنیادی وجہ مسئلہ فلسطین ہے۔ پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا کہ اسرائیلی قبضے کا خاتمہ اور دو ریاستی حل ہی خطے میں پائیدار امن کا واحد راستہ ہے، غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملوں میں 800 سے زائد فلسطینی شہید ہوئے۔ عاصم افتخار نے مطالبہ کیا کہ غزہ امن منصوبے کے دوسرے مرحلے کو جلد مکمل

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر33»

SHAZIA PHARMACY
شاذیہ فارمیسی SHAZIA PHARMACY
برائٹن بیچ کے علاقے میں آپ کی اپنی فارمیسی آپ کی صحت ہماری اولین ترجیح
- Prescription Drugs
- Free Consultation
- Quick and easy Delivery
- Service All Vitamins
- Halal Vitamins Available
- Surgical Supplies Beauty Needs
- We Accept All Major Insurance
Tel: 718-872-6090, Fax: 718-872-6575
3166 Coney Island Avenue, Brooklyn, NY 11235
Email: shaziapharmacy@gmail.com

خوش ذائقہ کھانوں کے دو مقام اور ایک ہی نام
گیتھرز برگ اور سلور سپرنگ میری لینڈ
کباب اینڈ کڑاہی
حلال HALAL
Kabob N Karahi
FRESH, CASUAL, AUTHENTIC DINING
Original Location: 15521 New Hampshire Ave, Silver Spring, Maryland 20905 Ph: 301-879-0044
New Location 2: 18232 Flower Hill Way Gaithersburg Maryland Ph: 301-977-0001

رب تعالیٰ کے رحم و کرم سے خدمت کے جذبے کے ساتھ
Halal Super Mart
Guaranteed Low Prices
UNDER NEW MANAGEMENT
Naeem Faraz Qureshi
7702 F&G BACKLICK RD, SPRINGFIELD VA 22150
Phone: 703-637-8542

FOSTER MAAZ Pharmacy
فوسٹر معاذ فارمیسی
فری بلڈ پریشر چیکنگ/فری شوگر چیکنگ
We take OTC, EBT
We speak English, Urdu, Punjabi
We Take All Major Insurances
شہباز خان تیمور فاروق شاہد صدیق سلیم شہزادی
- حلال وٹامنز، وزن کم کرنے کی ادویات وسونا بیلٹ وغیرہ ہمارا اعزاز
- سٹیشنری فیکس سروس موجود
پاکستانیوں کی اپنی فارمیسی
ELECTRONIC APPLIANCES AVAILABLE
خوبصورتی کو بڑھانے اور خواتین و نوجوان لڑکیوں کی زیبائش کی تمام چیزیں دستیاب ہیں
ہم میڈی کیڈ اور دوسری تمام بڑی انشورنس قبول کرتے ہیں
Pakistani Indian Bangladeshi Grocery Available
1056 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11230 Ph: 718 421 5533

New A - One Groceries & Halal Meats
نیو اے ون گروسریز اینڈ حلال میٹ
BIG SALE
Grand Sale at New A One Grocery and Halal Meat Alexandria Virginia
Islamic Art/ Household Kitchen Merchandise/ Crockery
New Arrivals
الیگزینڈریا، ورجینیا میں حلال اور تازہ بیکری کا خوبصورت اضافہ اب آپ کو حلال میٹ اور گروسری کے ساتھ ساتھ تازہ بیکری اور دیسی مٹھائیاں بھی دستیاب ہوں گی
خدمت کا اعلیٰ معیار انتہائی مناسب قیمتیں
TIMING: 10am - 9.00 pm.
Mian Zulfiqar Hafeez Owner
2919 Arlington Dr. Alexandria VA-22306 Ph: 703-768-0222

Kidney Specialist
Must See
DR. SAQIB
if you have diabetes, Hypertension, Kidney Stone, Blood in urine or Protein in urine
Javed Saqib M.D 718- 462-7315
693 Coney Island Avenue, Brooklyn, NY 11218

ADVERTISE HERE
Contact
Syeda Raza
Email : razasyeda5@gmail.com

MASHALLAH Grill & RESTAURANT & Sweets
MashAllah Special Breakfast
اسپیشل ناشتہ
لاہوری دال چاول
LAHORI DAAL CHAWAL
Open 24 hours
عمدہ کھانے اور فریش سویٹس کا مرکز
Address: 663 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11218
Phone: (718) 287-0090, +1(718)207-8106

DUNYA Kabab House
GRAND Opening
حلال HALAL 100%
Authentic Afghan Cuisine
Afghan Dishes, Bolani Dishes, Chapli Kabab, Chicken Kabab, Lamb Tikka Kabab, Beef Tikkah Kabab, Chicken Thigh Kabba Jojeh Kabab, Chicken Kofta Kabab, Beef Kofta Kabab, Korma, Mantu, Vegetables, Samosa, Falafel, Chicken Wings, Soup, Drinks
Bring Friends And Family And Enjoy
Ph: 718-483-8451
696 CONEY ISLAND AVE, BROOKLYN, NY 11218

امریکہ میں ہم پاکستان کے سفیر ہیں بالٹی مور کی کمیونٹی ہراول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے چوہدری ماجد ساہی

1984ء کی دہائی میں بالٹی مور کے علاقے میں سکونت اختیار کی اور یہاں آیا بزنس قائم کیا اس وقت یہاں کوئی پاکستانی موجود نہیں تھا آج اس شہر میں 100فیصد پاکستانی موجود ہیں، آج ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم آج بھی پاکستان میں بس رہے ہیں، گیس سٹیشن کے بزنس نے انہیں متحد کردیا ہے یہاں جو بھی پاکستانی نوجوان یا عمر رسیدہ ہو وہ روزگار کی تلاش میں ان سے رابطہ ضرور کرتا ہے، چوہدری ماجد ساہی

چوہدری ماجد ساہی پاکستانی کمیونٹی کا قیمتی سرمایہ ہیں، انہوں نے آج تک ہر ایک شخص کی مالی مدد کی ہے، ریسٹورنٹ بزنس کے ساتھ ساتھ کنسٹریکشن کی فیلڈ میں بھی کام کر رہا ہوں، چوہدری ماجد ساہی کی مجھے مکمل سپورٹ حاصل ہے جس میں کمرشل کنسٹریکشن کا کام بھی شامل ہے، میں مستقبل کی طرف دیکھنے سے قبل چوہدری ماجد ساہی کو فالو کر رہا ہوں اور ان کے تجربات سے فائدہ اٹھاؤں گا، عمر خلیل

مسلم امہ کی بھلائی میرا مشن ہے

چوہدری ماجد ساہی پاکستانی کمیونٹی کا قابل فخر سرمایہ ہیں

میری لینڈ/بالٹی (منظور حسین سے) پاکستان کی لازوال محبت اور وطن عزیز کا تابناک مستقبل میرا ویژن اور مشن ہے۔ کمیونٹی اپ لفٹ ہو، نوجوانوں کو امریکی سیاسی و معاشی دھارے میں لانا اور دکھی انسانیت کی خدمت، آپ کسی چیز سے پیچھے نہیں رہتے۔ یہ ہیں امریکہ میں پاکستان کے عظیم فرزند بالٹی مور میری لینڈ کی متحرک اور ہر دلعزیز شخصیت پاکستانی امریکن چوہدری ماجد ساہی ویسے تو چوہدری ماجد ساہی مقامی اور بین الاقوامی میڈیا کی زینت بنے رہتے ہیں کچھ روز قبل پاکستان کے اس قابل فخر بیٹے سے راقم الحروف کو بھی ملنے کا شرف حاصل ہوا۔ انتہائی دھیمے مزاج کی شخصیت مگر انسانیت کی خدمت کا جذبہ رکھنے والے چوہدری ماجد ساہی امریکہ میں تین دہائیاں گزارنے کے بعد بھی پاکستانیت کا جذبہ اپنے اندر موجزن کئے ہوئے ہیں۔ کباب ولا کے انتہائی خوبصورت ماحول اور انتہائی لذیز کھانے پر مدعو کرنے کے بعد دنیا انٹرنیشنل اور گلوبل ٹی وی کو ایک خصوصی انٹرویو کے دوران ان کا کہنا تھا کہ 1984ء کی دہائی میں بالٹی مور کے علاقے میں سکونت اختیار کی اور یہاں پر بزنس قائم کیا اس وقت یہاں کوئی پاکستانی موجود نہیں تھا آج اس شہر میں 100فیصد پاکستانی موجود ہیں۔ آج ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم آج بھی پاکستان میں بس رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گیس سٹیشن کے بزنس نے انہیں متحد کر دیا ہے یہاں جو بھی پاکستانی نوجوان یا عمر رسیدہ ہو وہ روزگار کی تلاش میں ان سے رابطہ ضرور کرتا ہے۔ چوہدری ماجد ساہی کا کہنا تھا کہ نائن الیون کے بعد بالٹی مور کے حالات بھی خطرناک طور پر بدل گئے تھے جس کے بعد ہمارے پاس ریاست کے گورنر، سینیٹرز اور کانگریس مین، حتی کہ امیگریشن کی ڈائریکٹر بھی ہمارے پاس آئے اور کہا کہ ہم آپ اور آپ کی کمیونٹی کیلئے حاضر ہیں، آپ کی تکالیف کا ازالہ کرنے کیلئے ہم یہاں موجود ہیں۔ یہ ہماری بڑی کامیابی تھی کیونکہ یہ وقت مسلمانوں پر انتہائی مشکل تھا۔ چوہدری ماجد ساہی کا کہنا تھا اس کی بڑی مثال سابق صدر باراک اوبامہ کا بالٹی مور کی مسجد رحمہ میں آنا تھا۔ چوہدری ماجد ساہی کا کہنا تھا کہ وہ اور ان کے دوست ہمہ وقت کمیونٹی کی بہتری اور اپ لفٹ کیلئے تیار رہتے ہیں۔ چوہدری ماجد ساہی کا کہنا تھا کہ انہوں نے 1984ء میں ورجینیا اور بعد ازیں 1994ء میں بالٹی مور میں قیام کیا۔ سب سے پہلے ٹیکسی چلانے کا کام کیا اور ہوٹل میں ویٹر کی نوکری بھی کی آج مجھے اپنے کردار اور اپنے کام کرنے پر فخر ہے اور اللہ نے آج مجھے اپنے درجنوں بزنس خصوصی طور پر گیس سٹیشنز سے نواز ہوا ہے۔ امریکہ میں پاکستان کے سفیر کی حیثیت رکھنے والے چوہدری ماجد ساہی کا کہنا تھا کہ جب انہیں امریکہ کی بڑی شیل کمپنی کے ایوارڈ سے نوازا گیا تو مقامی امریکی میرے گیس سٹیشن پر رک رک کر میرے ساتھ تصاویر بنواتے، یہ میرے ملک وملت کیلئے ایک اعزاز سے کم نہیں تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ بالٹی مور کیمونٹی امریکہ کی صف اول کی کمیونٹی ہے یہاں ہر ایک نے ایک دوسرے کی مدد کی ہے۔ نوجوانوں کو سیاسی و معاشی دھارے میں آگے لانے کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ وہ نوجوانوں کو کامیاب بزنس مین اور کامیاب لیڈر دیکھنا چاہتے ہیں اسی لیے آج عمر خلیل ان کے ساتھ تشریف فرما ہیں۔ چوہدری ماجد ساہی کا تعلق ٹپیالہ گجرات سے ہے ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے حال ہی میں اپنے گاؤں میں ایک ہسپتال کا قیام بھی کیا ہے جبکہ کنجاں کے علاقے میں غربا کیلئے لنگر خانے کا قیام بھی شامل ہے۔ چوہدری ماجد ساہی کا کہنا تھا کہ اپنے علاقے کے نوجوانوں کیلئے کیڈٹ کالج بھی بنانے جا رہے ہیں ان کا کہنا تھا کہ ان کے فرزندان کا قابل فخر سرمایہ ہیں وہ ان سے انتہائی خوش ہیں۔ ماجد ساہی کا کہنا تھا کہ امریکہ میں بزنس کی کوئی لمٹ نہیں انسان کو اپنی قابلیت کی بنیاد اپنا راستہ اختیار کرنا چاہئے اور مسلمانوں کو ہر انسان کی مدد کرنی چاہئے۔ حسد اور نفرت چھوڑ دیں کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ عمر خلیل کے بارے میں ان کا کہنا تھا کہ وہ ایک انتہائی اچھے انسان اور قابل فخر نوجوان ہیں انہیں خوشی ہے کہ وہ دن میں بے شمار امور انجام دینا جانتے ہیں جو ایک خوش کن بات ہے اس موقع پر عمر خلیل کا کہنا تھا کہ چوہدری ماجد ساہی میرے انکل کی طرح ہونے کے علاوہ پاکستانی کمیونٹی کا قیمتی سرمایہ ہیں انہوں نے آج تک ہر ایک شخص کی مالی مدد کی ہے۔ ریسٹورنٹ انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے عمر خلیل کا کہنا تھا کہ ریسٹورنٹ بزنس کے ساتھ ساتھ وہ کنسٹریکشن کی فیلڈ میں بھی کام کر رہے ہیں۔ چوہدری ماجد ساہی کی انہیں مکمل سپورٹ حاصل ہے جس میں کمرشل کنسٹریکشن کا کام بھی شامل ہے۔ وہ مستقبل کی طرف دیکھنے سے قبل چوہدری ماجد ساہی کو فالو کر رہے ہیں اور ان کے تجربات سے فائدہ اٹھائیں گے۔ اس موقع پر چوہدری ماجد ساہی کے انتہائی قابل قدر صاحبزادے محمد ماجد کا کہنا تھا کہ وہ امیگریشن اور سول رائٹس کے شعبے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا مطمع نظر امیگریشن، بزنس اونرز کی لیگل مدد کرنا ہے۔ پولیٹیکل سائنس اور معاشیات میں ڈگری حاصل کرنے والے محمد ماجد کا کہنا تھا کہ ان کا مشن مسلم امہ کی تعمیر وترقی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ریپبلکن لوگوں کو معاشی نظر سے دیکھتی ہے جبکہ ڈیموکریٹ لوگوں کو انسان کے طور پر دیکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اپنی کمیونٹی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ آئس ریڈز کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ لوگوں کو چاہئے کہ وہ اپنی کمیونٹی میں موجود رہیں تاکہ آئس انہیں نشانہ نہ بنا سکے۔ لوگ اس ملک میں خوف کیلئے نہیں بلکہ تابناک زندگی کیلئے آئے ہوئے ہیں۔



فلوٹیلا پر اسرائیلی حملہ عالمی قوانین کی خلاف ورزی، 11 ممالک کا اعلامیہ

گلوبل صمود فلوٹیلا پرامن شہری اور انسانی ہمدردی پر مبنی اقدام تھا، اسکا مقصد غزہ میں جاری انسانی المیے پر توجہ مبذول کرانا تھا

پاکستان، ترکیہ، برازیل، اسپین، ملائشیا، بنگلا دیش، کولمبیا، اردن، لیبیا، مالدیپ اور جنوبی افریقہ کے وزرائے خارجہ کی مذمت

کراچی (نامہ نگار) پاکستان سمیت گیارہ ممالک کی گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی حملے کی مذمت کرتے ہوئے اس کو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ پاکستان، ترکیہ، برازیل، اسپین، ملائشیا، بنگلا دیش، کولمبیا، اردن، لیبیا، مالدیپ اور جنوبی افریقہ کے وزرائے خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیے میں گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی حملے کی شدید مذمت کی گئی ہے۔ گیارہ ممالک نے فلوٹیلا پر اسرائیل کت حملے کو بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا ہے اور بین الاقوامی پانیوں میں امدادی کارکنوں کی غیر قانونی حراست کی شدید الفاظ میں مذمت اور ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ جاری مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ گلوبل صمود فلوٹیلا پر امن شہری اور انسانی ہمدردی پر مبنی اقدام تھا اور اس فلوٹیلا کا مقصد غزہ میں جاری انسانی المیے کی جانب عالمی توجہ مبذول کرانا تھا۔ اعلامیے میں مطالبہ کیا گیا کہ اسرائیلی حکام کارکنوں کی فوری رہائی یقینی بنانے کیلئے ضروری اقدامات کریں۔ عالمی برادری بین الاقوامی قانون کے تحفظ اور شہریوں کے دفاع کیلئے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسرائیلی خلاف ورزیوں پر احتساب یقینی بنانا عالمی برادری کی اخلاقی اور قانونی ذمہ داری ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز اسرائیلی بحریہ نے غزہ کیلئے امداد لے جانے والے صمود فلوٹیلا کو روک کر اس میں شامل متعدد کشتیوں کو گھیر لیا اور امدادی کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔ منتظمین کا کہنا ہے اسرائیلی فوج نے ڈرونز، کمیونیکیشن جیمنگ ٹیکنالوجی اور مسلح اہلکاروں کے ذریعے بحیرہ روم کے وسط میں فلوٹیلا کو روکنے کیلئے کارروائی کی۔ اسرائیلی وزارت خارجہ نے امدادی قافلے کے بیس جہازوں پر سوار 175 کارکنوں کو حراست میں لینے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام افراد کو یونان کے حوالے کیا جائے گا۔

امریکا ایران جنگ 25 ارب ڈالرز خرچ ہوئے، پینٹا گون سربراہ

ایرانی تنصیبات کو شدید نقصان پہنچا تاہم اسکے عزائم اب بھی برقرار ہیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے ایران کے ساتھ جاری جنگ پر کانگریس میں اپنی پہلی عوامی پیشی کے دوران سخت سوالات کا سامنا کیا، اس موقع پر انہوں نے جنگ سے متعلق پالیسی کا بھرپور دفاع کیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق پینٹا گون نے بتایا کہ اب تک اس جنگ پر 25 ارب ڈالرز خرچ ہو چکے ہیں جن میں زیادہ تر اخراجات اسلحے، مشرقِ وسطیٰ میں فوجی تعیناتی اور نقصان زدہ سامان پر ہوئے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران کے جوہری پروگرام کے حوالے سے متضاد بیانات پر بھی وضاحت دی۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی تنصیبات کو شدید نقصان پہنچا ہے تاہم اس کے عزائم اب بھی برقرار ہیں۔ کانگریس میں بحث کے دوران کچھ اراکین نے جنگ کو دلدل قرار دیا جس پر وزیر دفاع نے سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ایسے بیانات دشمن کے بیانیے کو تقویت دیتے ہیں۔ اسی دوران ایران کے شہر میناب میں ایک اسکول پر امریکی حملے میں 120 بچوں کی ہلاکت پر سوال اٹھایا گیا جس پر ہیگسیتھ نے کہا کہ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف نے بتایا کہ جنگ میں 14 امریکی فوجی ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ ایران کو ماضی کے مقابلے میں کمزور قرار دیا گیا۔



لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

ایران جنگ نے امریکا کو ہلادیا، چند دنوں میں اربوں ڈالرز کا نقصان

جنگ کی وجہ سے امریکی عوام پر کم از کم 27.8 ارب ڈالرز کا اضافی مالی بوجھ پڑا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کی گزشتہ کئی دہائیوں پر محیط جنگوں نے نہ صرف انسانی جانوں کو بڑا نقصان کیا بلکہ ملکی معیشت پر بھی بھاری بوجھ ڈالا ہے، جبکہ حالیہ ایران جنگ کو اخراجات کے اعتبار سے سب سے مہنگی جنگ قرار دیا جا رہا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق کوریا کی جنگ سے لے کر افغانستان اور حالیہ ایران تنازع تک لاکھوں افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے جبکہ کھربوں ڈالرز جنگی اخراجات پر خرچ کیے گئے۔ ایک رپورٹ کے مطابق 2001 کے بعد امریکی قیادت میں ہونے والی جنگوں میں 9 لاکھ 40 ہزار افراد ہلاک ہوئے جن میں بڑی تعداد عام شہریوں کی تھی۔ افغانستان جنگ، جو 2001 سے 2021 تک جاری رہی، امریکا کی تاریخ کی طویل ترین جنگ سمجھی جاتی ہے۔ اس دوران 8 لاکھ سے زائد امریکی فوجی تعینات رہے، جن میں 2 ہزار 461 ہلاک اور کم از کم 20 ہزار زخمی ہوئے، تاہم سب سے زیادہ نقصان مقامی آبادی کو برداشت کرنا پڑا۔ رپورٹس کے مطابق حالیہ ایران جنگ، جو 60 دن جاری رہی، اخراجات کے لحاظ سے انتہائی مہنگی ثابت ہوئی۔ جنگ کے ابتدائی 6 دنوں میں ہی 11.3 ارب ڈالرز اسلحے پر خرچ کیے گئے، جبکہ پہلے ہفتے کے اختتام تک یہ رقم 12.7 ارب ڈالرز تک پہنچ گئی۔ بعد ازاں روزانہ اخراجات تقریباً 500 ملین ڈالرز تک رہے۔

57 دن بعد تہران ایئرپورٹ کھل گیا، پروازیں دوبارہ شروع

ایران کو حالیہ جنگ کے دوران بڑے پیمانے پر انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے مرکزی بین الاقوامی ہوائی اڈے خمینی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر 57 روز کی بندش کے بعد پروازوں کی بحالی شروع ہو گئی ہے، جو جنگی حالات کے باعث معطل کر دی گئی تھیں۔ حکام کے مطابق ایرانی فضائی حدود کھولے جانے کے بعد چند روز قبل محدود پیمانے پر فلائٹ آپریشن دوبارہ شروع کیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق معمول کے دنوں میں اس ایئرپورٹ سے روزانہ تقریباً 100 سے 150 پروازیں آپریٹ ہوتی تھیں، تاہم موجودہ صورتحال میں یہ تعداد کم ہو کر 10 سے 15 پروازوں تک محدود ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ فلائٹ آپریشن بتدریج بحال کیا جا رہا ہے اور ایئرپورٹ کے ٹرمینلز میں بھی آہستہ آہستہ سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں۔ یہ بحالی ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب ایران کو حالیہ جنگ کے دوران بڑے پیمانے پر انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا۔ تہران کا ایک اور ہوائی اڈہ مہرآباد، جو زیادہ تر اندرونِ ملک پروازوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، جنگ کے دوران کئی بار نشانہ بنا۔ اس کے علاوہ تبریز اور ارومیہ سمیت دیگر شہروں کے ہوائی اڈے بھی حملوں کی زد میں آئے، جس سے متعدد شہری طیاروں کو نقصان پہنچا۔ ماہرین کے مطابق ایران کا ہوابازی کا شعبہ پہلے ہی طویل عرصے سے پابندیوں کا شکار ہے، جس کی وجہ سے حالیہ نقصانات نے اس نظام پر مزید دباؤ ڈال دیا ہے۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ اگرچہ پروازوں کی بحالی ایک مثبت قدم ہے، لیکن صورتحال ابھی مکمل طور پر معمول پر نہیں آئی۔ ایئرپورٹ پر موجود مسافروں نے ملے جلے جذبات کا اظہار کیا، جن میں امید، بے یقینی اور خدشات شامل ہیں۔ اگرچہ جنگ بندی فی الحال برقرار ہے، تاہم عوام کو اس بات کی فکر لاحق ہے کہ آیا یہ امن دیرپا ثابت ہوگا یا خطے میں دوبارہ کشیدگی جنم لے سکتی ہے۔ یہ بحالی ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب ایران کو حالیہ جنگ کے دوران بڑے پیمانے پر انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا ہے۔ تہران کا ایک اور ہوائی اڈہ مہرآباد، جو زیادہ تر اندرونِ ملک پروازوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، جنگ کے دوران کئی بار نشانہ بنا۔ اس کے علاوہ تبریز اور ارومیہ سمیت دیگر شہروں کے ہوائی اڈے بھی حملوں کی زد میں آئے، جس سے متعدد شہری طیاروں کو نقصان پہنچا۔

بھارتی ایوی ایشن مسلسل تنزلی کا شکار، مودی کی دنیا بھر میں رسوائی

بھارتی فضائی کمپنیوں کی تباہی نے مودی سرکار کے شائننگ انڈیا کا پول کھول دیا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بی جے پی کے کٹھ پتلی وزیراعظم کے دور میں بھارتی ایوی ایشن انڈسٹری مسلسل تنزلی کا شکار ہے، جس کی وجہ سے مودی کو دنیا بھر میں رسوائی اور سبکی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ کے بحران اور پاکستان کی فضائی حدود کی بندش کے باعث بھارتی ایئرلائنز شدید مالی خسارے کا شکار ہیں، ایئر انڈیا، انڈیگو اور سپائس جیٹ جیسی بھارتی فضائی کمپنیوں کی تباہی نے مودی کے شائننگ انڈیا کا پول کھول دیا ہے۔ بھارتی جریدے دی ہندو اور این ڈی ٹی وی کے مطابق مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث ایندھن کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے بھارت کی 3 ایئرلائنز کو بندش کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ ڈی ٹی وی کے مطابق ایئر انڈیا، انڈیگو اور سپائس جیٹ نے حکومت سے ایوی ایشن ٹربائن فیول کی قیمتوں پر نظر ثانی کا مطالبہ کر دیا، خود بھارتی میڈیا نے رپورٹ کیا ہے کہ جیٹ ایندھن کی قیمتوں میں کسی بھی غیر منظم اضافہ ایئرلائنز کے لیے ناقابل برداشت نقصانات کا باعث بن رہا ہے۔

کراچی، چیئرمین پیپلزپارٹی بلاول بھٹو، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد شاہ و دیگر تقریب کے دوران قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

جوہری معاہدے تک ناکہ بندی برقرار رہے گی، صدر ٹرمپ

ایران کی بحری ناکہ بندی بمباری سے زیادہ موثر ہے، امریکی صدر ڈٹ گئے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی پیشکش مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جوہری معاہدے تک ناکہ بندی برقرار رہے گی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق وائٹ ہاؤس حکام نے بتایا کہ امریکی صدر ٹرمپ کی تیل کمپنیوں کے اعلیٰ حکام سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات کے دوران ایران ناکہ بندی طویل ہونے کی صورت میں عالمی آئل مارکیٹ پر مشاورت ہوئی، ٹرمپ نے تیل قیمتوں میں استحکام کیلئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان وائٹ ہاؤس نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل کرنے نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ محاصرہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک ایران معاہدے پر راضی نہیں ہوتا، ایران سے ایسا معاہدہ چاہتے ہیں جس میں ایٹمی پروگرام پر ہمارے خدشات دور ہوں۔ امریکی صدر نے کہا کہ ایران کی بحری ناکہ بندی بمباری سے زیادہ موثر ہے، ایران ان کی وجہ سے تیل برآمد کرنے سے قاصر ہے اور ان کے حالات بد سے بدتر ہو رہے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ ہمارے محاصرے کی وجہ سے ایران کا دم شدید گھٹ رہا ہے، ایران کی تیل ذخیرہ کرنے کی تنصیبات، پائپ لائنیں پھٹنے کے قریب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران پر دوبارہ حملے شروع کرنے کا کوئی حکم جاری نہیں کیا ہے۔

دوست ممالک اپنا پیسہ واپس مانگ لیں
تو ملک ڈیفالٹ ہو جائے گا، محمد زبیر

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنما محمد زبیر نے کہا کہ یو اے ای نے ساڑھے 3 ارب ڈالرز مانگے تو گھبراہٹ شروع ہو گئی تھی، دوست ممالک اپنا پیسہ واپس مانگ لیں تو ملک ڈیفالٹ ہو جائے گا۔ اسلام آباد میں سلمان اکرم راجہ اور اسد قیصر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے محمد زبیر نے کہا کہ معیشت کے آگے جانے کا آخری سہارا غیر ملکی دوست ممالک رہ گئے ہیں، ہمارے پاس موجود کل ریزرو 16 بلین ڈالرز ہیں، 16 میں سے ساڑھے 12 بلین ڈالرز دوست ممالک کے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی کامیابی جی ڈی پی سے ہوتی ہے، گزشتہ 4 سال میں جی ڈی پی ملک کی بدترین جی ڈی پی رہی۔

آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کو جدید دنیا سے
جوڑنے کیلئے ایک اور اہم سنگ میل عبور

مظفر (نامہ نگار) اسپیشل کمیونی کیشن آرگنائزیشن (ایس سی او) نے وادی اشکومن، سانڈی، ضلع غذر کے دشوار گزار راستوں کے باوجود 4 جی سروس فراہم کر دی۔ اسپیشل کمیونی کیشن آرگنائزیشن کے تحت دور افتادہ علاقوں میں ڈیجیٹل کنیکٹوٹی مقامی ترقی کی جانب اہم قدم ہے۔ وادی اشکومن اور سانڈی میں 4 جی سروس کی اپ گریڈیشن ترقی، عزم اور خدمت کے جذبے کی روشن مثال ہے۔ ایس سی او نے رابطوں کی بہتری، تعلیم اور روزگار کے مواقع کی فراہمی کیلئے 4 جی سروسز کی اپ گریڈیشن کو ممکن بنایا۔ مقامی شہریوں نے کہا کہ ایس سی او کی کوششوں اور انٹرنیٹ اپ گریڈیشن کے باعث علاقے میں ڈیجیٹل سروسز کے معیار میں بے پناہ بہتری آئی ہے۔ شہری نے کہا کہ ایس سی او کے جدید نیٹ ورک کے بدولت اب ہم اپنے گاؤں میں رہ کر بھی پوری دنیا سے جڑے ہوئے ہیں، تیز رفتار انٹرنیٹ کا قیام طلبہ اور اساتذہ کے لیے ایک سنگ میل ہے، امید ہے کہ وہ اس سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔

روس میں نیا ڈیجیٹل پروگرام
ٹائم ٹو لوان رشیا متعارف

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس نے لیبر کی کمی کے پیش نظر غیر ملکی کارکنوں کو متوجہ کرنے کے لیے نیا ڈیجیٹل پروگرام ٹائم ٹو لوان رشیا متعارف کرا دیا۔ اس بات کا اعلان روسی وزارت خارجہ نے گزشتہ روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کیا۔ وزارت نے کہا کہ اس پروگرام کے ذریعے غیر ملکی شہری ملک میں رہائش اور ملازمت کے لیے آن لائن درخواست دے سکیں گے۔ اس پروگرام کا مقصد ایسے غیر ملکی افراد کو راغب کرنا ہے جو مطلوبہ مہارت رکھتے ہوں اور روسی روایتی اقدار کا احترام کرتے ہوں، پروگرام کے تحت سائنس دان، کاروباری افراد، کھلاڑی، تحقیقی شعبوں سے وابستہ افراد، باصلاحیت طلبہ و گریجویٹس، سرمایہ کار اور دیگر ماہرین درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔

وزیراعظم نے اپنا گھر سکیم کا اجراء
کر دیا، اہل افراد میں چیک تقسیم

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعظم اپنا گھر سکیم کا باضابطہ اجرا کرتے ہوئے قرض کے لیے اہل افراد کے درمیان بینک چیک تقسیم کر دیئے۔ وزیراعظم اپنا گھر سکیم کے تحت ایک کروڑ روپے تک قرض آسان شرائط پر دیا جا رہا ہے، اس سکیم کا اطلاق چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنا گھر سکیم کے تحت قرض حاصل کرنے والے کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دی اور کہا کہ وزیراعظم اپنا گھر سکیم کی تقریب میں شرکت میرے لیے باعث مسرت ہے، چھت کی فراہمی مقدس فریضہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست یا کسی بھی حکومت کیلئے عام آدمی کو چھت فراہمی انتہائی اہمیت کی حامل ہے، عام آدمی کو چھت کی فراہمی ہماری حکومت کی ترجیح ہے، گھر ہو تو اپنا ہو، اس حوالے سے یہ تقریب انتہائی یادگار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وزیراعظم اپنا گھر سکیم کے تحت 20 سال کیلئے قرض دیا جائے گا۔

پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کے پھیلاؤ
میں تشویشناک حد تک اضافہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کے پھیلاؤ میں تشویشناک حد تک اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ عالمی ادارہ صحت کی رپورٹ کے مطابق پاکستان، بھارت اور چین مل کر عالمی ہیپاٹائٹس سی کا 39 فیصد بوجھ رکھتے ہیں، پاکستان ان 10 ممالک میں شامل ہے جہاں ہیپاٹائٹس سی سے 58 فیصد اموات رپورٹ ہوئیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ دنیا بھر میں 2024ء میں ہیپاٹائٹس بی اور سی سے 13 لاکھ 40 ہزار اموات ہوئیں، ہیپاٹائٹس بی اور سی دنیا کی مہلک ترین بیماریوں میں شامل ہیں۔ ڈبلیو ایچ او نے بتایا کہ 2024ء میں دنیا بھر میں 18 لاکھ نئے ہیپاٹائٹس کیسز سامنے آئے۔

امریکا، ایران سے رابطے برقرار، امن کیلئے
بھرپور کوشش کر رہے ہیں، دفتر خارجہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کیلئے بھرپور سفارتی کوششیں کر رہا ہے، وزیراعظم کے ایران، سعودی عرب، قطر سمیت دیگر ممالک کی قیادت سے رابطے ہوئے ہیں۔ نیوز بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ ترکیہ کے صدر نے وزیراعظم پاکستان کی امن کوششوں کو سراہا، ترکیہ پاکستان کی امن کوششوں کی مسلسل حمایت کر رہا ہے، وزیراعظم نے ایران کا وفد اسلام آباد بھیجنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا ایران اور سعودی عرب کی قیادت سے بھی رابطہ ہوا، شہباز شریف نے سعودی ولی عہد کی پاکستان کیلئے مسلسل حمایت پر شکریہ ادا کیا، پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ اور مضبوط تعلقات ہیں، دونوں ممالک سٹریٹجک دفاعی شراکت دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی سے ملاقات کی، قطری قیادت نے خطے میں کشیدگی کم کرنے میں پاکستان کے کردار کو سراہا، وزیراعظم سے یورپی کونسل کے صدر کی بھی بات ہوئی، دونوں رہنماؤں نے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا۔

لاہور: چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم جسٹس امجد جاوید گھرال کو ریٹائرمنٹ کے موقع پر الوداعی تقریب میں گلدستہ دے رہی ہیں

جنگ ختم نہیں ہوئی، افواج ہر وقت تیار ہے، ترجمان ایرانی فوج

دوبارہ جنگ کی صورت میں فیصلہ کن جواب دینگے، نئے اہداف کا تعین کیا جا چکا

جنگ کے دوران 170 سے زائد دشمن ڈرونز اور 16 لڑاکا طیاروں کو مار گرایا

ایران کی مسلح افواج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمی نیا نے کہا ہے کہ ملک کی افواج مکمل طور پر تیار ہیں اور موجودہ صورتحال کو جنگ کے خاتمے کے طور پر نہیں دیکھا جا رہا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق انہوں نے واضح کیا کہ اگرچہ میدان میں وقتی خاموشی یا جنگ بندی جیسی صورتحال پیدا ہوئی، تاہم ایران نے امریکا اور دیگر دشمنوں پر عدم اعتماد کے باعث اپنی جنگی تیاریوں کو برقرار رکھا ہے اور نئے اہداف کا تعین بھی کر لیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق جنگ سے قبل انٹیلی جنس جائزوں کی بنیاد پر تمام فوجی یونٹس کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا تھا۔ انہوں نے اصفہان میں پیش آنے والے ایک واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دشمن کی دراندازی کی کوشش کے دوران ایرانی زمینی افواج نے فوری کارروائی کرتے ہوئے امریکی طیاروں کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں دشمن کی کارروائی ناکام ہو گئی۔ انہوں نے مزید دعویٰ کیا کہ جنگ کے دوران ایران کے قومی فضائی دفاعی مرکز کے تحت کام کرنے والے یونٹس نے 170 سے زائد دشمن ڈرونز اور 16 لڑاکا طیاروں کو مار گرایا۔ اس کے علاوہ ایرانی فضائیہ نے ابتدائی مرحلے میں عراق، کویت اور قطر میں دشمن کے اڈوں کو بھی نشانہ بنایا۔ ترجمان نے ایک امریکی میڈیا رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایرانی فضائیہ کے ایک ایف-5 طیارے نے مختلف دفاعی حصار عبور کرتے ہوئے ایک امریکی اڈے کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔

راولپنڈی، وزیراعلیٰ پنجاب کے مشیر علی مصطفیٰ ڈار تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایران کی بندرگاہوں کا محاصرہ جاری رکھا ہوا ہے، امریکی سینٹ کام

بحری جہاز یو ایس ایس ابراہم لنکن کی جدید ٹیکنالوجی سے حفاظت کر رہے ہیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے بحیرہ عرب میں طیارہ بردار بحری جہاز ابراہم لنکن کے گزرنے کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کوپر نے اس بات کی دوبارہ تصدیق کی کہ ایران کے خلاف فوجی کارروائیوں نے بڑی کامیابی حاصل کی ہے اور اشارہ کیا کہ امریکی سینٹرل کمانڈ کی افواج خبردار اور مکمل تیاری کی حالت میں ہیں۔ سینٹ کام نے وضاحت کی کہ امریکی افواج آبنائے ہرمز کے گرد محاصرے کی کارروائیاں کر رہی ہیں، جس میں 12 سے زائد بحری جہاز، 100 سے زائد طیارے اور تقریباً 10 ہزار فوجی استعمال کیے جا رہے ہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے ایرانی بندرگاہوں کے بحری محاصرے اور بحیرہ عرب میں تعیناتی کے دوران طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس ابراہم لنکن کی تصاویر بھی جاری کی ہیں۔ سینٹ کام کا کہنا تھا کہ طیارہ بردار جہاز لنکن کو آٹھ ایف 35 اسٹیلتھ لڑاکا طیاروں، ایف اے 18 لڑاکا طیاروں، ایم ایچ 60 ہیلی کاپٹروں کے علاوہ الیکٹرانک جارحانہ طیاروں، کمانڈ اینڈ کنٹرول اور قبل از وقت خبردار کرنے والے طیاروں کی مدد حاصل ہے۔

نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان بیساکھی میلے میں آنے والے سکھ یاتریوں کو یادگاری سووینئر پیش کر رہے ہیں۔

طالبان کی نااہلی، افغان بچے تاحیات معذوری کے دہانے پر آگئے

طالبان رجیم کی غفلت کے باعث افغانستان میں پولیو کیسز میں اضافہ ہونے لگا

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) طالبان رجیم کی ہٹ دھرمی اور نااہلی نے افغان بچوں کو تاحیات معذوری کے دہانے پر لا کھڑا کیا۔ افغان طالبان رجیم کی نااہلی اور غفلت کے باعث افغانستان میں پولیو کیسز میں اضافہ ہونے لگا۔ طالبان رجیم کی لاپرواہی سے خطے میں موذی وباء کے پھیلنے کا خدشہ ہے، جس پر عالمی ادارے نے خطرے کی گھنٹی بجا دی۔ افغان میڈیا خامہ پریس کے مطابق یونیسف نے افغانستان میں پولیو کے پھیلاؤ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انسداد پولیو مہم تیز کرنے پر زور دیا۔ یونیسف کے مطابق افغانستان میں 5 سال سے کم عمر کے ہر بچے کے لیے پولیو ویکسینیشن انتہائی ضروری ہے۔ افغانستان میں صحت کے اداروں کو بدامنی، سیکیورٹی مسائل اور دور دراز علاقوں تک رسائی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ماہرین کے مطابق طالبان کی سخت گیر پالیسیوں کی وجہ سے انسداد پولیو مہم ناکام اور صحت عامہ کے مسائل دن بدن سنگین ہوتے جا رہے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ پولیو مہم جیسے حساس انسانی مسئلے کو بھی طالبان رجیم نے اپنی سیاسی انا اور شدت پسندانہ نظریات کی بھینٹ چڑھا دیا ہے۔ افغان میڈیا خامہ پریس کے مطابق یونیسف نے افغانستان میں پولیو کے پھیلاؤ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انسداد پولیو مہم تیز کرنے پر زور دیا۔ یونیسف کے مطابق افغانستان میں 5 سال سے کم عمر کے ہر بچے کے لیے پولیو ویکسینیشن انتہائی ضروری ہے۔ افغانستان میں صحت کے اداروں کو بدامنی، سیکیورٹی مسائل اور دور دراز علاقوں تک رسائی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ماہرین کے مطابق طالبان کی سخت گیر پالیسیوں کی وجہ سے انسداد پولیو مہم ناکام اور صحت عامہ کے مسائل دن بدن سنگین ہوتے جا رہے ہیں۔

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے قازقستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں۔

غزہ میں اسرائیلی بمباری جاری، بچوں سمیت 11 فلسطینی شہید

شمالی غزہ میں ہوئے حملوں میں 3 اور 14 سال کے دو بچے جان کی بازی ہار گئے

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملے جاری ہیں اور تازہ کارروائیوں میں کم از کم 11 فلسطینی شہید ہو گئے جن میں معصوم بچے بھی شامل ہیں۔ غزہ کی سول ڈیفنس اتھارٹی کے مطابق شمالی غزہ میں ہونے والے حملوں میں 3 اور 14 سال کے دو بچے جان کی بازی ہار گئے۔ ترجمان محمود بصال کے مطابق غزہ سٹی میں ایک پولیس گاڑی کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 4 افراد شہید ہوئے، جن میں ایک 3 سالہ بچہ بھی شامل تھا۔ دوسری جانب غزہ کی وزارت داخلہ نے تصدیق کی کہ اسرائیلی جنگی طیاروں نے شہر کے مرکزی علاقے میں پولیس گاڑی پر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں متعدد افراد جاں بحق اور زخمی ہوئے جبکہ ایک پولیس اہلکار کی شہادت بھی رپورٹ ہوئی۔ اس کے علاوہ شمالی علاقے بیت لاہیا میں اسرائیلی فائرنگ سے ایک شہری شہید ہوا جبکہ شام کے وقت غزہ سٹی کے شاطی پناہ گزین کیمپ کے قریب ایک چوک پر ڈرون حملہ کیا گیا، جس میں کئی افراد نشانہ بنے۔ الشفا ہسپتال کے مطابق شاطی کیمپ میں ہونے والے ڈرون حملے کے بعد 5 لاشیں ہسپتال منتقل کی گئیں۔ واضح رہے کہ اکتوبر 2025 سے جاری جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی کارروائیاں نہیں رکیں، اور اس دوران اب تک تقریباً 760 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔ 7 اکتوبر 2023 سے جاری جنگ میں مجموعی طور پر 72 ہزار 336 فلسطینی شہید جبکہ 2 ہزار 111 سے زائد افراد زخمی ہو چکے ہیں۔

غزہ کی بحالی و تعمیرِ نو کیلئے 10 برس میں 71 ارب ڈالرز سے زائد درکار

ابتدائی 18 ماہ میں بنیادی سہولتوں کی بحالی، اہم انفرا اسٹرکچر کی تعمیر اور معیشت کی بحالی کیلئے 26.3 ارب ڈالرز درکار ہونگے

انفرا اسٹرکچر کو پہنچنے والا نقصان 35.2 ارب ڈالرز اور معاشی و سماجی نقصانات 22.7 ارب ڈالرز تک پہنچ چکے ہیں، رپورٹ

نیویارک (نیوز ڈیسک) اقوام متحدہ اور یورپی یونین کی مشترکہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ غزہ کی بحالی اور تعمیرِ نو کے لیے آئندہ 10 برسوں میں 71 ارب ڈالرز سے زائد درکار ہوں گے۔ غزہ ریپڈ ڈیمیج اینڈ نیڈز اسیسمنٹ (RDNA) کی جاری رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جنگ کے باعث انسانی ترقی کو تباہ کن نقصان پہنچا ہے اور فوری طور پر بھاری مالی وسائل کی ضرورت ہے۔ رپورٹ کے مطابق ابتدائی 18 ماہ میں بنیادی سہولتوں کی بحالی، اہم انفرا اسٹرکچر کی تعمیر اور معیشت کی بحالی کے لیے 26.3 ارب ڈالرز درکار ہوں گے، جبکہ انفرا اسٹرکچر کو پہنچنے والا نقصان 35.2 ارب ڈالرز اور معاشی و سماجی نقصانات 22.7 ارب ڈالرز تک پہنچ چکے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی اگرچہ اکتوبر میں طے پائی، تاہم اسرائیلی فوج پر اس کی بار بار خلاف ورزی کے الزامات عائد کیے جا رہے ہیں، یہ تنازع حماس کے 7 اکتوبر 2023 کے حملوں کے بعد شروع ہوا تھا۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق اسرائیلی کارروائیوں میں اب تک 72 ہزار 500 سے زائد افراد شہید ہو چکے ہیں، جبکہ جنگ بندی کے بعد بھی 777 افراد جان سے جا چکے ہیں، اپریل کے آغاز سے اب تک 132 اموات رپورٹ ہوئی ہیں۔ غزہ کے گورنمنٹ

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 20»

آبنائے ہرمز کی بندش، تجارتی راستوں میں بڑی تبدیلیاں

سمندری رسائی متاثر، کنٹینر ٹریفک کو بڑے پیمانے پر زمینی راستوں پر منتقل کر دیا گیا

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث عالمی سمندری تجارتی راستوں میں بڑی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں اور سمندری رسائی متاثر ہونے کے بعد اب کنٹینر ٹریفک کو بڑے پیمانے پر زمینی راستوں پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ الجزیرہ ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق جہاز مالکان نے خلیجی ممالک تک خوراک اور صنعتی سامان پہنچانے کے لیے سمندر کے بجائے ٹرکوں کا سہارا لینا شروع کر دیا ہے۔ خلیجی ساحلی ممالک تک براہِ راست سمندری رسائی معطل ہونے کے بعد متبادل لاجسٹک راستے مکمل طور پر فعال کر دیے گئے ہیں۔ اس نئی صورتحال میں سعودی عرب کی بندرگاہ جدہ ریڈی ایک نئے علاقائی تجارتی مرکز کے طور پر ابھر رہی ہے۔ ایم ایس سی، سی ایم اے سی جی ایم، مرسک اور کوسکو جیسی بڑی شپنگ کمپنیوں کے جہاز نہر سوئز کے ذریعے جدہ پہنچ رہے ہیں، جہاں سے کارگو کو صحرائی شاہراہوں کے ذریعے شارجہ، بحرین اور کویت منتقل کیا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق عمان کی صحار بندرگاہ جبکہ متحدہ عرب امارات کی خورفکان اور فجیرہ بندرگاہیں بھی متبادل تجارتی راستوں کے طور پر استعمال کی جا رہی ہیں۔ دوسری جانب اردن کی عقبہ بندرگاہ عراق کے شہروں بغداد اور بصرہ تک سامان پہنچانے کا اہم مرکز بن گئی ہے، جبکہ ترکیہ کے ذریعے شمالی عراق تک تجارتی راہداری کو بھی فعال کر دیا گیا ہے۔

MOU BETWEEN
PBIT AND

لاہور: پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت کے سی ای او ذیشان شبیر رانا اور چینی کمپنی کے سی ای او مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں۔

ایران سے تیل خریدنے والے ممالک پر پابندیاں لگیں گی، امریکہ

چین ممکنہ طور پر ایران سے تیل کی خریداری روک دے گا، امریکی وزیر خزانہ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ نے خبردار کیا ہے کہ جو ممالک ایران کا تیل خریدیں گے انہیں بھی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جبکہ واشنگٹن نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ چین ممکنہ طور پر ایران سے تیل کی خریداری روک دے گا۔ امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ نے وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن نے دیگر ممالک کو آگاہ کر دیا ہے کہ اگر وہ ایران کا تیل خرید رہے ہیں یا ان کے بینکوں میں ایرانی رقوم موجود ہیں تو ان پر پابندیاں عائد کی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کی جانب سے ایران کے خلاف سمندری ناکہ بندی پیر کے روز شروع کی گئی اور جنگ ساتویں ہفتے میں داخل ہو چکی ہے، چین اس سے قبل ایران کے برآمد کیے گئے تیل کا 80 فیصد سے زائد خریدتا رہا ہے، توقع ہے کہ اس ناکہ بندی کے نتیجے میں چینی خریدار عارضی طور پر ایرانی تیل کی خریداری روک دیں گے۔ امریکی محکمہ خزانہ نے چین کے دو بینکوں کو خط لکھ کر متنبہ کیا ہے کہ اگر ایران کے اکاؤنٹس کے ذریعے ایرانی رقوم کی ترسیل ثابت ہوئی تو ان پر بھی پابندیاں عائد کی جائیں گی۔ امریکا کی جانب سے ایران کے خلاف سمندری ناکہ بندی پیر کے روز شروع کی گئی اور جنگ ساتویں ہفتے میں داخل ہو چکی ہے، چین اس سے قبل ایران کے برآمد کیے گئے تیل کا 80 فیصد سے زائد خریدتا رہا ہے، توقع ہے کہ اس ناکہ بندی کے نتیجے میں چینی خریدار عارضی طور پر ایرانی تیل کی خریداری روک دیں گے۔

امریکا نے مہنگے جاسوس ڈرون کے تباہ ہونے کی تصدیق کر دی

بغیر پائلٹ نگرانی کرنیوالا طیارہ 9 اپریل کو خلیج فارس کے علاقے میں تباہ ہوا تھا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی نیوی نے خلیج فارس میں اپنے جدید اور انتہائی مہنگے جاسوس ڈرون کی تباہی کی تصدیق کرتے ہوئے اسے حادثہ قرار دیا ہے، تاہم مختلف ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ ڈرون ایرانی فضائی دفاع نے مار گرایا تھا۔ ایرانی نیوز ایجنسی پریس ٹی وی کے مطابق امریکی نیوی کے مطابق MQ-4C ٹرائٹن نامی بغیر پائلٹ نگرانی کرنے والا طیارہ 9 اپریل کو خلیج فارس کے علاقے میں تباہ ہوا۔ حکام نے اس واقعے کو میشپ یعنی حادثہ قرار دیا ہے، تاہم اس کے اسباب کے بارے میں تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔ ڈرون کے اچانک آن لائن فلائٹ ٹریکنگ سسٹم سے غائب ہونے کے بعد متعدد ذرائع نے دعویٰ کیا کہ اسے ایرانی فضائی دفاعی نظام نے نشانہ بنایا۔ اگرچہ اس دعوے کی باضابطہ تصدیق نہیں کی گئی، لیکن واقعے نے خطے میں کشیدگی سے متعلق خدشات کو بڑھا دیا ہے۔ ایم کیو 4-سی ٹرائٹن ایک انتہائی جدید اور قیمتی ڈرون ہے، جس کی مالیت تقریباً 23 کروڑ 50 لاکھ سے 25 کروڑ ڈالر کے درمیان بتائی جاتی ہے۔ اس کی زیادہ قیمت کے باعث اب تک صرف 20 طیارے ہی سروس میں شامل کیے گئے ہیں۔ یہ ڈرون طویل فاصلے تک سمندری نگرانی کی صلاحیت رکھتا ہے اور 13 ہزار کلومیٹر سے زائد رینج کے ساتھ وسیع علاقے پر مسلسل نظر رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس میں جدید ریڈار سسٹم، الیکٹرو آپٹیکل اور انفرا ریڈ سینسرز نصب ہوتے ہیں جو سمندر میں جہازوں اور دیگر اہداف کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔

ٹرمپ کی پوسٹیں دیکھ کر لگتا ہے ان کا توازن بگڑ چکا، امریکی پروفیسر

ٹرمپ دھوکے یا طاقت کے ذریعے کامیاب ہو سکتا ہے، یہ دراصل ایک فرد کا شو ہے

بگوٹا (مانیٹرنگ ڈیسک) کولمبیا یونیورسٹی کے پروفیسر اور معروف ماہر معاشیات پروفیسر جیفری سکس نے ایران کشیدگی، ناکام مذاکرات اور موجودہ امریکی پالیسی سازی کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جیفری سکس نے اس صورتحال کو غیر منظم، غیر شفاف اور افراتفری پر مبنی قرار دیا اور صدر ٹرمپ کی ذات، رویے اور ذہنی کیفیت کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ میرے خیال میں یہ سب کچھ کسی گہری یا انتہائی ذہین حکمت عملی کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ اس میں ایک طرح کی افراتفری شامل ہے۔ اب دوبارہ آبنائے ہرمز بھی بند نہیں ہوگی، چین اس کے بدلے ایران کو ہتھیار فراہم نہ کرنے کیلئے رضامند ہو گیا: ٹرمپ پروفیسر جیفری سکس کے مطابق درحقیقت امریکا کہنا بھی عجیب لگتا ہے کیونکہ یہ امریکا نہیں بلکہ ایک شخص ہے، وہ سمجھتا ہے کہ وہ دھمکی، دباؤ اور شور شرابے کے ذریعے اپنا مقصد حاصل کر سکتا ہے، یہ جزوی طور پر ایک فریب ہے، وہ شروع سے یہی سوچتا آیا ہے کہ وہ مطالبات کرے، دھمکیاں دے، بمباری کرے اور اس کے نتیجے میں اسے کامیابی مل جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے لگتا ہے وہ واقعی اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ وہ دھوکے یا طاقت کے ذریعے کامیاب ہو سکتا ہے، یہ دراصل ایک فرد کا شو ہے، میرے خیال میں ایک وہمی اور نااہل ایک شخص، یہ سب کچھ ایک شخص ڈونلڈ ٹرمپ کے گرد گھوم رہا ہے، میں اس میں کوئی گہری حقیقت نہیں دیکھتا سوائے اس کے کہ ایک نااہل، وہمی بوڑھا آدمی شور مچا رہا ہے، دھمکیاں دے رہا ہے۔

کراچی، ڈی آئی جی سیکورٹی ڈاکٹر مقصود احمد امریکی قونصل جنرل کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

ہمارے رہنماؤں کے قتل کے ذمہ دار امریکہ و اسرائیل ہیں، ایران

امریکا و اسرائیل نے جو کچھ کیا وہ بین الاقوامی امن اور سلامتی کیخلاف جرم ہے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ اپنے رہنماؤں کے قتل کا ذمے دار امریکا اور اسرائیل کو ٹھہرائیں گے۔ روسی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امریکا و اسرائیل نے جو کچھ کیا ہے وہ بین الاقوامی امن اور سلامتی کے خلاف جرم ہے۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکا و اسرائیل کے یہ حملے جنگی جرم ہیں جو انسانیت کے خلاف بھی جرم ہیں۔ واضح رہے کہ امریکا و اسرائیل کی جانب سے ایران پر کیے گئے حملوں میں متعدد سینئر سیاسی و عسکری شخصیات شہید ہو چکی ہیں، جس سے ایران کی اعلیٰ قیادت کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ آیت اللہ علی خامنہ ای، جو 1989ء سے مضبوط و طاقتور ایرانی سپریم لیڈر رہے اور امریکا و اسرائیل کے خلاف سخت مؤقف کے لیے جانے جاتے تھے، 28 فروری کو ان کی رہائش گاہ پر ہونے والے امریکی و اسرائیلی فضائی حملے میں 86 برس کی عمر میں شہید ہو گئے۔ ان کی 3 دہائیوں سے زائد طویل حکمرانی کے دوران سیکیورٹی اداروں کے ذریعے اقتدار کو مستحکم کیا گیا اور ایران کے علاقائی اثر و رسوخ میں اضافہ ہوا، تاہم جوہری پروگرام پر تنازعات کے باعث مغربی ممالک کے ساتھ کشیدگی برقرار رہی۔

نارمل پاسپورٹ اب 21 دن کی
بجائے 14 دن میں جاری ہوگا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ملک بھر میں نارمل پاسپورٹ کا اجراء 21 دن سے کم کر کے 14 دن کر دیا گیا ہے۔ جمعرات کو وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں وفاقی سیکرٹری داخلہ، ڈی جی پاسپورٹ و امیگریشن اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس دوران وزیر داخلہ نے بزنس پاسپورٹ کے اجراء کے نظام کو جلد حتمی شکل دینے کی ہدایت کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ نارمل پاسپورٹ کا اجراء 21 دن سے کم کر کے اب 14 دن کر دیا گیا ہے، پاسپورٹ دفاتر میں مکمل کیش لیس سسٹم رائج ہوگا۔ اس کے علاوہ پاسپورٹ کی گھروں کی دہلیز تک ڈیلیوری کے نظام کو مزید موثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر داخلہ

امن پسندوں پر حملے قابلِ قبول
نہیں، انتونیو گوتریس

نیویارک (منظور حسین سے) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کا کہنا ہے کہ امن پسندوں پر حملے قابل قبول نہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی عبوری فورس پر حملے کی مذمت کرتا ہوں۔ ان کا کہنا ہے کہ لبنان میں امن پسندوں کی شہادت کا یہ حالیہ ہفتوں میں تیسرا واقعہ ہے، یہ حملے بند ہونے چاہئیں۔

پرمٹ کے بغیر حج کرنیوالوں کیلئے
بھاری جرمانوں اور سزاؤں کا اعلان

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی وزارت داخلہ نے حج پرمٹ کے بغیر حج کرنے والے غیر ملکیوں کے لیے جرمانوں اور سزاؤں کا اعلان کر دیا۔ غیر قانونی طور پر حج کرنے والوں کو ملک بدر کرنے سمیت دس سال تک سعودی عرب میں داخلے پر پابندی عائد کر دی جائے گی۔ سعودی وزارت داخلہ نے اعلان کیا ہے کہ ایسے وہ تمام اقامہ ہولڈرز غیر ملکی شہری جو غیر قانونی طور پر مکہ مکرمہ میں داخل ہونے، مکہ مکرمہ میں قیام اور ایام حج میں پکڑے گئے ان کے خلاف 20 ہزار ریال سے ایک لاکھ ریال جرمانے کی سزا تجویز کی گئی ہے۔

تھائی لینڈ میں واٹر فیسٹیول کے
دوران 191 ہلاکتیں

بینکاک (این این آئی) تھائی لینڈ میں نئے سال کے موقع پر منائے جانے والے مشہور واٹر فیسٹیول کے دوران اموات میں تشویشناک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جہاں صرف ابتدائی تین دنوں میں 191 سے زائد افراد ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اس سال دنیا کی سب سے بڑی واٹر فائٹ کہلانے والا یہ تہوار خوشیوں کے بجائے حادثات، تیز رفتاری اور نشے میں ڈرائیونگ کے باعث ایک المناک شکل اختیار کر گیا ہے۔ حکام کے مطابق اب تک 951 ٹریفک حادثات رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ 900 سے زائد افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق پہلے ہی دن 51 افراد مختلف حادثات میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

افغان طالبان کیخلاف عوامی
تحریکیں زور پکڑنے لگیں

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) طالبان رجیم کی پالیسیوں نے افغانستان کو عالمی تنہائی میں دھکیل دیا ہے۔ افغان میڈیا کے مطابق نیشنل ریزسٹنس فرنٹ کے رہنما احمد مسعود نے کہا کہ افغانستان میں طالبان کا دور ختم ہونے کے قریب ہے۔ طالبان رجیم کے تسلط کیخلاف عوامی تحریکوں کا اتحاد اور ہم آہنگی ہی بہترین حکمت عملی ہے۔ احمد مسعود نے کہا کہ مختلف افغان سیاسی گروہ افغان طالبان رجیم کیخلاف بنیادی اصولوں پر متفق ہیں، ہماری اصل طاقت عوام ہے، عوام افغان طالبان رجیم کے سازشی پروپیگنڈے میں نہ آئیں۔

لبنان کے متعدد قصبے و دیہات
اسرائیلی بمباری سے تباہ ہو گئے

بیروت (مانیٹرنگ ڈیسک) لبنان کے متعدد قصبے اور دیہات بڑے پیمانے پر اسرائیلی بمباری سے تباہ ہو گئے۔ لندن سے برطانوی میڈیا کے مطابق 2 مارچ سے اب تک کم از کم 1,400 عمارتیں تباہ کی جا چکی ہیں۔ برطانوی میڈیا کے مطابق تباہ شدہ لبنان تک اسرائیل نے زمینی رسائی محدود کر دی ہے۔ لبنان میں اصل تباہی، سیٹلائٹ تصاویر سے کہیں زیادہ ہو سکتی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شہری علاقوں کی منظم تباہی بین الاقوامی قانون کے تحت جنگی جرم کے زمرے میں آ سکتی ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق لبنان میں اسرائیلی حملوں سے 12 لاکھ سے زائد شہری بے گھر ہو چکے ہیں۔ ادھر عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج نے لبنان کے علاقے مروجین میں پبلک اسکول کی عمارت کو مکمل تباہ کر دیا۔

امریکی ڈیموکریٹس کے اسرائیل کے
ساتھ تعلقات غیر معمولی گراوٹ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی سینیٹ نے اسرائیل کو ہتھیاروں اور بلڈوزروں کی فروخت روکنے کی دو قراردادیں مسترد کر دیں تاہم ڈیموکریٹس کی ایک بڑی اکثریت نے اقلیت کا ساتھ دیا جو اسرائیل کے بارے میں پارٹی کے موقف میں ایک بنیادی تبدیلی کی عکاسی کرتا ہے۔ سینیٹ کے 47 ڈیموکریٹ ارکان میں سے 40 نے 295 ملین ڈالر مالیت کے بلڈوزروں کی فروخت روکنے کی قرارداد کے حق میں ووٹ دیا۔ اس مہم کا آغاز کرنے والے سینیٹر برنی سینڈرز نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ بلڈوزرز مغربی کنارے، غزہ اور لبنان میں گھر گرانے کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ دوسری جانب سینیٹ کے 59 ارکان، جن میں زیادہ تر ریپبلکن تھے، نے اس فروخت کو روکنے کی مخالفت کی۔ 36 ڈیموکریٹس نے ایک اور قرارداد کی حمایت بھی کی ہے جس کا مقصد اسرائیلی فوج کو 152 ملین ڈالر مالیت کے ایک ہزار پاؤنڈ وزنی بموں کی فروخت روکنا تھا۔ برنی سینڈرز کا موقف ہے کہ یہ بم غزہ اور لبنان میں استعمال ہوں گے۔ اس فروخت کو روکنے کی قرارداد کے خلاف 63 سینیٹرز نے ووٹ دیا۔

معاشی ترقی کا سفر رک گیا مشکل وقت سے سرخرو ہو کر نکلیں گے، وزیراعظم

پاکستان نے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی اور قیام امن کیلئے متواتر کوششیں کیں جو جاری ہیں، مسائل بن کر کھڑے ہیں

سعودی عرب کے تعاون سے ساڑھے تین ارب ڈالر کا بیرونی قرضہ چکا دیا، کفایت شعاری اقدامات جاری رہیں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے مشرق وسطیٰ میں ہونے والی جنگ نے ہماری دو سال کی اجتماعی معاشی کاوشوں کو نقصان پہنچایا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا پاکستان نے خطے میں امن کے قیام کے لیے صدق دل سے کوششیں کیں، ایران اور امریکا کے درمیان بات

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 2»

IAEA ہیڈکوارٹر میں پاکستان کیلئے ایک اہم سفارتی پیشرفت

پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے نوتعینات چیئرمین کا پرتپاک استقبال

ویانا (نیوز ڈیسک) عالمی جوہری ادارے کے ہیڈکوارٹر ویانا میں پاکستان کیلئے ایک اہم سفارتی پیشرفت ہوئی ہے۔ ویانا میں پاکستانی سفارتخانے کی پریس ریلیز اور سوشل میڈیا

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 1»

لاہور: تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ واپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور پی ٹی آئی رہنماء پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

سابق سینیٹر مشتاق احمد کو اسرائیلی حراست سے رہائی مل گئی

فلسطینی بھائیوں بھرپور حمایت جاری رہے گی، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ غزہ کے محصورین کیلئے گلوبل صمود فلوٹیلا کے ذریعے انسانی امداد لے جانے والے کارکنوں سمیت غیرقانونی طور پر حراست میں لیے گئے سابق سینیٹر مشتاق احمد کو قابض اسرائیلی فورسز سے آزاد کرادیا گیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ الحمداللہ، مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ سابق سینیٹر مشتاق احمد کو رہا کر دیا گیا ہے جنہیں اسرائیلی قابض فورسز نے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 3»

انٹرنیٹ کی بہتری سے تعلیم وصحت میں انقلاب آئے گا، شزا فاطمہ

کیش لیس معیشت میں شفافیت بڑھتی ہے اور دھوکے کے امکانات کم ہوتے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ معیاری انٹرنیٹ سروس کی فراہمی سے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں بہتری آئے گی اور فاصلے کم ہوں گے۔ یورپی یونین پاکستان بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے شزا فاطمہ نے کہا کہ 2016 میں 3G اور 4G انٹرنیٹ سروسز کا آغاز کیا گیا، جس کے بعد ملک میں موبائل فون استعمال کرنے والوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت کو انٹرنیٹ بند کرنے کا کوئی شوق نہیں اور نہ ہی ان کے پاس ایسا کوئی اختیار ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ کیش لیس معیشت میں شفافیت بڑھتی ہے اور دھوکے کے امکانات کم ہوتے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 4»

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے آسکر ایوارڈ یافتہ پاکستان نژاد فلم ساز شرمین عبید چنائے ملاقات کررہی ہیں۔۔۔۔۔

پنجاب فلم سٹی پراجیکٹ پاکستان کا پہلا "اینڈ ٹو اینڈ" میڈیا پروڈکشن ہب بنے گا

وزیراعلیٰ مریم نواز سے پاکستانی نژاد فلمساز، جرنلسٹ شرمین عبید چنائے کی ملاقات

لاہور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اکیڈمی ایوارڈ (آسکر) یافتہ پاکستانی نژاد فلمساز، جرنلسٹ شرمین عبید چنائے نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عالمی شہرت یافتہ فلمساز شرمین عبید چنائے کا خیر مقدم کیا اور شرمین عبید چنائے کی پیشہ ورانہ کامیابیوں اور مہارت کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صحافیانہ دستاویزی فلم سازی سے سماجی مسائل اجاگر کرنے کے عمل کو قابل تحسین قرار دیا۔ فلمساز شرمین عبید چنائے نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی فن وثقافت کیلئے خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ ملاقات میں این ایس آئی ٹی سٹی میں پنجاب فلم سٹی کے منصوبے پر تبادلہ خیال اور اشتراک کار پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب فلم سٹی پراجیکٹ پاکستان کا پہلا "اینڈ ٹو اینڈ" میڈیا پروڈکشن ہب بنے گا۔ پنجاب فلم سٹی پراجیکٹ میں فلم، ٹی وی، ڈیجیٹل میڈیا وی ایف ایکس اور پوسٹ پروڈکشن کی سہولت فراہم کریں گے۔ پنجاب فلم سٹی میں جدید اسٹوڈیوز، ساؤنڈ اسٹیجز، پوسٹ پروڈکشن لیبز، شوٹنگ سپاٹ، جھیل بھی بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب فلم سٹی میں کنونشن ہال، میڈیا ٹریڈ ہب اور فلم و میوزک اسکول بھی بنا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پی ایچ اے کو بینار پاکستان، ڈیجیٹل ہسٹری میوزیم کی بحالی کی ہدایت بھی کی ہے۔ فلمساز شرمین عبید چنائے نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف بہت اچھا کام کر رہی ہیں۔ دہائیوں بعد بسنت فیسٹیول کا انعقاد وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوش کا مرہون منت ہے۔ بسنت میلے میں ہالی وڈ کی نمایاں شخصیات بھی دلچسپی کا اظہار کرچکی ہیں۔

وزیراعلیٰ کے پی کی زیرصدارت قبائلی عمائدین کا گرینڈ لویہ جرگہ

پشاور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی کی زیراصدارت وزیراعلیٰ ہاؤس پشاور میں قبائلی عمائدین کا گرینڈ لویہ جرگہ منعقد ہوا۔ جرگہ ڈرون حملوں، مسلسل بدامنی اور قبائلی اضلاع میں امن وامان کی خراب صورتحال کے پیش نظر طلب کیا گیا، جس میں قبائلی مشران، منتخب نمائندے، سینیٹرز، اپوزیشن اراکین، علمائے کرام اور دیگر عمائدین نے شرکت کی۔ شرکاء نے ڈرون حملوں کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان اور خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں کی اموات پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ نے اپنے خطاب میں چیک پوسٹس پر عوام کے ساتھ ناروا سلوک پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس طرزعمل سے عوام میں بے چینی بڑھ رہی ہے۔

پاکستان میں مہنگائی 21 ماہ کی بلندترین سطح پر پہنچ گئی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزارت خزانہ کے ملک میں مہنگائی کے حوالے سے تخمینے غلط ثابت ہوگئے ہیں جہاں سالانہ بنیاد پر اپریل میں مہنگائی کی شرح ڈبل ڈیجٹ کے ساتھ 10.89 فیصد اور مہنگائی کی سالانہ شرح 21 ماہ کی بلندترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری رپورٹ کے اعدادوشمار کے مطابق ملک میں مہنگائی وزارت خزانہ کے تخمینے سے بھی زیادہ ہوگئی ہے اور اپریل 2026 میں مہنگائی میں 2.48 فیصد کے بڑے اضافے کے ساتھ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی میں اضافے کی شرح 10.89 فیصد تک پہنچ گئی ہے جبکہ وزارت خزانہ کی جانب سے ایک روز قبل جاری کردہ اقتصادی آؤٹ لک رپورٹ میں حکومت نے اپریل میں مہنگائی 8 سے 9 فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا تھا۔

مائنس عمران بھول جاؤ آئین کا تحفظ اور عمران خان کی رہائی تحریک شروع کرنے کا اعلان

ہم خانہ جنگی نہیں کریں گے، ہمیں جدو جہد نہ کرنے دی گئی تو پھر ہم کہیں گے جیلیں کھول دیں، آپ کی جیلیں بھر جائیں گی

عمران خان کی رہائی کے لئے اجلاس کے بعد محمود اچکزئی، سلمان اکرم راجہ، اسد قیصر، لطیف کھوسہ کی مشترکہ پریس کانفرنس

لاہور (نامہ نگار) تحریک تحفظ آئین اور پاکستان تحریک انصاف نے بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی اور آئین کے تحفظ کے لئے تحریک شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری کسی سے کوئی دشمنی نہیں، ہم لڑائی جھگڑے والے لوگ نہیں، فیصلہ کرلیا ہے کہ گلی گلی جائیں گے، مائنس عمران خان کا ماحول بنایا جارہا ہے، ایسی ہر کوشش کی مزاحمت کی جائے گی، اداروں سے کہتے ہیں کہ سیاست آپ کا کام نہیں۔ عمران خان کی رہائی کے لئے اجلاس کے بعد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود اچکزئی تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ، اسد قیصر، سردار لطیف کھوسہ، عمر ڈار اور حقوق خلق پارٹی کے عمار جان نے مشترکہ پریس کانفرنس کی۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ تمام ادارے برباد ہو چکے ہیں، دنیا میں کہیں نہیں سنا کہ کسی پارٹی کا انتخابی نشان لے لیا جائے، بانی چیئرمین پی ٹی آئی اس ملک کا سب سے مقبول لیڈر ہے، یہاں آج وفاداریاں نہ بیچنے والے غدار ہیں۔ ہم کہتے ہیں پاکستان میں منتخب پارلیمنٹ ہو، طاقت کا سرچشمہ پارلیمنٹ ہو، فیصلے منتخب پارلیمنٹ کرے، ہماری کسی سے کوئی دشمنی نہیں ہے، ہم لڑائی جھگڑے والے لوگ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف، شہباز شریف، آصف زرداری، عمران خان بڑے آدمی ہوں گے لیکن سب سے بڑا پاکستان ہے، ہم نے فیصلہ کرلیا ہے کہ گلی گلی جائیں گے، ہم اداروں سے کہتے ہیں کہ سیاست آپ کا کام نہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 5»

جمائما گولڈ سمتھ کی ایک بار پھر ارب پتی تاجر سے شادی کی تیاری

جمائمہ اس سے قبل سابق وزیراعظم پاکستان عمران خان کی اہلیہ رہ چکی ہیں

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) سکرین رائٹر، پروڈیوسر اور عمران خان کی سابق اہلیہ جمائما گولڈ سمتھ مبینہ طور پر دوبارہ شادی کے بندھن میں بندھنے جارہی ہیں، اور اس بار ان کا رشتہ ڈبلن میں پیدا ہونے والے بزنس مین کیمرون اوریلی سے جوڑا جارہا ہے۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق جمائما گولڈ سمتھ گزشتہ 12 ماہ سے کیمرون اوریلی کے ساتھ رشتے میں ہیں، جو ایک ارب پتی فنانسر اور معروف بزنس مین ہیں، بتایا گیا ہے کہ دونوں نے منگنی کرلی ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ 62 سالہ کیمرون اوریلی بین الاقوامی رگبی کھلاڑی سرانتھونی اوریلی کے بیٹے ہیں، جمائما اور وہ اس وقت ایک ساتھ رہ رہے ہیں اور اپنا وقت سوئٹزرلینڈ میں کیمرون کے گھر اور لندن میں جمائما کے گھر کے درمیان گزرتا ہے۔ جمائما اور کیمرون کی پہلی ملاقات دستاویزی فلموں سے متعلق کام کے دوران ہوئی تھی اور ابتدا میں وہ دوست رہے، ایک قریبی دوست نے کہا کہ وہ تقریباً ایک سال سے ساتھ ہیں، کیمرون ایک نہایت نجی شخصیت ہیں اور جمائما ان کی نجی زندگی کو محفوظ رکھنا چاہتی ہیں۔ مزید بتایا گیا

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 6»

وزیراعظم شہباز شریف کا مئی میں دورہ چین کا فیصلہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے مئی میں دورہ چین کا فیصلہ کیا ہے جس سے پاک چین اعلیٰ سطح روابط میں مزید تیزی متوقع ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے دورے میں دوطرفہ تعلقات اور اقتصادی تعاون پر بات چیت ہوگی، سی پیک منصوبوں پر پیش رفت ایجنڈے کا اہم حصہ ہوگا۔ شہباز شریف کی چینی قیادت سے اہم ملاقاتیں ہوں گی، مشرق وسطیٰ بحران سے متعلق چینی قیادت کو اعتماد میں لیں گے۔ علاقائی و عالمی صورتحال پر بھی مشاورت ہوگی، امریکہ ایران معاملہ بھی زیر بحث آئے گا۔۔۔۔

SMART CARE PHARMACY
سمارٹ فارمیسی
- We Accept All Insurances Including Medicaid
- We Do Fax, Copy, Print and DMV Vision Test
- We Accept OTC Card

We Accept EBT Card
We Do Free Delivery
We Speak English, Urdu, Punjabi and Arabic
MUHAMMAD FARHAN
Fax: 347-374-5118
Email: Smartcare164@gmail.com
Ph: 347-374-5117
1324 Coney Island Ave. Brooklyn, NY 11230

MANHATTAN
REPRODUCTIVE MEDICINE
INFERTILITY CLINIC IN MANHATTAN • MANHATTANIVF, COM
We Help Our Patient Become Happy Parents
بانجھ پن اب لاعلاج مرض نہیں
Hope for the Hopeless couples
آپ کے اپنے جرثومے ہی استعمال کر کے اولاد پیدا کرنے میں مدد کی جاتی ہے
مرد یا عورت میں بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت پر شبہ ہے؟
بچہ پیدا کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے؟
حمل گر جاتا ہے؟ حمل ٹھہرتے ہی ضائع ہو جاتا ہے؟
میڈیکل سائنس ان تمام مشکلات کا حل رکھتی ہے
FREE CONSULTATION WITH THIS ADD
ALL TREATMENTS FOR MALE AND FEMALE INFERTILITY IN VITRO FERTILIZATION
Pregnancy Losses
Miscarriages Sex Selection
ہم اپنے مریضوں کو خوش اور مطمئن والدین بننے میں مدد کرتے ہیں
اس اشتہار کا حوالہ دینے والوں کو مفت مشورہ کی سہولت دی جائے گی
مناسب پیمنٹ پلان کی سہولت
Ph: 212-794-0080
159 E 74 Street, Suite C New York NY 10021

باواجی نیچرل کیورز
TREATMENT WITH NATURAL HERBS
گھٹنوں کے درد کے گارنٹی شدہ علاج کیلئے جڑی بوٹیوں کا مرکب تیل دیگر بیماریوں کا بھی قدرتی علاج
Contact:
+1-443-889-5317

LA LUNA
Halal Mexican & American Grill
حلال HALAL
LA LUNA GRILL POLLO A LA BRASA
سموک ٹاؤن روڈ، ووڈبرج ورجینیا میں حلال ٹاکوز، فہیتاز، کیسہ ڈیا سوپ اور اعلیٰ مزے مزے کے کھانوں کیلئے تشریف لائیں
پارٹی ہال موجود ہے
WE DELIVER!
$ 20 Minimum Delivery
we are also availabe on: DOORDASH
Tell: 703-491-2112, 703-897-1919
Fax: 703-897-1010, Web: www.lalunava.com
13760 Smoketown Road, Woodbridge VA

خوشخبری خوشخبری خوشخبری
NY بینکویٹ ہال
NY BANQUET HALL
آپ کے تمام ایونٹس کیلئے خوبصورت اور کشادہ ہال
ووڈبرج، ورجینیا میں خوبصورت ہال کا
شاندار افتتاح
NY BANQUET HALL FOR 300 PEOPLE
300 افراد کی گنجائش
WE DO CATERING. BANQUET HALL AVAILABLE FOR ALL KIND OF PARTIES. RENT OUR BANQUET HALL FOR ALL FUNCTIONS

ووڈبرج ورجینیا میں حلال امریکن اور پاکستانی کھانوں کا ایک ہی نام
NEW YORK PIZZA GRILL KABOB
حلال HALAL
100% ذبیحہ حلال
ITALIAN • PAKISTANI • AFGHAN • INDIAN FOOD
Delivery - Take Out - Dining - Banquet Hall
Mithai For Catering Orders
Timings: Monday to Friday Special Lunch Buffet 11:00 AM to 3:00 PM
شادی بیاہ، سالگرہ و دیگر تقریبات کی کیٹرنگ کے لیے رابطہ کریں
عامر: 703-517-9085
Please Call Ahead
NYPizzaGrillKabob.com
Order Online: 703-670-2222
13600 Foulger Square, Woodbridge VA 22192

Classified Section

Web: www.dunyaint.com

Contact
718-509-5522
443-370-0804
917-348-3974
412-583-0142
0300 956 8514

Email
vniwvssamad@yahoo.com
razasyeda5@gmail.com

اسپیشل ڈیلز کیلئے
Weekly Dunya International
کی ٹیم سے رابطہ کریں

اپنے بزنس کے ہر قسم کے اشتہارات کی کم قیمت
اور اپنی خواہش کے مطابق ڈیزائننگ اور تشہیر وغیرہ

خوبصورت اپارٹمنٹ
برائے رینٹ

فرسٹ فلور پر واقع، 4 عدد خوبصورت رومز
1.5 باتھ روم، ویل فرنشڈ
کرائے پر دستیاب ہے

Ph: 718-509-5522

DJ SID
- Bollywood songs
- Pakistani song Weeding
- American weeding songs

We even provide sound system too

Contact at 718 509 5522 Facebook page Djsid89

ضرورت ہے

امریکہ کے ایک پرائیوٹ نیوز چینل کو خاتون اینکر پرسن کی ضرورت ہے جس کو انگلش اور اُردو زبان پر عبور حاصل ہو اور ایک عدد ویڈیو ایڈیٹر کی بھی ضرورت ہے

خواہشمند خواتین رابطہ کریں

Ph: 718-509-5522
Email: manzhussain72@yahoo.com

پاکستان اور چین کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

پاکستان اور چین کے درمیان 75 سالہ دوستی پر مبنی دستاویزی فلم دکھائی گئی

سانیا (نیوز ڈیسک) پاکستان اور چین کے اداروں کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدے پر دستخط کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں صدر پاکستان آصف علی زرداری نے شرکت کی، سید قاسم نوید قمر، چیف سیکرٹری سندھ علی حسن بروہی اور پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی بھی موجود تھے۔ دونوں ملکوں کے درمیان تعمیراتی مشینری، صحت حیوانات اور میڈیکل ٹیکنالوجی سے متعلق معاہدوں پر دستخط کیے گئے، سہ فریقی تعاون سے سی پیک سے متعلق تعمیراتی مشینری اور آلات کی فراہمی کو فروغ حاصل ہوگا، فریقین پاکستان میں فیکٹریوں کے قیام کیلئے سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لیں گے۔ قبل ازیں پاک چین 75 سالہ دوستی پر مبنی دستاویزی فلم دکھائی گئی۔ تقریب میں الحسن ٹریڈ اسٹیبلشمنٹ، سیتی انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ اور ہینان جیالونگ انٹرنیشنل ٹیکنالوجی میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے، سینیٹر سلیم مانڈوی والا، نائب صدر سیتی گروپ اور چیئرمین نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔

منہ کینسر کی شرح پاکستانی مردوں میں زیادہ ہونے کا انکشاف

کراچی میں گٹکے کے زیادہ استعمال کی وجہ سے شرح 30 فیصد تک ہے، رپورٹ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) صحت کے بین القوامی ادارے ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پورے جنوبی ایشیا میں منہ کے کینسر کی شرح پاکستانی مردوں میں سب سے زیادہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں اس کینسر کی شرح تقریباً 4 فیصد ہے جبکہ کراچی میں گٹکے کے زیادہ استعمال کی وجہ سے یہ شرح 30 فیصد تک ہے، کراچی میں ہر پانچواں شخص گٹکا، مین پوری اور ماوا کا عادی ہے۔ شرافی گوٹھ پولیس نے 2021 میں محمد طاہر نامی ایک ملزم کو گرفتار کیا تھا۔ پولیس کے مطابق ان کے گھر سے بھاری مقدار میں گٹکا اور ماوا بنانے کا سامان برآمد کیا گیا تھا، ان میں ماوا پیکنگ مشین، ماوا مکسنگ مشین، 100 کلوگرام گیلی چھالیہ، 6600 گرام تمباکو، 20 کلو چونا، 64 کلو چائنا پاؤڈر، 26 کلو کیمیکل اور 15500 گرام تیار شدہ ماوا شامل تھا۔ سندھ ہائی کورٹ میں ملزم محمد طاہر کی درخواست ضمانت تو مسترد ہوگئی تھی لیکن گٹکے کا کاروبار کرنے والے اکثر ملزمان سزاؤں سے بچ جاتے ہیں۔

امریکہ میں سیاسی پناہ، قانونی حیثیت اور امیگریشن حاصل کریں

اگر آپ کا امیگریشن کیس، وکیل یا کسی اور وجہ سے خراب ہو گیا ہے تو امریکہ میں قانونی حیثیت، امیگریشن پیپرز کی پروفیشنل طریقے سے تیاری اور تکمیل، کیس فائلنگ، پاکستانی کمیونٹی اپنے تمام تر قانونی مسائل، خاص طور پر مرحوم سٹیزن کی بیوہ اور بچوں کے قانونی مسائل چاہے وہ پاکستان میں ہوں یا امریکہ میں، ہم سے رابطہ کریں

رابطہ: Ph: 718 509 5522
Email: manzhussain72@yahoo.com

Sam's Studio
DIGITAL PHOTO GRAPHY

- ہر قسم کے بزنس کی ٹی وی کمرشل
- ویب سائٹ ڈیزائننگ
- بزنس اینی میشن ڈیزائننگ
- پوسٹر فلائرز، بزنس کارڈ، سائن بورڈ
- کیلنڈرز کی گرافک ڈیزائننگ

شادی بیاہ، سالگرہ، اور دیگر تقریبات کے قیمتی لمحات کی جدید اور کم قیمت میں مووی بنوانے کیلئے رابطہ کریں۔

BOOTA DHOOL / بوٹا ڈھول

Cell: 718-509-5522, 917-348-3974 Email: manzhussain72@yahoo.com

نیویارک، کورین کشیدگی پر پاکستان کا اظہار تشویش، مذاکرات پر زور

سلامتی کونسل خطے میں استحکام کیلئے موثر سیاسی عمل کی حمایت کرے، پاکستانی مندوب

اقوام متحدہ (عبدالصمد خان سے) کورین جزیرہ نما میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور شمالی کوریا کے جوہری اور بیلسٹک میزائل پروگرام پر تشویش کے پیش نظر پاکستان نے تنازعات کے حل کے لیے سفارتی مذاکرات اور مکالمے پر زور دیا ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ فریقین کے درمیان مذاکرات کی بحالی وقت کی اہم ضرورت ہے اور اشتعال انگیز بیانات واقدامات سے گریز کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کورین جزیرہ نما کو جوہری ہتھیاروں سے پاک بنانے، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد اور عالمی عدم پھیلاؤ کے اہداف کی حمایت کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حالیہ سفارتی پیش رفت کو آگے بڑھاتے ہوئے بنیادی تنازعات کے حل کے لیے بات چیت کا سلسلہ دوبارہ شروع کیا جانا چاہیے۔

خصوصی نوٹ:

قارئین کرام: اگر آپ اپنی تعلیمی، مذہبی، سماجی، سیاسی تقریبات، مصنوعات کی تشہیر، کمیونٹی خدمات و کوریج، خواتین اپنے مسائل و الجھنیں، رشتہ مسائل، قانونی مشاورت وعلماء کرام سے رہنمائی اور تعلیمی کاوشیں دنیا انٹرنیشنل کے صفحات پر لانا چاہیں تو دنیا انٹرنیشنل کی نمائندہ، کالم نگار و ایڈیٹر لیڈیز ایڈیشن سیدہ رضا صاحبہ سے رابطہ کریں۔

Email: razasyeda5@gmail.com www.dunyaint.com

ضرورت رشتہ

امریکہ میں مقیم دوسری شادی کے خواہشمند 58 سالہ پاکستانی امریکن، جن کی پہلی بیوی وفات پا چکی ہیں کو خاتون کا رشتہ درکار ہے

رابطہ کریں:
718 509 5522
Email: manzhussain72@yahoo.com

ضروری اعلان

کوئنز، فلشنگ اور گردونواں میں بسنے والے پاکستانی، بنگلہ دیشی اور انڈین اپنے بزرگ مرد حضرات کیلئے حلال سینئر سنٹر کیلئے رابطہ کریں
بزرگ افراد کیلئے تمام سہولیات دستیاب ہیں

برائے رابطہ
718-509-5522

ضرورت رشتہ

45 سال تک کی بیوہ یا طلاق شدہ خاتون کا رشتہ درکار ہے
سنجیدہ افراد رابطہ کریں

رابطہ کریں:
718 509 5522

قصاب کو جاب کی ضرورت ہے

تیس سالہ تجربہ کے حامل انتہائی پروفیشنل قصاب کو جاب کی ضرورت ہے

سنجیدہ افراد رابطہ کریں

347 827 6130

ADVANCE MEDICAL OFFICE

Dr. Arshad Anwar
Internal Medicine
(Board Certified)

WE TAKE CARE OF YOUR GOOD HEALTH

ایڈوانس میڈیکل آفس

DR. ARSHAD ANWAR
Internal Medicine (Board Certified)
DR. NAHEED ANJUM
Internal Medicine (Board Certified)

جس میں آپ کی تمام جسمانی بیماریوں کے علاوہ E,K,G بلڈ ٹیسٹ، یورین ٹیسٹ، PFT-ECHO DIABETIES (24 HOURS) ہالٹر ہارٹ پرابلم، جوڑوں کا درد، سانس پھولنے کی بیماری کے علاج کے علاوہ TLC سکول فزیکل ٹیسٹ

حج وعمرہ کی ویکسین بھی کی جاتی ہے

3064 CONEY ISLAND AVE
1235 FIRST FLOOR
PH: 718-769-0506

795 Coney Island Ave
Brooklyn NY 11218
PH: 718-287-1811

Tell: 718-284-6091 Fax: 347-529-0491



AMERICAN HERBAL NUTRITION & SKIN CARE NATURAL WAY
Tel: 718-581-3898 Find me on facebook
U-Tube: HakeemMohammadHussain
Website: www.hamdardherbal.com; E-Mail: aftay91@gmail.com

ماہر طب مشرق وطب نبوی حکیم سید محمد حسین

مطب ہمدرد پاکستان کے تجربہ یافتہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی طبیہ کالج سے اضافی تجربہ کے حامل اور امریکن ہربل اسکول کے سند یافتہ ہربالسٹ۔ خواتین کے مسائل کو سننے کیلئے خاتون موجود ہیں۔

جسمانی، ذہنی، نفسیاتی امراض ● امراضِ مردانہ وزنانہ ● بچوں میں بھوک نہ لگنے کا مرض۔

ذہنی پسماندگان اور معذور بچوں کی ذہنی نشوونما اور جسمانی بہتری کیلئے قدرتی طریقہ علاج تجویز کیا جاتا ہے

بالٹی مور اور ورجینیا میں رہائش پذیر افراد کیلئے خوشخبری: حکیم صاحب ہر ماہ بالٹی مور اور ورجینیا آیا کریں گے۔ ملاقات ومشورہ کیلئے 718-581-3898 پر رابطہ کر کے دن معلوم کر لیں۔

Fight against Heart Disease, High Blood Pressure, Stroke.
Cardio Vital Liquid
Artery Cleanse Capsule
Zincon Dandruff Shampoo
To Solve Urinary & Prostate Problem.
For Premature ejaculation, Sexual Dysfunction.
AJWA DATES SEEDS TABLETS

To protect yourself from COVID, use Organic Natural Product and follow Natural Health Code of Healthy Living.

حکیم سید محمد حسین کا پیغام صحت ساری اُمت مسلمہ کیلئے: نماز میں کئی بیماریوں کا علاج موجود ہے، نماز اچھی طرح قائم کیجئے تاکہ آپ جسمانی اور ذہنی طور پر تندرست وصحت مند رہیں اور روحانی برکات سے فیض یاب ہوں۔

Need Progress / Inspector Call us

Mumtaz Hussain
Professional Engineer (NY) LIC. NO. 102028
Registered with department of buildings (NYC)
Special Engineer / Progress Inspector
64 church avenue Brooklyn New York 11218
347-725-6504
mumtazhussain1960@gmail.com

ONLINE QURAN

Courses Offered
- Quran Reading (Basic to Advanced)
- Quran with Tajweed
- Nazra Quran
- Hifz-ul-Quran
- Noorani Qaida
- Islamic Studies
- Duas & Daily Supplications
- Basic Arabic for Quran Understanding
- Salah (Prayer) Method & Masnoon Duas
- Quran Translation (Basic Level)

One-to-One Online Classes Flexible Timings
For Children & Adults
aiquranacademy.com

Contact: +92 346 1155267 | +44 7590 925099

UMRAH SERVICES

عمرہ کے خواہشمند خواتین وحضرات کیلئے Economic Package ہم آپ کے لئے پیش کرتے ہیں اور آپ کی خواہش کو یقینی بناتے ہیں۔

Ph: 718-581-3898



A&S Digital Wireless, Inc

WE FIX ALL KIND OF PHONES
WE UNLOCKED PHONE
SEND TOP NOTCH PHONES
TO YOUR LOVED ONES

MOBILE REPAIR

فون اسیسریز کی ہر قسم کی ورائٹی کیلئے دکان میں ضرور تشریف لائیں

Ask For Mughal or Safee
Authorized Dealer
T-Mobile Lycamobile SIMPLE Mobile ultra mobile H2O WIRELESS BOSS REVOLUTION

● پاکستان کیلئے Calling کا بہترین پیکج
● Talk Text & Data
Unlimited Telenor
Pakistan $20 /Month

ہمارے پاس بڑی تمام کمپنیوں کے موبائل فون اور PRE-PAID کارڈ دستیاب ہیں

Latest Phones And Accessories Available
- Prepaid Phone, Services

Unlimited Talk, Text, Data
- Cellular Phones & Plans

Phone bill Payments
- No Credit - No Problem
- No Debit - No Contract
- $10 Unlimited Calls and Text

ہم پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں رقم ٹرانسفر کرتے ہیں

منی ٹرانسفر
Money Transfer

ہم فون فکس کرانے کے ساتھ ٹیبلٹس اور آئی فون بھی ٹھیک کرتے ہیں

We Customize T-shirts
Construction, Sports, Birthdays, Schools Or Any Events.

Put Your Logo Here
Customize T-Shirts Here

Open 7 Days

Tel: 718-769-0418, Fax: 718-769-3167
3070-A Coney Island Ave Brooklyn, NY 11235
E-mail: asdigital3070@gmail.com

ADVERTISE HERE
Contact : Syeda Raza
Email : razasyeda5@gmail.com



Syed Zabeeh Hussaini, MD
BRIGHTON MEDICAL PRACTICE, PC
Specialize in Family Practice
Specialize in Adult Medicine
We Do Medical Marijuana
We Participate With Most Major Insurance

ڈاکٹر سید ذبیح حسینی (فیملی میڈیسن)
بڑوں کے ڈاکٹر

امیگریشن چیک اپ	ٹیکسی اور لیموزین چیک اپ	کھانسی، بخار	آنکھ، ناک، گلے کا انفیکشن	جنرل چیک اپ
جلدی امراض	پیٹ کی بیماریاں	جنسی بیماریاں	جوڑوں کا درد	حج اور عمرہ کی ادویات

Timing: Monday to Wednesday 01:00 pm to 06:00 pm / Friday 10:00 am to 01:00 pm
706 BANNER AVE BROOKLYN NY 11235 - Ph: 718-368-3092
1199 Ocean Avenue, 11230 Ph: 718-859-7446

MOON-BEAUTY SALON

ہمارے پاس میک اپ، فیشل، ہیئر کٹ، کلر اور ویکس بھی کی جاتی ہے۔
ہم تھریڈنگ بھی کرتے ہیں

پارٹی میک اپ اور دلہن کا میک اپ بھی کیا جاتا ہے۔
209 Neptune Avenue, Brooklyn, NY 11235
Tel: 718-332-2298

مفت اشتہار شائع کروائیں

امریکہ کی دو بڑی ریاستوں نیویارک اور واشنگٹن ڈی سی سے بیک وقت شائع ہونے والے اور امریکہ کی 15 ریاستوں میں ڈیلیور کیے جانے والے کثیر الاشاعتی ہفتہ روزہ دنیا انٹرنیشنل میں 3 ہفتے کے بعد چوتھے ہفتے کلاسیفائڈ ایڈ مفت شائع کروائیں

Ph: 718 509 5522 (انتہائی موزوں ڈسکاؤنٹ کے ساتھ)

وقت آگیا ہے آئینی ترمیم کا بھرپور دفاع کیا جائے، مولانا فضل الرحمن

ایک طرف آئین کی بالادستی کی بات کی جاتی ہے دوسری جانب پارلیمنٹ کو ربڑ اسٹیمپ بنا دیا گیا جو جمہوری اصولوں کے منافی ہے

مہنگائی اور لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا، حکومت عوامی مسائل حل کرنے میں ناکام دکھائی دیتی ہے، سربراہ جے یو آئی کی گفتگو

جیکب آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ آئین، صوبائی خودمختاری اور اٹھارہویں آئینی ترمیم کا بھرپور دفاع کیا جائے اور ان میں کسی قسم کی مداخلت ہرگز قبول نہیں کی جائے گی، جے یو آئی کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہر صورت آئین اور صوبوں کے حقوق کی حفاظت کرے گی ان کا کہنا تھا کہ مہنگائی اور لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے جبکہ حکومت عوامی مسائل حل کرنے میں ناکام دکھائی دیتی ہے، مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ایک طرف آئین کی بالادستی کی بات کی جاتی ہے لیکن دوسری جانب پارلیمنٹ کو محض ربڑ اسٹیمپ بنا دیا گیا ہے جو جمہوری اصولوں کے منافی ہے، انہوں نے این ایف سی ایوارڈ، اٹھارہویں ترمیم اور صوبائی خودمختاری کو صوبوں کا آئینی حق قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان میں تبدیلی کی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 7»

پاکستان میں عیدالاضحیٰ 27 مئی

بروز بدھ کو ہونے کا امکان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) رویت ہلال ریسرچ کونسل کی جانب سے پاکستان میں عیدالاضحیٰ 27 مئی بروز بدھ کو ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ رویت ہلال ریسرچ کونسل کے سیکرٹری جنرل خالد اعجاز مفتی کے مطابق سائنسی اعداد و شمار کی رو سے پاکستان میں بدھ 27 مئی کو عیدالاضحیٰ منائے جانے کا قوی امکان ہے۔ کونسل کے مطابق پاکستان میں نئے چاند کی پیدائش 16 اور 17 مئی کی درمیانی شب پاکستانی وقت کے مطابق ایک بج کر 15 منٹ پر ہوگی۔ خالد اعجاز مفتی نے کہا کہ 17 مئی کی شام غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر پاکستان کے بیشتر علاقوں میں 18 گھنٹے سے کچھ زیادہ ہوگی جو رویت ہلال کیلئے موزوں سمجھی جاتی ہے۔ اگر 17 مئی کی شام ملک بھر میں بادل ہوئے اور چاند نظر نہ آسکا تو ذی القعدہ کے 30 دن مکمل کیے جائیں گے اور پھر یکم ذی الحجہ 19 مئی (بروز منگل) کو ہوگی۔ توقع ہے کہ اس بار پاکستان اور سعودی عرب میں عیدالاضحیٰ ایک ہی روز یعنی 27 مئی کو منائی جائے۔

ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو منظم انداز میں فروغ دیا جائے گا، میر سرفراز بگٹی

صحافی حقائق کو عوام تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ آزاد، ذمہ دار اور باخبر صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے۔ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہیں جو حقائق کو عوام تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اور ریاستی و سماجی امور میں شفافیت کو یقینی بناتے ہیں عالمی یوم آزادی صحافت کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے صحافی نہایت مشکل اور چیلنجنگ حالات میں اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام دے رہے ہیں۔ پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران بلوچستان کے چالیس سے زائد صحافیوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جن کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور حکومت انہیں خراج عقیدت پیش کرتی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ جرنلسٹ ویلفیئر اینڈومنٹ فنڈ کی سیڈ منی میں اضافہ کیا گیا ہے تاکہ صحافیوں اور ان کے اہل خانہ کو مشکل حالات میں سہارا فراہم کیا جا سکے اس کے ساتھ ساتھ صحافیوں کے لیے ہیلتھ انشورنس، مالی معاونت اور ہنگامی امداد کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ورکنگ جرنلسٹس کے لیے پہلی جرنلسٹ ہاؤسنگ اسکیم کی منظوری دی جا چکی ہے۔ جس پر پیش رفت جاری ہے اور حکومت اس منصوبے کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے پرعزم ہے تاکہ صحافیوں کو باعزت رہائش کی سہولت میسر آسکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کوئٹہ میں قائم میڈیا اکیڈمی کی فعالیت کے لیے حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی تاکہ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تربیت، تحقیق اور پیشہ ورانہ مہارتوں کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے کہا کہ صحافت کے شعبے میں نئی ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل رجحانات سے ہم آہنگ ہونا وقت کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پہلی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کی منظوری دی جا چکی ہے جس کے تحت ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو منظم انداز میں فروغ دیا جائے گا

DR. SYED TAJAMAL GILANI
(CHILD SPECIALIST)
پاکستانی بچوں کیلئے مفت علاج کا موقع 19 سال کی عمر کے تمام بچوں کیلئے چائلڈ ہیلتھ پلس مفت دستیاب ہے
DR. GILANI IS AFFILIATED WITH METHODIST HOSPITAL LUTHERAN MEDICAL CENTER AND ST. MINCENT MEDICAL CENTER
24 گھنٹے رابطے کی سہولت
حج و عمرہ کی ویکسین 100$ میں
ڈاکٹر تجمل گیلانی چائلڈ اسپیشلسٹ
سفر کے ٹیکے MC فارمز مہیا کیے جاتے ہیں۔ حج اور عمرہ اور پاکستان کیلئے ہیپاٹائٹس، ٹائی فائیڈ، کالرا کے ٹیکے لگائے جاتے ہیں
اسکول اور ڈی ایل سی کے فارم بھی پر کیے جاتے ہیں
تقریباً تمام انشورنس، میڈیکیڈ قبول کیے جاتے ہیں
Ph: 718-439-1114
5721-A, 5TH AVE, BROOKLYN NY 11220

THE MEDICINE SHOPPE PHARMACY
CARING BEYOND PRESCRIPTIONS
ALL MAJOR INSURANCE ACCEPTED FREE PICK-UP & DROP OFF DELIVERY
The Medicine Shoppe PHARMACY Caring beyond prescriptions.
دی میڈیسن شاپ فارمیسی
SERVICES AND PRODUCTS
- Prescription Drugs
- Surgical Supplies
- Diabetic Shoes & Wheelchair
- Halal Vitamins
- Western Union & Ria Money Transfer
- Costmatics
- Health/Beauty Aids
- Copy & Fax
- Bill Payment
- Baby Needs

Business Hours:
MONDAY - FRIDAY
11:00 AM - 08:00 PM
SATURDAY
11:00 AM - 07:00 PM
FREE DELIVERY
All Boroughs & Long Island
OTC Network
نسخے کی ادویات
سرجیکل سامان
ذیابیطس کے جوتے اور ویل چیئر
حلال وٹامنز
ویسٹرن یونین اور ریا منی ٹرانسفر
کاسمیٹکس
خوبصورتی کی مصنوعات
صحت اور خوبصورتی کی اشیاء
فوٹو کاپی اور فیکس کی سہولت
بل کی ادائیگی
بچوں کی ضروریات کی اشیاء
تمام بڑے انشورنس قبول کیے جاتے ہیں
ہم OTC اور FSA کارڈز قبول کرتے ہیں
مفت ادویات کی پک اپ اور ڈیلیوری کی سہولت
WE ACCEPT OTC & FSA CARDS
We Speak English, Urdu, Punjabi, Russian, Uzbek & Tajik
Tel: 718-434-4649 | Fax: 718-464-4168
1109 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11230

Business For Sale
EASTERN CAR N CARE AUTO WORK SHOP FOR SALE
ON PRIME LOCATION
SALE WITH 21 CARS WITH TLC
2504 ہاروے ایونیو، بروکلین نیو یارک 11214 میں
چلتا ہوا تیز رفتار بہترین منافع بخش کاروبار برائے فروخت ہے
at
2504 Harvey Avenue,
Brooklyn New York 11214
Fast Moving is the Best Profitable
Business for Sale
مزید معلومات اور رابطہ کیلئے دیئے گئے نمبر پر کال یا ٹیکسٹ کریں
For More Information Call Or Text
+1-347-756-8722 - 917 560 6332

پاکستان، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی بہت عزت کرتا ہوں، ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کی نئی تجویز سے مطمئن نہیں ہوں، پاکستان، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کی بہت عزت کرتا ہوں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران ہم سے ڈیل کرنا چاہتا ہے، ایران کی قیادت تقسیم ہو چکی ہے، میں نہیں چاہتا کہ ایران کے پاس ایٹمی ہتھیار ہوں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے پاس ایٹمی ہتھیار ہوتے تو دنیا کو آج زیادہ خطرہ ہوتا، ایران کی قیادت میں کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ، ایران کی موجودہ قیادت کنفیوزڈ ہے، ایران کی نیوی، فضائیہ سب کچھ تباہ ہو چکا ہے۔

وفاقی آئینی عدالت کا سپر ٹیکس سے متعلق بڑا فیصلہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی آئینی عدالت نے سپر ٹیکس سے متعلق بڑا فیصلہ جاری کر دیا، جس کے تحت اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کالعدم قرار دے دیے گئے۔ 293 صفحات پر مشتمل سپر ٹیکس کیس سے متعلق تفصیلی فیصلہ وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان نے جاری کیا، جس میں انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 4C کے تحت سپر ٹیکس کے نفاذ کو آئینی قرار دیا گیا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ سپر ٹیکس کا نفاذ انکم ٹیکس سے آزاد اور ایک الگ ٹیکس کے طور پر تصور کیا جائے گا۔ عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے سیکشن 4C کے خلاف فیصلے کالعدم قرار دے دیے ہیں اور واضح کیا کہ سیکشن 4C کے تحت ٹیکس کا نفاذ ٹیکس سال 2022 اور اس کے بعد کے سالوں پر لاگو ہوگا۔ وفاقی آئینی عدالت کے مطابق پارلیمنٹ انکم ٹیکس آرڈیننس کے تحت آمدن پر ٹیکس لگانے کا مکمل اختیار رکھتی ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کی جانب سے ایف بی آر کو سرکلر جاری کرنے کی ہدایت دائرہ اختیار سے باہر تھی۔ عدالت نے کہا کہ سپر ٹیکس عام انکم ٹیکس کے علاوہ ہے، اس کا متبادل نہیں۔ تفصیلی فیصلے میں کہا گیا کہ سیکشن 4C کا اطلاق ان تمام آمدنیوں پر ہوگا جو

نائب وزیراعظم سے سعودی سفیر کی ملاقات

حالیہ علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے ملاقات کی جس میں حالیہ علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اس موقع پر نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے خطے میں امن کیلئے مکالمے اور روابط کی اہمیت پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم نے پاکستان کی امن کی کوششوں کیلئے سعودی عرب کی حمایت پر اظہار تشکر کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق فریقین نے پاک سعودی برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا جبکہ دونوں ممالک نے خطے میں استحکام کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا برطانوی

وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے برطانوی وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، دونوں رہنماؤں نے خطے کی بدلتی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق برطانوی وزیر خارجہ نے خطے میں امن کیلئے پاکستان کی کوششوں کو سراہا جبکہ پاکستان کی جانب سے مکالمے اور سفارتکاری کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے رابطے میں رہنے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا جبکہ پاکستان نے خطے میں استحکام کیلئے تعمیری کردار جاری رکھنے کا اعادہ کیا۔

چینی طیاروں کی فروخت دگنی

ہوگئی، منافع 6.5 فیصد بڑھا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) بھارت کے ساتھ جنگ میں پاک فضائیہ کی جانب سے چینی طیاروں کے ذریعے رافیل سمیت بھارتی جنگی طیارے گرانے کے بعد چینی کمپنی کے طیاروں کی فروخت دگنی ہوگئی۔ امریکی جریدے بلوم برگ کے مطابق چینی طیارہ ساز کمپنی اے وی آئی سی چینگڈو ایئرکرافٹ کارپوریشن کی رواں سال کی پہلی سہ ماہی میں فروخت تقریباً دگنی ہوگئی۔ جریدے کے مطابق گزشتہ سال سال کمپنی کی آمدنی 16 فیصد بڑھ کر 11 ارب ڈالرز رہی جبکہ منافع 6.5 فیصد بڑھا جو کمپنی کی تاریخ کا بلند ترین منافع ہے۔ رپورٹ کے مطابق کمپنی کے سنگل انجن ملٹی رول J-10 لڑاکا طیارے گزشتہ سال مئی میں پاکستان اور بھارت کی جنگ کے دوران استعمال ہوئے جس میں پاکستانی فضائیہ نے ان طیاروں سے فرانسیسی ساختہ رافیل طیاروں سمیت متعدد بھارتی طیارے مار گرائے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ یہ تنازع ان مواقع میں سے ایک تھا جب جدید چینی ہتھیاروں کا حقیقی جنگی حالات میں تجربہ کیا گیا۔ بھارت نے بھی جنگ کے دوران طیاروں کے نقصان کا اعتراف کیا تھا تاہم تباہ ہونے والے طیاروں کی تعداد نہیں بتائی گئی۔

پہلگام فالس فلیگ کی شرمندگی

بھارت بزدلانہ ہتھکنڈوں پر اتر آیا

لاہور (نامہ نگار) پہلگام فالس فلیگ کی شرمندگی، بھارت بزدلانہ ہتھکنڈوں پر اتر آیا، مودی حکومت نے سچ کی آواز دبانے کیلئے آئی ایس پی آر کے چینل سمیت درجنوں پاکستانی یوٹیوب چینلز کو بھارت میں بند کر دیا۔ پاکستان کی تینوں مسلح افواج سے منہ کی کھانے کے بعد بھارت کو ڈیجیٹل دنیا میں بھی ذلت آمیز شکست کا سامنا رہا، ڈی جی آئی ایس پی آر نے 29 اور 30 اپریل 2025 کو پاکستان میں بھارتی دہشتگردی اور جھوٹ کو مفصل طریقے سے بے نقاب کیا تھا۔ شکست خوردہ مودی سرکار نے حقائق کو چھپانے کیلئے یکم مئی 2025 کو آئی ایس پی آر کے آفیشل یوٹیوب چینل کو بلاک کر دیا، بھارت کے پاکستان کے یوٹیوب چینلز بند کرنے جیسے اوچھے ہتھکنڈے درحقیقت پاکستان سے شکست کا واضح اعتراف تھا۔ ماہرین کے مطابق میدان جنگ میں سبکی کے بعد ڈیجیٹل محاذ پر بھی پسپائی بھارت کی بوکھلاہٹ اور عالمی رسوائی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

معروف سوشل میڈیا کمپنیوں نے پاکستان

میں رجسٹریشن میں عدم دلچسپی ظاہر کر دی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) دنیا کی معروف سوشل میڈیا کمپنیوں نے پاکستان میں رجسٹریشن میں عدم دلچسپی ظاہر کر دی ہے جبکہ قائمہ کمیٹی کو بریفنگ میں بتایا گیا ہے کہ عالمی کمپنیاں سوشل میڈیا رولز اور مواد ہٹانے سے متعلق سخت قوانین پر تحفظات رکھتی ہیں، کمپنیوں کا خیال ہے مقامی قوانین کے تحت رجسٹریشن سے صارفین کی پرائیویسی اور آزادی اظہار رائے پر اثر پڑ سکتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ملک میں سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی رجسٹریشن اور ان پر ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے حوالے سے ایک اہم رپورٹ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) کو پیش کر دی جس میں انکشاف کیا گیا کہ عالمی ٹیک کمپنیاں پاکستان میں باقاعدہ رجسٹریشن کرانے سے گریزاں ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ پی ٹی اے نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی کو آگاہ کیا ہے کہ حکومت پاکستان کی جانب سے تمام بڑی سوشل میڈیا کمپنیوں کو ملک میں باقاعدہ طور پر رجسٹر کرنے کی کوششیں تاحال کامیاب نہیں ہو سکی ہیں۔ پی ٹی اے حکام نے کمیٹی کو بتایا کہ پاکستان کے آئی ٹی قوانین کے تحت عالمی پلیٹ فارمز کو ملک میں دفاتر کھولنے اور رجسٹریشن کرانے کے لیے متعدد بار رابطہ کیا گیا۔

PARTY HALL
AVAILABLE ON RENT
Perfect for Events, Meetings & Functions
✓ Spacious & Fully Furnished
✓ Ideal for Weddings, Parties & Meetings
✓ Comfortable Sitting Arrangement
✓ Prime Location
بروکلین میں واقع
مین شاہراہ پر
Call Now:
☎ (718) 509 5522
Book Now & Make Your Event Memorable!
بروکلین میں واقع مین شاہراہ پر
انتہائی خوبصورت اور جدید
پارٹی ہال دستیاب ہے

METRO
INTERNATIONAL TRAVEL
arc IATA
IATA and ARC
Accredited Travel Agent!
Contact us today!
SAUDIA TURKISH AIRLINES Emirates ETIHAD AIRWAYS ABU DHABI QATAR AIRWAYS
Contact us for Airline Tickets, Cruises and Vacation Packages
And the best travel deals to Pakistan, Africa, India, Middle East
and other destination around the world.
METRO INTERNATIONAL TRAVEL WILL CONTINUE TO SERVE THE COMMUNITY UNDER THE LEGACY OF MR. MUHAMMAD ASLAM. WE APPRECIATE YOUR BUSINESS AND SUPPORT.
We meet or beat online fares
METRO INTERNATIONAL TRAVEL, INC.
6506 Loisdale Rd, Suite 205, Springfield, VA 22150
Tel: 703-243-2200, 1-800-874-7975
E-mail: metro786@aol.com, Website: www.metrotraveldc.com

مقبوضہ جموں وکشمیر میں پاکستان کے حق میں پوسٹرز لگ گئے

پاکستان کے حق میں یہ پوسٹر جموں وکشمیر یوتھ موومنٹ کی جانب سے لگائے گئے ہیں

ظلم وجبر کے باوجود قابض بھارت کشمیریوں کے دل سے پاکستان کی محبت نہ نکال سکا

ڈوڈا (نیوز ڈیسک) ایران امریکا تنازع اور خطے میں کشیدگی کے خاتمے کے لیے پاکستانی قیادت کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے مقبوضہ کشمیر میں پاکستان کے حق میں پوسٹرز لگ گئے۔ ظلم وجبر اور قتل عام کے باوجود قابض بھارت کشمیریوں کے دل سے پاکستان کی محبت نہ نکال سکا، جس کا ثبوت یہ ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام نے ایران امریکا جنگ بندی پر پاکستانی قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ بھارتی میڈیا این ڈی ٹی وی کے مطابق بھارت کے زیر تسلط مقبوضہ جموں وکشمیر کے ضلع ڈوڈا میں پاکستان کے حق میں پوسٹر لگا دیئے گئے ہیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں پوسٹر کے ساتھ سبز ہلالی پاکستانی پرچم کو بھی دیکھا جاسکتا ہے، جبکہ پوسٹر میں وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو امریکا ایران جنگ بندی پر خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ این ڈی ٹی وی کے مطابق پاکستان کے حق میں یہ پوسٹر جموں وکشمیر یوتھ موومنٹ کی جانب سے لگائے گئے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی پولیس نے پاکستان کے حق

ریڈ لائن بی آر ٹی کراچی کے مستقبل کی شہ رگ ہے، شرجیل انعام میمن

حکومت اس اہم عوامی منصوبے کو جلد از جلد مکمل کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے

کراچی (نامہ نگار) سندھ کے سینئر وزیر وصوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبہ صرف ایک ترقیاتی اسکیم نہیں بلکہ کراچی کے مستقبل کی شہ رگ ہے، جو شہریوں کو جدید، ماحول دوست اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے شروع کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ اس اہم عوامی منصوبے کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے تاکہ شہریوں کو سفری مشکلات سے نجات دلائی جاسکے۔ اپنے بیان میں شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ریڈ لائن بی آر ٹی پر کام دوبارہ پوری رفتار سے شروع کر دیا گیا ہے اور آئندہ دو سے تین ماہ کے اندر شہریوں کو واضح بہتری محسوس ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ زیر تعمیر حصوں کو مرحلہ وار بحال کرتے ہوئے ٹریفک کے لیے کھولا جائے تاکہ روزمرہ سفر کرنے والے شہریوں کو کم سے کم دشواری کا سامنا کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ بڑے ترقیاتی اور میگا پروجیکٹس کے دوران عوام کو وقتی مشکلات اور ٹریفک کی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، تاہم حکومت سندھ کو اس صورتحال کا مکمل احساس ہے اور شہریوں کی مشکلات کم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور متبادل راستوں کی موثر نگرانی کے لیے متعلقہ اداروں کو واضح ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ مفاد عامہ کو ترجیح دیتے ہوئے حکومت سندھ نے ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبے سے متعلق تمام معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا اور مختلف سطحوں پر مشاورت کے بعد مؤثر فیصلے کیے ہیں۔

ایرانی تنصیبات پر حملے سے خطے میں وسیع ردِعمل پیدا ہو سکتا ہے، مسعود خان

فوجی تیاریوں اور سخت بیانات کے ذریعے دباؤ بڑھانے کیساتھ ساتھ سفارتی راستے کی تلاش کی کوششیں بھی جاری ہیں

پاکستان مسلسل محتاط اور تعمیری سفارتی کوششوں سے دونوں ملکوں کے درمیان قابل اعتماد سہولت کار کا کردار ادا کر رہا ہے



بیجنگ: صدر مملکت آصف علی زرداری سے چینی کمپنی کے سی ای او ملاقات کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے خبردار کیا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی ایک نہایت خطرناک اور غیر مستحکم مرحلے میں داخل ہوتے دکھائی دے رہی ہے۔ اپنے ایک بیان انہوں نے کہا کہ اگرچہ امریکہ اور ایران دونوں عسکری تیاریوں اور سخت بیانات کے ذریعے دباؤ بڑھا رہے ہیں،

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 8﴾

معرکہ حق، ڈاکومنٹری عالمی میڈیا کے منظر نامہ کی عکاسی کرتی ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) معرکہ حق میڈیا کی آنکھوں سے فتح کی داستان ڈاکومنٹری عالمی میڈیا کے منظر نامہ کی عکاسی کرتی ہے جہاں بین الاقوامی ذرائع ابلاغ اور حتیٰ کہ بھارتی میڈیا کی سکرینوں پر بھی پاکستان کی جیت ایک ناقابل تردید سچ بن کر ابھری۔ وہ لمحے جب بیانیہ بدل گیا اور اختلاف کے باوجود حقیقت کو تسلیم کرنا پڑا۔ یہ صرف ایک فتح نہیں، بلکہ وہ سچ ہے جسے دنیا نے دیکھا اور مان لیا۔ عالمی میڈیا نے اعتراف کیا ہے کہ معرکہ حق میں پاکستان کی جیت سچ بن کر ابھری۔

وفاقی حکومت کا سرکاری اراضی پر قبضے کا باب بند کرنے کا فیصلہ

ریاستی رٹ کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائیگا، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری

فیصل آباد (نامہ نگار) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت نے اسلام آباد سمیت ملک بھر میں سرکاری اراضی پر ناجائز قبضوں، تجاوزات اور لیز کی خلاف ورزیوں کے خاتمے کیلئے فیصلہ کن حکمت عملی اختیار کر لی ہے اور ریاستی رٹ کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا۔ یہاں ایک پریس کانفرنس کے دوران میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اب ایسا کوئی شخص، گروہ یا کمپنی قانون سے بالاتر نہیں رہے گی، خواہ اس کے سیاسی، مالیاتی یا انتظامی حلقوں میں کتنے ہی مضبوط روابط کیوں نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست نے یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ قومی اثاثوں پر غیر قانونی قبضے اور ان کے غلط استعمال کو مزید برداشت نہیں کیا جائے گا اور اس ضمن میں بلاامتیاز کارروائی ہوگی۔ ملکی صورتحال اور اسلام آباد میں ون کانسٹیٹیوشنل ایونیو سے متعلق حالیہ پیش رفت پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کے قلب میں واقع اربوں روپے مالیت کے متنازعہ منصوبے ون کونسٹیٹیوشنل ایونیو کے معاملے میں عدالت کے تازہ فیصلے نے ایک بار پھر یہ واضح کردیا ہے کہ ریاست پاکستان ناجائز قبضوں اور خلاف ضابطہ تعمیرات کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کے لیے پرعزم ہے اور قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان نے اپنے حالیہ اقدامات کے ذریعے یہ پیغام دیا ہے کہ ملک میں کوئی بھی فرد یا ادارہ قانون سے بالاتر نہیں، چاہے وہ نجی آبادی کا رہائشی ہو یا اربوں روپے کے منصوبے کا مالک۔

افغانستان کیساتھ مذاکرات ہی آگے بڑھنے کا موثر راستہ ہے، سہیل آفریدی

عمران خان کا موقف واضح جنگ اور فوجی آپریشن مسائل کا حل نہیں، وزیراعلیٰ کے پی

پشاور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ افغانستان کے ساتھ معاملات میں مذاکرات ہی آگے بڑھنے کا موثر راستہ ہے۔ یورپی یونین کے سفیر ریمونڈاس کاروبلس کی قیادت میں آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان ہزاروں سال پر محیط مشترکہ تاریخ اور ثقافتی رشتے موجود ہیں، افغانستان کی جنگ کے اثرات سے خیبر پختونخوا کو شدید نقصان اٹھانا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان ملک کے سب سے بڑے سیاسی رہنما ہیں جن کا موقف واضح ہے کہ جنگ اور فوجی آپریشن مسائل کا حل نہیں، موجودہ صورتحال کی وجہ سے خیبر پختونخوا کا افغانستان کے ساتھ سالانہ 10 ارب روپے سے زائد کا تجارتی حجم شدید متاثر ہوا ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ صوبائی حکومت مارکیٹ ڈیمانڈ کے مطابق نصاب اور کورسز میں اصلاحات کر رہی ہے، عمران خان کے وژن کے مطابق نوجوانوں پر سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ صوبے میں تعلیم کا بجٹ کئی گنا بڑھایا گیا ہے اور تعلیم کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انٹرمیڈیٹ سطح پر یتیموں اور طالبات کو مفت تعلیم کی فراہمی کے لیے ایجوکیشن کارڈ متعارف کرایا گیا ہے۔ اس موقع پر یورپی یونین کے سفیر ریمونڈاس کاروبلس نے کہا کہ ٹیکنالوجی اور ووکیشنل اسکلز ترجیحی شعبہ جات ہیں، سینٹر آف ایکسی لینس مستقبل کی ضروریات کے مطابق ایک جدید ماڈل ہے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

پاکستان نے صحت اور فارماسیوٹیکل شعبے میں اہم سنگِ میل عبور کرلیا

پاکستانی تاریخ میں پہلی مرتبہ مقامی ویکسین کی تیاری کیلئے قومی ویکسین پالیسی منظور

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان نے صحت اور فارماسیوٹیکل شعبے میں ایک اہم سنگ میل عبور کر لیا ہے، ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (DRAP) کی سینٹرل ڈرگز لیبارٹری کو عالمی ادارہ صحت (WHO) کی پری کوالیفکیشن حاصل ہونے سے ملکی ادویات کے معیار اور عالمی ساکھ میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ جمعرات کو پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سرٹیفکیشن کے حصول سے پاکستان کی فارماسیوٹیکل مصنوعات کی برآمدات کو نیا بوسٹ ملے گا، اب بیرون ملک پاکستانی ادویات کی ریگولیٹری سکروٹنی میں نمایاں کمی آئے گی، جس کے نتیجے میں ایکسپورٹرز کو کم دستاویزی تقاضوں اور آسان تجارتی عمل کا سامنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیشرفت پاکستان کو عالمی ادارہ صحت کے لیول تھری ریگولیٹری سٹیٹس کے حصول کے قریب لے آئی ہے، اس وقت پاکستان ڈبلیو ایچ او لیول ٹو پر ہے تاہم اگلے 6 سے 8 ماہ میں لیول تھری حاصل کرنے کی توقع ہے۔ لیول تھری سٹیٹس ملنے کے بعد پاکستان کی ادویات کی برآمدات میں اضافہ متوقع ہے۔

طالبان رجیم کیخلاف افغان شہری نے پاکستانی عسکری قیادت سے مدد مانگ لی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) کابل سے افغان شہری کی پاکستانی عسکری قیادت سے غیر معمولی اپیل پر مبنی ویڈیو سامنے آئی ہے۔ ویڈیو پیغام میں افغان شہری کو کہتے ہوئے سنا جاسکتا ہے کہ پاکستانی عسکری قیادت ہمیں افغان طالبان سے آزادی دلوائے، کابل پر پاکستانی جھنڈا لہرائیں۔ شہری نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ کابل شہر پاکستان کا حصہ بن جائے، افغان عوام جلد طالبان رجیم سے نجات حاصل کرلیں گے۔ ماہرین کے مطابق افغان طالبان رجیم مذہبی تشریحات اور سیاسی اجارہ داری کے باعث افغانستان کو مزید تنہائی اور عدم استحکام کی طرف دھکیل رہی ہے۔ افغان طالبان کی آمرانہ طرز حکمرانی اور طاقت کے بل پر اقتدار برقرار رکھنے کی کوششیں منفی جذبات کو مزید ہوا دے رہی ہیں۔

آپریشن غضب للحق کے اثرات، اپریل میں دہشت گرد حملوں میں 42 فیصد کمی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) آپریشن غضب للحق کے واضح اثرات سامنے آنا شروع ہو گئے، دہشت گرد حملوں میں نمایاں کمی ہو رہی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق اپریل میں دہشت گرد حملوں میں مارچ کے مقابلے 42 فیصد کمی ہوئی، اپریل میں ملک بھر میں دہشتگردی کے 85 حملے ریکارڈ کیے گئے جبکہ مارچ میں حملوں کی یہ تعداد 146 تھی۔ سیکیورٹی فورسز نے اپریل میں 224 دہشت گرد جہنم واصل کیے، اپریل میں ہونے والے حملوں کے نتیجے میں 167 افراد جاں بحق ہوئے، مارچ میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 106 تھی۔ بتایا گیا ہے کہ اپریل میں جاں بحق ہونے والوں میں 28 سکیورٹی اہلکار، 37 عام شہری اور امن کمیٹی کے دو ارکان شامل ہیں۔

عالمی امن دوہرے معیار سے نہیں یکساں انصاف سے قائم ہوتا ہے، اختر اقبال ڈار

لاہور (نامہ نگار) تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے کہا ہے کہ اگر مشرق وسطیٰ کو جوہری ہتھیاروں سے پاک خطہ بنانا ہے تو اسرائیل کو بھی این پی ٹی معاہدے میں شامل کیا جائے اور اس کی تمام جوہری تنصیبات کو آئی اے ای اے کی مکمل نگرانی میں لایا جائے۔ مختلف وفود سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ سیاسی مطالبہ نہیں ہے بلکہ عالمی انصاف، مساوات اور پائیدار امن کی بنیادی ضرورت ہے، عالمی امن دوہرے معیار سے نہیں یکساں انصاف سے قائم ہوتا ہے، جب تک ہر ملک کے لیے یکساں ایک ہی قانون نہیں ہوگا جوہری عدم پھیلاؤ کا خواب ادھورا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ جب تک اسرائیل کو این پی ٹی معاہدے میں شامل نہیں کیا جاتا ایران پر لگنے والی پابندیاں بلاجواز ہیں اور ایران کی پرامن جوہری ٹیکنالوجی جائز ہے۔ مختلف وفود سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ سیاسی مطالبہ نہیں ہے بلکہ عالمی انصاف، مساوات اور پائیدار امن کی بنیادی ضرورت ہے، عالمی امن دوہرے معیار سے نہیں یکساں انصاف سے قائم ہوتا ہے، جب تک ہر ملک کے لیے یکساں ایک ہی قانون نہیں ہوگا جوہری عدم پھیلاؤ کا خواب ادھورا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ جب تک اسرائیل کو این پی ٹی معاہدے میں شامل نہیں کیا جاتا ایران پر لگنے والی پابندیاں بلاجواز ہیں اور ایران کی پرامن جوہری ٹیکنالوجی جائز ہے۔

افغانستان کی جانب سے شہری ہلاکتوں کے الزامات بے بنیاد

عالمی برادری علاقائی صورتحال اور پاکستان کی قربانیوں کا ادراک کرے، ترجمان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کی سرحدی صورت حال پر برطانوی موقف زمینی حقائق کی مکمل عکاسی نہیں کرتا۔ جاری بیان میں ترجمان نے کہا کہ افغانستان کی جانب سے سرحد پار دہشت گردی اور دراندازی کی کوششیں بلاتعطل جاری رہیں، مارچ میں پاکستان کے جنگ بندی کے اقدام کے باوجود افغانستان سے حملے جاری رہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغان طالبان کی بلا اشتعال سرحد پار فائرنگ اور دہشت گرد کارروائیوں میں 52 شہری شہید اور 84 زخمی ہوئے، افغانستان کی جانب سے شہری ہلاکتوں کے الزامات بے بنیاد اور غیر مصدقہ ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان نے

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 9﴾

اسلام آباد ہائیکورٹ، 3 ججز کے ٹرانسفر کے بعد ججز کی سنیارٹی تبدیل

جسٹس محسن اختر کیانی کے تبادلے کے بعد جسٹس سردار اعجاز اسحاق سینئر ترین جج بن گئے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں تین ججز کے ٹرانسفر کے بعد ججز کی سنیارٹی میں اہم تبدیلیاں سامنے آئی ہیں۔ جسٹس محسن اختر کیانی کے تبادلے کے بعد جسٹس سردار اعجاز اسحاق سینئر ترین جج بن گئے ہیں اور نئے ججز کی تعیناتی یا ٹرانسفر تک وہ چیف جسٹس کے بعد دوسرے نمبر پر ہوں گے۔ اس تبدیلی کے بعد عدالت نے آئندہ ہفتے کے لیے نیا ججز ڈیوٹی روسٹر بھی جاری کر دیا ہے، جس کے تحت چار اپریل سے سات سنگل اور چار ڈویژن بینچ مختلف کیسز کی سماعت کریں گے۔ ایک خصوصی ٹیکس ڈویژن بینچ جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس ارباب محمد طاہر پر مشتمل ہوگا، جبکہ جسٹس محمد آصف مختلف ڈویژن بینچز میں کریمنل اور دیگر مقدمات سنیں گے۔ پہلے ڈویژن بینچ میں چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف شامل ہوں گے، دوسرے میں جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس ارباب محمد طاہر، تیسرے میں جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس محمد آصف جبکہ چوتھے میں جسٹس محمد اعظم خان اور جسٹس راجا انعام امین منہاس شامل ہیں۔ یہ نیا روسٹر چار اپریل سے تا حکم ثانی نافذ العمل رہے گا۔

UBER DRIVER NEEDED
All Work Guaranteed
MODERN AUTO REPAIR
ماڈرن آٹو ریپئیر
Foreign & Domestic Car Specialists
ہم دیسی آٹو شاپ کا تصور بدلنے میں مصروف ہیں
نہ کام میں کوئی فریب نہ دام میں کوئی کہانی
Electrical Work
Special Discount
OPEN 24
NEW TIRES
Computerized Wheel Alignment
Computerized Wheel Balancing
Computerized Complete Mechanical Work
LIMOUSINE AND TAXI
Free Diagnose & Free Estimate
New York State Inspection
Ph: 718-728-4700
27-25 21st Street Astoria, NY 11102



Atta
571-216-5463
Ghulam Rubani
703-944-9415

DERA OPEN TILL 3: 00 AM ON WEEKENDS FRI-SAT-SUN
Dera Restaurant
Booking for
WATERFORD
SPRINGFIELD VIRGINIA
- Anda Paratha
- Nihari
- Haleem
- Paya
- Brain Masala
ڈیرہ ریسٹورنٹ کی نئی فخریہ پیشکش
Weekend Breakfast Buffet
SATURDAY AND SUNDAY
Special Buffet
$19.95/Person
Things You Can Order From Menu Weekend Special
Ph: 703-866-2233
BROOKFIELD PLAZA SPRINGFIELD VA
7030 SPRING GARDEN DRIVE SPRINGFIELD, VIRGINIA 22150

شہباز خان
تیمور فاروق
شاہد صدیق
نیلم شہزادی

FOSTER MAAZ Pharmacy
فوسٹر معاذ فارمیسی
پاکستانیوں کی اپنی فارمیسی
اگر آپ کے پاس انشورنس نہیں تب بھی ہم آپ کی مدد کریں گے
ادویات، بیوٹی کیئر، فرسٹ ایڈ ہو یا پھر گفٹ کی بات
We take OTC, EBT
We Take All Major Insurances
We speak English, Urdu, Punjabi
- حلال وٹامنز، وزن کم کرنے کی ادویات وسونا بیلٹ وغیرہ ہمارا اعزاز
- سٹیشنری، فیکس سروس موجود
خوبصورتی کو بڑھانے اور خواتین ونوجوان لڑکیوں کی زیبائش کی تمام چیزیں دستیاب ہیں
ہم میڈی کیڈ اور دوسری تمام بڑی انشورنس قبول کرتے ہیں
ELECTRONIC APPLIANCES AVAILABLE
Pakistani Indian Bangladeshi Grocery Available
فری بلڈ پریشر چیکنگ / فری شوگر چیکنگ
1056 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11230
Ph: 718 421 5533

REAL ESTATE
FOR SALE
BOOK NOW

GOLDEN KEY REALTY
EQUAL HOUSING OPPORTUNITY
REALTOR
+1 703-338-3147
www.goldenkey-realty.com/
SAADAT RANA
PRINCIPAL BROKER
+1 703-338-3147
www.goldenkey-realty.com/
SAADAT RANA
PRINCIPAL BROKER

Punjab Auto Repair & Body Shop
پنجاب آٹو ریپئر اینڈ باڈی شاپ
The Best Auto Repair in Your Town
Open 7 Days
ہم غیر ملکی اور ڈومیسٹک گاڑیوں کی سٹیٹ انسپکشن بھی کرتے ہیں
33-56 21 street, L.I.C NY 11106 Tel: 718-728-4600 Fax: 718-545-6676

امریکہ ایران جنگ

خطے میں معاشی ترقی کی رفتار سست پڑ گئی، IMF نے خبردار کردیا

اس جنگ نے ہمہ جہتی معاشی جھٹکا دیا ہے جسکے نتیجے میں توانائی کی منڈیاں، تجارتی راستے اور مالیاتی حالات متاثر ہوئے ہیں

تیل درآمد کرنیوالے ممالک کو توانائی وخوراک کی بڑھتی قیمتیں اور سخت مالیاتی حالات جیسے سنگین خطرات کا سامنا ہوگا، رپورٹ

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) آئی ایم ایف نے نے خبردار کیا ہے کہ امریکہ ایران جنگ خطے کی معاشی ترقی کو نمایاں طور پر سست کر دے گی، پاکستان سمیت تیل درآمد کرنیوالے ممالک کو توانائی وخوراک کی بڑھتی قیمتوں، ترسیلات زر میں ممکنہ کمی اور سخت مالیاتی حالات جیسے سنگین خطرات کا سامنا ہوگا۔ پاکستان میں آئی ایم ایف کے نمائندہ ڈاکٹر ماہیر بینیجی نے پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (ایس ڈی پی آئی) میں منعقدہ خصوصی نشست سے خطاب کیا اور آئی ایم ایف کی اپریل 2026 کی علاقائی اقتصادی جائزہ رپورٹ بھی پیش کی۔ ڈاکٹر ماہیر بینیجی نے بتایا کہ 28 فروری کو شروع ہونے والی جنگ نے ایک شدید اور ہمہ جہتی معاشی جھٹکا دیا ہے جس

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 10»

سکیورٹی خطرات، تجارتی رکاوٹیں شپنگ کمپنیوں کیلئے بڑا چیلنج

پاکستان کی بندرگاہیں ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں، جنید انوار چوہدری

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ خطے کی کشیدہ صورتحال سے سبق سیکھنے کی ضرورت ہے کیونکہ بحر ہند میں بڑھتی کشیدگی کے اثرات پوری دنیا محسوس کرتی ہے۔ انہوں نے بدھ کو سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی خطرات اور تجارتی رکاوٹیں شپنگ کمپنیوں کیلئے بڑا چیلنج بن چکی ہیں۔ جنید انوار چوہدری نے بتایا کہ وزیر اعظم کی پالیسیوں کے باعث تیل کی ترسیل کا سلسلہ جاری رہا اور وزیراعظم کی ہدایت پر قائم کمیٹی نے بحران کو موقع میں بدل دیا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی بندرگاہ اور گوادر بندرگاہ کو محفوظ اور کم لاگت متبادل کے طور پر پیش کیا گیا جبکہ کراچی پورٹ نے ایک ماہ میں 111,300 ٹی ای یوز ہینڈل کر کے نیا ریکارڈ قائم کیا۔ وزیر بحری امور نے کہا کہ پاکستان کی بندرگاہیں ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں اور تاجر برادری کو کاروبار کے فروغ کے لئے سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

پاکستان میں کرپشن بارے IMF رپورٹ متعصبانہ ہے، چیئرمین نیب

میرا آئی ایم ایف سے اعتماد اٹھ گیا، انکو ہم نے بہت جگہ دی وہ ابھی بیڈروم تک آرہا ہے

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا ہے کہ پاکستان میں کرپشن سے متعلق آئی ایم ایف کی رپورٹ متعصب اور نامناسب ہے۔ سینئر صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین نیب نے آئی ایم ایف رپورٹ پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے کہا کہ میرا آئی ایم ایف سے اعتماد اٹھ گیا، آئی ایم ایف کو ہم نے بہت جگہ دی وہ ابھی بیڈروم تک آرہا ہے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ میں نے فیصلہ کیا ہے کہ آئی ایم ایف کی رپورٹ کو سنجیدہ نہ لوں، آئی ایم ایف نے اپنی رپورٹ میں نیب کی تعریف کی لیکن میرے ملک کے ساتھ اچھا نہیں ہے۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کی رپورٹ پر لوگ اعتماد نہیں کرتے۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا کہ آئی ایم ایف، ورلڈ بینک اور ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل نے ایک ٹرائیکا بنایا ہے، جو ملک پسند نہیں وہ ان کے خلاف ماحول بناتے ہیں۔ نیب حکم نے کہا کہ آئی ایم ایف رپورٹ کا ڈیٹا ٹھیک نہیں ہے۔۔۔



کراچی: اولڈ سٹی ایریا میں برتن مارکیٹ کو رنگ وروغن کیے جانے کے بعد عمارتیں خوبصورت منظر پیش کررہی ہیں۔۔۔۔

عمران خان بلاوجہ جیل میں ہیں نظریہ قید نہیں کیا جاسکتا، سہیل آفریدی

عمران خان کی بینائی 85 فیصد تک متاثر ہوچکی، انہیں اپنی لیگل ٹیم اور اہل خانہ سے ملاقات کی اجازت بھی نہیں دی جارہی

جس دن میری ایک روپے کی کرپشن ثابت ہوئی اسی دن استعفیٰ دوں گا، ایسی آفر اربوں کی کرپشن کرنیوالے نہیں دے سکتے

پشاور(نامہ نگار) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی بلاوجہ جیل میں ہیں تاہم ان کا نظریہ قید نہیں کیا جاسکتا۔ سینٹر آف ایکسیلنس کی افتتاحی تقریب سے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 11»

پشاور: وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی انسٹی ٹیوٹ آف منیجمنٹ سائنسز میں کانووکیشن سے خطاب کررہے ہیں۔۔۔۔

پاکستان کی حمایت سے اقوام متحدہ کے جنوبی سوڈان مشن میں ایک سال کی توسیع

نیویارک(نیوز ڈیسک) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے جنوبی سوڈان مشن میں ایک سال کی توسیع کا اعلان کردیا۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے جنوبی سوڈان میں تعینات امن مشن کی مدت 30 اپریل 2027 تک جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، 15 میں سے 13 ارکان نے قرارداد کے حق میں ووٹ دیا، جن میں پاکستان بھی شامل تھا جبکہ چین اور روس نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ جنوبی سوڈان 2011 میں آزادی کے بعد سے مسلسل سیاسی عدم استحکام اور انسانی بحران کا شکار ہے، جس کے پیش نظر عالمی برادری نے امن مشن کے تسلسل کو ضروری قرار دیا۔

نیپالی سفیر کی اورنگزیب کھچی سے ملاقات

ثقافتی تعاون کے فروغ کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) پاکستان میں نیپال کی سفیر ریتا دھیتال نے بدھ کو وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی جس میں ثقافت، ورثہ اور عوامی روابط کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے سفیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان عوامی روابط کو سفارتی تعلقات کی بنیاد سمجھتا ہے۔ انہوں نے پاکستان اور نیپال کے ثقافتی اداروں کے درمیان موسیقی، فنون، نوادرات اور دیگر ثقافتی سرگرمیوں میں تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔

ٹی بی ٹیسٹ کٹس کی شدید قلت، ملک بھر میں تشخیصی نظام متاثر

وزارت صحت نے کٹس کی کمی کے باعث ہنگامی پابندیاں نافذ کردیں، ذرائع

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) ٹی بی ٹیسٹ کٹس کی شدید قلت کے باعث ملک بھر میں تشخیصی نظام متاثر ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق وزارت صحت نے کٹس کی کمی کے باعث ہنگامی پابندیاں نافذ کردیں اور ملک بھر میں جدید ٹی بی ٹیسٹ فوری طور پر محدود کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ کٹس کی قلت سے ٹی بی کی بروقت تشخیص متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ذرائع کے مطابق کٹس ختم ہونے کے خدشے، جین ایکسپرٹ ٹیسٹ کا استعمال کم کردیا گیا، ہر مشتبہ مریض کا جین ایکسپرٹ ٹیسٹ اب دستیاب نہیں ہوگا۔ ابتدائی مرحلے میں مریضوں کو پرانے طریقہ تشخیص پر منتقل کردیا گیا۔ صرف انتہائی ضروری کیسز میں جدید ٹیسٹ کی اجازت دی جائے گی، ملک بھر کے ہسپتالوں اور لیبارٹریوں کو محدود استعمال کی ہدایت کردی گئی۔ صرف مخصوص اور سنگین مریضوں کیلئے جدید ٹیسٹ کی سہولت برقرار رہے گی۔

Beautiful PARTY HALL For Rent

ڈیجیٹل پارٹی ہال

سمال بزنس پارٹیز، مذہبی تہوار وغیرہ کیلئے انتہائی جدید اور خوبصورت اسٹیج، جدید سپیکر سسٹم اور 100 افراد کیلئے چیئرز کی سہولت کے ساتھ

نہایت مناسب ریٹ

پارٹی ہال کے لئے ہم سے ابھی رابطہ کریں

رابطہ نمبر: 718-509-5522

Always LEASING SERVICES LLC

TLC Car Rentals

Auto

Property Damage Claims

We Provide Fast Claim Service For Accident/Property Damage Insurance

6Hour Class (Points Reduction) Notary

Phone (718) 434-0444 Fax(718) 434-0555

1115 Coney Island Ave, Basement, Brooklyn NY 11230

Email: alwaysleasingservicesllc@gmail.com

ہر طرح کی گاڑی کی خرید وفروخت کی جاتی ہے

نیز ڈینٹنگ، پینٹنگ، باڈی ورکس اور ہر قسم کی گاڑی کے کام کیلئے رابطہ کریں

رابطہ: 718-509-5522

ہربل ہومیو سنٹر

حکیم محمد الیاس

ممبر امریکن آلٹرنیٹیو میڈیکل ایسوسی ایشن

PHONE NUMBER

929 320 6200

866 CONY ISLAND AVE

HERBAL HOMEO CENTER

گیس اسٹیشن برائے فروخت

FOR SALE

کیا آپ نے کبھی گیس اسٹیشن اور مکینک کی دکان میں سرمایہ کاری کرنے کا خواب دیکھا ہے؟

اب آپ کا موقع ہے!

ایک مصروف ہکس وِل لانگ آئی لینڈ شاپنگ مال میں واقع ہے

ایک سال میں $3 ملین سے زیادہ سیل

Have You Ever Dreamed Of Investing In A Gas Station And Mechanic Shop?

ڈیمانڈ $850,000

Now Is Your Chance!

Located In A Busy Hicksville Long Island Shopping Mall

Over $3 Million Sales In A Year. Asking $850,000

Ph: 718-509-5522

THE LEGACY AUTO REPAIR SHOP INC

دی لیگیسی آٹو ریپیئر شاپ

- Computerized 4 Wheel Alignment
- Mechanic Work
- Body Work
- Electrical Work
- N.Y.S. Inspection

100% Guaranteed Work

$34.99

Wheel Alignment

TLC Plates ONLY, Lincoln Town Car Crown Victoria, Ford Escape

Open 24 Hours Fast Service

MOTOR CRAFT $24.99

$19.99 REGULAR

Special Oil Change

Hybrid Vehicles Welcome

ALI IQBAL: 718-786-4978

38-2424 Street Bet. 38th & 39th Ave. Longisland City, Ny 11101



WANT TO HIGHLIGHT YOUR BUSINESS? NO WORRIES! WRITE US TO ADVERTISE IN

DUNYA INTERNATIONAL

If You Are Looking For Jobs, Travel, Legals, Matrimonial, Buying/Selling Home, Mortgage, Real Estate Agent, Garage Sale & Merchandise, Automotive, Daycare And More....

Contact

SYEDA RAZA FOR MORE DETAILS

Email: razasyeda5@gmail.com

عیشا جیولرز

ESHHA JEWELERS

لٹل پاکستان کونی آئی لینڈ بروکلین میں پہلی مرتبہ زیورات کی مکمل دلکش ورائٹی حیرت انگیز قیمت پر

ہم پرانا زیور لیکر نیا زیور بھی دیتے ہیں۔

ہمارے ہاں گولڈ بار بھی مناسب قیمت پر دستیاب ہیں۔

ہر قسم کے زیورات ڈیزائن کروانے اور خریدنے کیلئے عیشا جیولرز کی خدمات حاصل کریں۔

•22K Bangles •Chains

•Sets•Earring & Jewelery

•24K•Karas•Bars

•Coins Etc

ESHHA JEWELERS

748 Coney Island Avenue,

Brooklyn, NY 11218

Corner Of Cortelyou Rd & Coney Island Ave

Tel: 718-484-3933

لاہوری چلی اینڈ سویٹس

لٹل پاکستان میں پاکستانیوں کیلئے تازہ ترین، خستہ ترین اور سستہ ترین کھانوں کا مرکز

Lahori Chilli A Real Chill

← خود بھی تشریف لائیں اور فیملیز اور بچوں کو بھی لائیں ← بہترین سٹنگ کیپسٹی

← گھر کا سا صاف ستھرا ماحول ← خواتین کیلئے خاتون اٹینڈنٹ

کمیونٹی کے بزرگ افراد اور بے شمار افراد کیلئے خصوصی ڈسکاؤنٹ

حلال HALAL

ہیٹنگ کا بہترین انتظام

WE LOVE AND CARE OUR COMMUNITY

We Do Catering For All Occasions

Wedding, Birthday Parties

Religious Gathering Masajid Delivery Etc

درجنوں تازہ کھانوں کا واحد مرکز

free! Delivery

1026 Coney Island Ave, Brooklyn NY 11230 Ph: 718-859-1400

دنیا

زاہد حسین بانی، پریذیڈنٹ، پبلشر و چیف ایڈیٹر

منظور حسین
(ایگزیکٹو ایڈیٹر)
عبدالصمد خان
(ڈپٹی مینجنگ ایڈیٹر)
سجاد حسین
(نیوز ایڈیٹر)
سردار شجاعت حسین خان
(نیوز ایڈیٹر)

طاہر حسین
(سینئر وائس پریذیڈنٹ و ایگزیکٹو ایڈیٹر)
صفدر حسین
(سینئر وائس پریذیڈنٹ و مینجنگ ایڈیٹر)
امت المجوب
(پروڈکشن ایڈیٹر)
یسطور الحق عباسی
(سینئر آرٹ اینڈ کریٹیو ایڈیٹر)
سیدہ رضا
Senior Staff Correspondent
(ایڈیٹر انچارج لیڈیز ایڈیشن)
جیمز سپرین
(ایگزیکٹو ایڈیٹر انگلش سیکشن)

خلیجی جنگ سے بڑھتی مہنگائی پر آئی ایم ایف کی تشویش

اگرچہ امریکہ اور ایران کے مابین جنگ بندی پر عملدرآمد جاری ہے تاہم دونوں ممالک کے مابین انتہا کو پہنچی کشیدگی اور لفظی جنگ کے ذریعے ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی حکمت عملی نے پوری دنیا کو ایک انجانے خوف میں جکڑ رکھا ہے۔ یہ صورت حال دنیا کی بقا کے لیئے بھی ایک چیلنج بن چکی ہے جس پر عالمی قیادتوں، مذہبی پیشواؤں، ادارہ جاتی قیادتوں اور مفکرین کی جانب سے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فریقین کو عقل و خرد کا دامن تھامنے کے مشورے دیئے جا رہے ہیں۔ کیتھولک مسیحیوں کے روحانی پیشوا پوپ لیو اس تناظر میں امریکی صدر ٹرمپ کی پالیسیوں کو کڑی تنقید کا نشانہ بنا چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس ٹرمپ کی جنگی جنونیت کو عالمی امن کے لیئے خطرہ قرار دے چکے ہیں اور خلیجی جنگ مستقل رکوانے کی پاکستان کی کوششوں کی تائید کر چکے ہیں۔ اسی طرح اقوام متحدہ کی ڈپٹی سیکرٹری جنرل آمنہ جے محمد بھی یہ کہہ کر خلیجی جنگ کے تناظر میں عالمی قیادتوں کو جھنجھوڑ چکی ہیں کہ دنیا پر درندوں نے قبضہ کر لیا ہے اور انسانوں نے انسانیت کھو دی ہے۔ اس جنگ کے عالمی ایٹمی جنگ بننے کی صورت میں تو پورے کرہ ارض پر ہر ذی روح کی فنا نوشتہ دیوار نظر آ رہی ہے جبکہ اس جنگ کی بنیاد پر آج عالمی معیشتوں کو جس کساد بازاری، پھلتے پھولتے مہنگائی کے عفریتوں اور قحط سالی کا سامنا ہے، اگر دنیا ایٹمی جنگ والی تباہ کاریوں سے بچ بھی گئی تو بھی بدترین مہنگائی، وسائل کی کمیابی اور قحط کی لپیٹ میں آ کر انسانی بقا کے خاتمہ کا نقارہ بجا دے گی۔ بے شک ایران کی جانب سے امریکہ کو پاکستان کی وساطت سے جنگ بندی کی تجاویز بار بار بھیجی جا رہی ہیں اور امریکی صدر ٹرمپ ایران کی ہر تجویز پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے مسترد کر رہے ہیں اور انہوں نے گذشتہ روز ایران کی بھجوائی نئی تجاویز بھی مسترد کر دی ہیں جس پر ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ علی خامنہ ای کا یہ ردعمل سامنے آیا ہے کہ ہم نے دشمنوں پر اپنی برتری ثابت کر دی ہے۔ چنانچہ اس فضا میں بڑھتی کشیدگی دوبارہ جنگ کی نوبت بھی لا سکتی ہے جبکہ انسانیت کی بقا کا دارومدار موجودہ غیر یقینی کی فضا کے چھٹنے پر ہے۔ اسی تناظر میں گذشتہ روز آئی ایم ایف کی ماہر اقتصادیات ڈاکٹر ماہیر نے ایس ڈی پی آئی کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے دوٹوک الفاظ میں خبردار کیا کہ مشرق وسطی میں جاری جنگ کے باعث پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک خوراک اور توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی زد میں آ کر اپنے پاؤں پر کھڑے نہیں ہو پائیں گے۔ ان کے بقول خلیجی جنگ نے پاکستان اور دوسرے ترقی پذیر ممالک کو سخت اور ہمہ جہت معاشی جھٹکا دیا ہے۔ یہ صورت حال پاکستان جیسے ممالک کے لیئے سنگین خطرے کی گھنٹی بجا رہی ہے۔

یہ امر واقع ہے کہ پاکستان میں حکومتی گورننس کی کمزوریوں کے باعث مہنگائی کا عفریت بے قابو ہی رہتا ہے اور علاقائی و عالمی سطح پر پیدا ہوتی کوئی ہلکی سی ناآسودگی بھی ہمارے مافیاز کے لیئے مہنگائی کے طوفان اٹھانے کے جواز نکال دیتی ہے۔ گذشتہ ڈیڑھ ماہ کے دوران پاکستان میں مہنگائی بڑھنے کا گراف خلیجی جنگ سے براہ راست متاثر ہونے والے ممالک سے بھی زیادہ جستیں بھرتا نظر آیا ہے جبکہ حکومت کی جانب سے بھی پٹرولیم نرخوں میں ہر ہفتے ڈیڑھ ہفتے بعد اضافہ کر کے ناجائز منافع خور طبقات کو عوام کی لوٹ مار کرنے کے نادر مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔ پاکستان میں تیزی کے ساتھ بڑھتی مہنگائی کا وفاقی ادارہ شماریات کی رواں ہفتے کی رپورٹ سے بھی بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے جس کے مطابق مہنگائی گذشتہ 21 ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔ 20 کلو آٹے کا تھیلا اسی عرصے کے دوران 240 روپے مہنگا ہوا ہے، ٹرانسپورٹ کے کرائے 30 فیصد بڑھے ہیں، گھروں کے کرائے اور بجلی پانی گیس کے بل 17 فیصد تک بڑھ گئے ہیں جبکہ کھانے پینے کی اشیا کے نرخوں میں دس سے بیس فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس صورت حال میں پاکستان کے محدود وسائل والے اور بے روزگار طبقات کے لیئے تو تنفس کا سلسلہ برقرار رکھنا بھی دشوار ہو چکا ہے اور خلیجی جنگ کے شعلوں کی تپش ہزاروں میل دور بیٹھے عام انسانوں کے چولہوں تک آ پہنچی ہے۔ مشرق وسطی میں جاری کشیدگی، امریکہ اور ایران کے درمیان لفظی محاذ آرائی، اور جنگ بندی کے باوجود غیر یقینی کی فضا نے بلا شک و شبہ عالمی معیشت کو ہلا کر رکھ دیا ہے اور اس کے اثرات سب سے زیادہ ان ممالک پر مرتب ہو رہے ہیں جو پہلے ہی معاشی دباؤ، قرضوں، مہنگائی اور درآمدی انحصار کا شکار ہیں۔ پاکستان کا شمار بھی انہی ممالک میں ہوتا ہے چنانچہ ڈاکٹر ماہیر نے بجا طور پر خبردار کیا ہے کہ جنگ کے باعث خوراک اور توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ان ممالک کے لیئے سنگین خطرہ بن سکتی ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ پاکستان کی معیشت تو پہلے ہی کمزور بنیادوں پر کھڑی ہے جہاں زرمبادلہ کے ذخائر محدود ہیں، صنعتی پیداوار سست رفتار ہے اور بے روزگاری میں تسلسل کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ ایسے میں اگر عالمی سطح پر تیل، گیس، گندم اور دیگر اشیائے ضروریہ مہنگی ہوں تو پاکستان جیسے درآمدی معیشت کے حامل ملک کے لیئے صورتحال مزید پیچیدہ ہو جاتی ہے۔ پاکستان میں حالیہ مہنگائی کے اعداد و شمار اس بحران کی سنگینی کو واضح کر رہے ہیں۔

یہاں یہ امر بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ جنگ صرف منڈیوں کو متاثر نہیں کرتی بلکہ سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بھی مجروح کرتی ہے۔ غیر یقینی حالات میں بیرونی سرمایہ کاری رک جاتی ہے، مقامی کاروبار سست پڑ جاتے ہیں، روپے پر دباؤ بڑھتا ہے اور مالیاتی منڈیاں بے یقینی کا شکار ہو جاتی ہیں۔ پاکستان جیسے ملک میں جہاں معاشی استحکام کے لیئے بیرونی سرمایہ کاری اور برآمدات نہایت اہم ہیں، عالمی کشیدگی کا تسلسل تباہ کن ثابت ہو سکتا ہے۔ اس تناظر میں امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات میں سست روی اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی سیاست مسئلے کے حل میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ اگرچہ جنگ بندی برقرار ہے، مگر جب تک اعتماد سازی، سنجیدہ سفارت کاری اور مستقل امن کا راستہ اختیار نہیں کیا جاتا، تب تک دنیا غیر یقینی کے سائے سے باہر نہیں نکل سکتی۔ پاکستان پر تو اس صورتحال میں دہری ذمہ داری آن پڑی ہے۔ ایک طرف حکومت کو عالمی سطح پر امن کے لیئے سفارتی کوششوں میں مثبت کردار ادا کرنا ہے جو وہ خوش اسلوبی کے ساتھ ادا کر بھی رہی ہے، اور دوسری جانب داخلی سطح پر مہنگائی کے طوفان سے عوام کو بچانے کے لیئے فوری اور موثر اقدامات اٹھانا ہیں۔ اس صورت حال میں دنیا کے طاقتور ممالک کو یہ سمجھنا ہوگا کہ جنگ کسی مسئلے کا پائیدار حل نہیں۔ اس سے صرف تباہی، بھوک، مہنگائی اور بے یقینی جنم لیتی ہے۔ اگر خلیجی خطے میں کشیدگی برقرار رہی تو اس کے اثرات پاکستان سمیت درجنوں ترقی پذیر ممالک میں مزید غربت، بے روزگاری اور سماجی اضطراب کی صورت میں سامنے آئیں گے۔ جنگ کے فریقین کو بہر صورت ہوش کے ناخن لینا ہوں گے، انا کی سیاست ترک کرنا ہوگی اور امن کی جانب واپس لوٹنا ہوگا۔ پاکستان کے عوام تو پہلے ہی مہنگائی کے عذاب سے گزر رہے ہیں۔ اگر عالمی جنگی ماحول برقرار رہا تو یہ عذاب مزید شدت اختیار کر سکتا ہے اس لیئے وقت کا تقاضا ہے کہ دنیا امن کا راستہ اختیار کرے۔ حکومت پاکستان کو تو عوام کے لیئے معاشی ریلیف کے فوری اور موثر اقدامات اٹھانا ہوں گے۔ اگر انہیں مہنگائی کے دلدل کی جانب مسلسل دھکیلا جاتا رہا تو ان کی جانب سے تنگ آمد بجنگ آمد والا ردعمل ہی آئے گا۔

Dunya Communication Inc
دنیا کمیونیکیشن آئی این سی
Head Office:
Washington DC Metropolitan
Address: 1366 Hill Born Drive Hanover Md 21076
Mr. Zahid Hussain (Chief Editor) Cell: 443-370-0804
www.dunyaint.com/ Eamil: zahidhussain09@hotmail.com

New York
Address: 825 E 15 st Brooklyn NY 11230
(Mr. Manzoor Hussain Executive Editor) Cell: 718-509-5522
Email: manzhussain72@yahoo.com
Tele Subscription/Circulation New York: Long Island/ Hillside

Queens/Brooklyn: 718-509-5522 (Mr. Manzoor Hussain)
Maryland: Tele 443-370-0804 (Mr. Zahid Hussain)
Display Advertising: Washington Metropolitan
Tel: 718-509-5522 / 443-370-0804 / 917-348-3974

Regional Offices
Asia Pacific: Tokyo, Toyama Ken Toyama Shi Koshi Machi 38
Cell: +81-80-3694-7050, Tel/Fax +81-76-426-1017
Email: dunyajp@yahoo.com

Islamabad Office: Flat No. 10 1st Floor Plot 2-L Bhatti Plaza Sector
I-9 Markaz Islamabad. Tel: 92-51-443-5651, Cell: +92 300 9568514

یومِ مزدور اور اسلامی تعلیمات ... مولانا قاری محمد سلمان عثمانی

یوم مزدور محض ایک عالمی دن نہیں بلکہ انسانی محنت، وقار اور معاشی انصاف کے اس تصور کی علامت ہے جسے اسلام نے صدیوں قبل واضح اور موثر انداز میں پیش کیا۔

یکم مئی کو دنیا بھر میں منایا جانے والا یہ دن ہمیں اس امر کی یاد دہانی کراتا ہے کہ کسی بھی معاشرے کی ترقی اور استحکام کا دارومدار مزدور طبقے کی محنت اور دیانت پر ہوتا ہے، اسلام جو ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، محنت کش انسان کے حقوق، اس کی عزت نفس اور اس کے ساتھ انصاف پر غیر معمولی زور دیتا ہے۔

قرآن کریم میں جہاں محنت کو انسان کی کامیابی کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے، وہیں استحصال، ناانصافی اور حق تلفی کی سختی سے مذمت بھی کی گئی ہے، ارشاد باری تعالی ہے کہ انسان کیلئے وہی کچھ ہے جس کی اس نے کوشش کی (سورہ النجم)، جو محنت کی عظمت کو اجاگر کرتا ہے، اسی طرح حضرت محمد ﷺ نے مزدور کے حقوق کے حوالے سے نہایت جامع تعلیمات عطا فرمائیں، ایک معروف حدیث میں آپ ﷺ نے فرمایا: مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کرو، جو آج کے معاشی نظام کیلئے بھی ایک سنہری اصول کی حیثیت رکھتی ہے۔

اسلام میں مزدوروں کے بہت سے حقوق ہیں جنہیں اسلام نے انتہائی اہمیت کے ساتھ بیان کیا ہے، مزدور ہی اس قوم کا اثاثہ ہیں جو روزانہ کما کر اپنے بچوں کا پیٹ پالتا ہے، کسی بھی ملک، قوم اور معاشرے کی ترقی میں مزدوروں کا کردار بہت اہم ہوتا ہے، مگر سب سے زیادہ حق تلفی بھی ان ہی کی کی جاتی ہے، سرمایہ دار اور جاگیردار طبقے مزدور کا استحصال کرنا اپنا حق سمجھتے ہیں اور مزدور اسے اپنا مقدر سمجھ کر صبر کر لیتے ہیں، ہمارے سماج میں مزدوروں کا وجود ہے، جسے ہمیں تسلیم کرنا چاہیے۔

مزدوری ہر کوئی کرتا ہے مگر سب کے درجات الگ ہوتے ہیں، ہر مزدور اپنے میدان میں اپنی بساط بھر مزدوری کرتا ہے اور اجرت حاصل کر کے اپنے اہل و عیال کی کفالت کرتا ہے، اسلام نے محنت کو بڑا مقام عطا کیا ہے اور محنتی شخص کی بڑی حوصلہ افزائی کی ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا خود کمانے والا اللہ تعالی کا دوست ہوتا ہے (طبرانی)، یہ فرما کر محنت کی قدر و قیمت اجاگر فرما دی۔

نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے کہ کسی نے اپنے ہاتھوں کی کمائی سے بہتر کوئی کھانا نہیں کھایا) صحیح بخاری (، آپ ﷺ کو مزدوروں کے حقوق کا اس حد تک پاس تھا کہ وصال سے قبل آپ ﷺ نے اپنی امت کیلئے جو آخری وصیت فرمائی وہ یہ تھی کہ نماز کا خیال رکھو اور ان لوگوں کا بھی جو تمہارے زیر دست ہیں (مسند احمد، ابوداؤد)۔

آپ ﷺ نے فرمایا تین قسم کے لوگ ایسے ہیں جن سے قیامت کے دن میں خود جھگڑوں گا، ان میں سے ایک وہ ہوگا جس نے کسی سے کام کروایا، کام تو اس سے پورا لیا مگر اسے مزدوری پوری ادا نہ کی (صحیح بخاری)، ایک مرتبہ آپ ﷺ نے ایک شخص سے مصافحہ کرتے وقت اس کے ہاتھوں پر کچھ نشانات دیکھے، وجہ پوچھی تو اس نے بتایا روزی کمانے میں محنت مشقت کرنے کی وجہ سے، تو آپ ﷺ نے اس کا ہاتھ چوم لیا، مزید ارشاد فرمایا: مزدور کو اس کا پسینہ خشک ہونے سے قبل اس کی مزدوری ادا کر دو (ابن ماجہ)۔

جو کوئی غیر آباد زمین کو آباد کرے تو وہ اسی کی ہے (گویا اس کی محنت نے اس کو مالکانہ حقوق عطا کر دیئے) (احمد، ترمذی، ابوداؤد)، اجرت مزدور کا حق ہے، قرآن حکیم میں آتا ہے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ان کیلئے ختم نہ ہونے والا (دائمی) اجر ہے، معاہدہ ملازمت (چاہے معاہدات واضح ہوں یا مضمر) کے جدید تصورات کی پیش گوئی کرتے ہوئے نبی کریم ﷺ نے مزدور کو کام کی اجرت مقرر کیئے بغیر بھرتی کرنے اور کام کرانے سے منع کیا ہے، ارشاد باری تعالی ہے اور دودھ پلانے والی ماں کا کھانا اور پہننا دستور کے مطابق بچے کے باپ پر لازم ہے۔

محنت و مزدوری اللہ کے نبیوں کی سنت ہے، کم و بیش تمام انبیا کرام علیہ السلام نے مزدوری کو اپنا معاش بنایا، حضرت آدم علیہ السلام نے زمین کاشت کر کے غلہ حاصل کیا، حضرت نوح علیہ السلام بڑھئی کا کام کرتے تھے، حضرت داؤد علیہ السلام زرہ ساز تھے اور اپنے ہاتھ کے ہنر سے گزر بسر کرتے، حضرت ادریس علیہ السلام درزی کا کام کرتے تھے، حضرت موسی علیہ السلام نے 10 سال تک حضرت شعیب علیہ السلام کی بکریاں چرائیں، پیارے نبی اور اللہ کے آخری رسول حضرت محمد ﷺ نے بھی بکریاں چرائیں، حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ اللہ نے کوئی نبی نہیں بھیجا، جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں۔ صحابہ کرام کے استفسار پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں بھی مکے والوں کی بکریاں چند قیراط پر چرایا کرتا تھا (صحیح بخاری)۔

حضور ﷺ کی خدمت میں ایک صحابی حاضر ہوئے، آپ ﷺ نے دیکھا کہ مزدوری کرنے کی وجہ سے ان کے ہاتھ میں گٹھے پڑے ہوئے ہیں، آپ ﷺ نے ان کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے فرمایا یہ وہ ہاتھ ہیں، جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو بڑے پیارے ہیں۔

محنت و مزدوری کی عظمت و اہمیت کی دلیل یہ ہے کہ خود رب کائنات نے محنت کش، مزدور کو اپنا دوست قرار دے رہا ہے، ایک موقع پر اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا بیشک اللہ روزی کمانے والے کو دوست رکھتا ہے (طبرانی)، نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ایک ملازم (مرد یا عورت) کم از کم درمیانے درجہ کے عمدہ کھانے اور کپڑوں کا حقدار ہے اور کسی جان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر تکلیف نہ دی جائے اور یہ کہ مقرر کردہ اجرت ان (مزدوروں) کی بنیادی ضروریات کیلئے کافی ہو۔

ایک اور موقع پر نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا تمہارے ہاں کام کرنے والے ملازمین تمہارے بھائی ہیں، اللہ تعالی نے انہیں تمہاری ماتحتی میں دے رکھا ہے، سو جس کا بھی کوئی بھائی اس کے ماتحت ہو اسے وہی کھلائے جو وہ خود کھاتا ہے اور وہی پہنائے جو وہ خود پہنتا ہے۔

تاریخی مطالعے سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ حضرت عمر نے فوجی جوانوں کیلئے اجرت مقرر فرمائی تھی اس اجرت پر دوران ملازمت مختلف معیارات جیسا کہ مدت ملازمت، بہترین کارکردگی اور علمی قابلیت کو مدنظر رکھتے ہوئے نظر ثانی کی جاتی۔

حضرت ابو رافع بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک اونٹ قرض لیا، پھر جب آپ ﷺ کے پاس صدقے کے اونٹ آئے تو مجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ میں اس شخص کا قرض ادا کر دوں، جس سے چھوٹا اونٹ لیا تھا، میں نے کہا: میں تو اونٹوں میں چھ سال کے بہترین اونٹوں کے سوا کچھ بھی نہیں پاتا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسی میں سے اسے دے دو، کیونکہ لوگوں میں بہترین وہ انسان ہیں جو قرض ادا کرنے میں سب سے اچھے ہیں (موطا امام مالک: 524، جامع ترمذی: 1318)۔

حضرت عوف بن مالک کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس جس دن مال آتا آپ اسی دن اسے تقسیم کر دیتے، شادی شدہ کو دو حصے دیتے اور کنوارے کو ایک حصہ دیتے، تو ہم بلائے گئے، اور میں عمار سے پہلے بلایا جاتا تھا، میں بلایا گیا تو مجھے دو حصے دیئے گئے کیونکہ میں شادی شدہ تھا اور میرے بعد عمار بن یاسر بلائے گئے تو انہیں صرف ایک حصہ دیا گیا (مسند احمد: 22905)، حضرت مقدام بن معدی کرب سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہاتھ کی کمائی سے بہتر کوئی کھانا نہیں۔

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے اللہ نے جتنے انبیا بھیجے ان سب نے بکریوں کی نگہبانی کی ہے (مشکوۃ)، حضرت سعد انصاری سے نبی رحمت ﷺ نے مصافحہ فرمایا تو ان کے پھٹے ہوئے ہاتھ دیکھ کر حضور نبی کریم ﷺ نے وجہ پوچھی تو انہوں نے عرض کیا میں سارا دن پھاوڑے سے محنت مزدوری کرتا ہوں، اس لئے ہاتھ پھٹ گئے ہیں تو آپ ﷺ نے اس کے ہاتھ کو بوسہ دے کر فرمایا یہ وہ ہاتھ ہیں جنہیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ بھی محبوب رکھتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ جل شانہ فرماتا ہے میں قیامت کے دن تین شخصوں کا مد مقابل ہوں گا ایک وہ شخص جو میرے نام پر وعدہ کر کے عہد شکنی کرے، دوسرے وہ شخص جو آزاد کو بیچے پھر اس کی قیمت کھائے، تیسرا وہ شخص جو مزدور سے کام لے اور اس کی مزدوری نہ دے۔

مثبت اشارے اور جامع حل کی تلاش

چین میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان سات روزہ مذاکرات میں کیا ہوا؟... عزیز اللہ خان

امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے بعد پاکستان اور افغانستان کے درمیان سات روز سے چین میں جاری مذاکرات میں مثبت اشارے ملے ہیں اور اس بارے میں چین کی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دونوں ممالک کشیدگی کے خاتمے کے لیے جامع حل تلاش کرنے پر متفق ہوئے ہیں۔

پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے جبکہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان جاری کشیدگی کے خاتمے کے لیے چین نے ثالثی کی ہے اور ان مذاکرات کے انعقاد میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان مذاکرات اس سے پہلے بھی ہو چکے ہیں لیکن اس مرتبہ کی کوششوں اور اس میں ہونے والے مذاکرات کو مثبت قرار دیا جا رہا ہے۔ کیا ان مذاکرات سے کوئی قابل عمل نتائج حاصل کیے جا سکیں گے اور یہ مذاکرات کیا دونوں ممالک کے درمیان حالات معمول پر لانے کا باعث بنیں گے؟

پاک افغان مذاکرات: چین نے کیا کہا ہے؟

یہ مذاکرات گزشتہ سات روز سے چین کے علاقے ارمچی میں جاری تھے اور اس میں پاکستان اور افغانستان کے وفود شریک تھے۔ چین کی وزارت خارجہ کی طرف سے ایک پریس کانفرنس میں کہا گیا ہے کہ افغانستان اور پاکستان گذشتہ سال اکتوبر میں شروع ہونے والی کشیدگی کا جامع حل تلاش کرنے پر متفق ہوئے ہیں۔

وزارت کے ترجمان ماننگ نے پریس کانفرنس میں کہا کہ دونوں ممالک نے چین میں ہونے والی ملاقاتوں کے دوران کوئی بھی ایسا اقدام نہ کرنے کا عہد کیا ہے جس سے صورتحال مزید خراب ہو یا پیچیدہ ہو۔ ترجمان نے مزید کہا کہ چین دونوں ممالک کے ساتھ جاری تعلقات کو برقرار رکھے گا اور بات چیت کو جاری رکھنے کے لیے ایک فریم ورک فراہم کرے گا۔

ترجمان نے کہا ہے کہ اس اجلاس میں چین، پاکستان اور افغانستان کے وفود شریک تھے اور فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ خطے کی پیچیدہ صورتحال کے پیش نظر افغانستان اور پاکستان کے درمیان بہتر تعلقات جنوبی ایشیا کے امن و استحکام کے لیے ناگزیر ہیں۔

اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان اختلافات کے حل کے لیے مکالمہ اور مشاورت ہی مؤثر راستہ ہے، جبکہ چین نے دہشت گردی کو دونوں ممالک کے تعلقات میں بنیادی مسئلہ قرار دیا ہے۔ تینوں ممالک نے ارمچی مذاکرات کو اگلے مرحلے میں جاری رکھنے اور اس سلسلے میں رابطے برقرار رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔

ان مذاکرات کے بارے میں اب تک پاکستان کی جانب سے کوئی بیان سامنے نہیں آیا ہے بلکہ اب تک خاموشی ہے۔ چند روز پہلے محکمہ خارجہ کے ترجمان نے ان مذاکرات کے بارے میں کہا تھا کہ چین کی ثالثی میں یہ مذاکرات ہو رہے ہیں لیکن اس بارے میں کوئی تفصیل فراہم نہیں کی گئی تھی۔

سینئر صحافی اور تجزیہ کار حسن خان نے بی بی سی کو بتایا ہے کہ ان مذاکرات میں سینئر سطح کے اراکین شریک نہیں تھے لیکن چین کے افغانستان میں سفیر نے افغانستان کے وزیر خارجہ امیر خان متقی سے ملاقات کی ہے اور اس میں دونوں جانب سے اچھی توقعات کا اظہار کیا ہے جبکہ پاکستان کے وزیر خارجہ کی بھی چین کے سفیر سے ملاقات ہوئی ہے۔

پاکستان میں کور کمانڈ کانفرنس کے بعد جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ افغانستان میں جاری آپریشن غضب للحق افغانستان میں دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں کے مکمل خاتمے تک اسی رفتار سے جاری رہے گا۔ اس بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے خلاف افغان سرزمین کے استعمال کو مکمل طور پر ختم کرنے تک یہ آپریشن جاری رہے گا۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے پاکستان کا بظاہر ون پوائنٹ ایجنڈا ہے کہ مسلح شدت پسند تنظیموں کے خلاف کارروائی کی جائے اور یہ کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے۔

افغانستان کا موقف: مذاکرات مثبت رہے!

اس بارے میں افغانستان کی جانب سے ایک بیان سامنے آیا جس میں افغان وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ چین میں پاکستان کے ساتھ مذاکرات مثبت رہے اور ان میں پیش رفت ہوئی ہے۔ افغان وزیر خارجہ مولوی امیر خان متقی نے کہا ہے کہ اب تک ہونے والی بات چیت مثبت رہی ہے اور امید ہے کہ معمولی نوعیت کے اختلافات مذاکرات کے عمل میں رکاوٹ نہیں بنیں گے۔

اس بارے میں افغانستان کے قطر میں سیاسی دفتر کے رہنما سہیل شاہین نے بی بی سی کی جانب سے پوچھے گئے ایک سوال پر کہا ہے کہ ان کے پاس ان مذاکرات کے بارے میں زیادہ تفصیل نہیں ہے لیکن ایک بات واضح ہے کہ یہ مذاکرات مثبت رہے ہیں۔

پاکستان کی جانب سے سب سے اہم مطالبہ یہ رہا ہے کہ افغانستان میں قائم طالبان حکومت تحریک طالبان پاکستان کو باضابطہ طور پر دہشت گرد تنظیم قرار دے، اس کے نیٹ ورک اور محفوظ ٹھکانوں کو ختم کرے اور اس حوالے سے قابل تصدیق اقدامات کرے

افغان سینئر صحافی اور تجزیہ کار سمیع یوسفزئی اب تک افغانستان اور پاکستان کے درمیان ہونے والی مذاکراتی عمل پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی جانب سے افغانستان میں شدید بمباری کے بعد یہ مذاکرات پہلے کی کاوشوں سے زیادہ مثبت انداز میں ہوئے ہیں اور اس کی ایک وجہ دونوں جانب سے شامل وفود کا ایک دوسرے کے ساتھ رویہ اس مرتبہ زیادہ مثبت اور بہتر رہا ہے۔

پاکستان اور افغانستان کے درمیان اکتوبر میں حالات اس وقت کشیدہ ہو گئے تھے جب پاکستان میں شدت پسندوں کے مسلسل حملوں کے بعد پاکستان نے افغانستان میں فضائی حملے کیے تھے۔ اس کے چند دنوں بعد افغانستان نے پاکستان کے سرحدی علاقوں میں متعدد مقامات پر حملے کیے تھے۔

پاکستان کی جانب سے افغانستان کے ساتھ سرحد ہر قسم کی تجارت کے لیے بند کر دی گئی جس پر افغانستان نے بھی پاکستان کے ساتھ تمام تجارتی سرگرمیاں ختم کر دی تھیں اور پاکستانی اشیا کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کر دی تھی۔

یہ مذاکرات کتنے قابل عمل ہوں گے؟

اگرچہ ان مذاکرات کے بارے میں سرکاری سطح پر کوئی باضابطہ بیان سامنے نہیں آیا اور نہ ہی کوئی ایسا اعلامیہ جاری کیا گیا ہے جس میں ان موضوعات کا ذکر ہو جس پر دونوں ممالک نے بات چیت کی ہو تاہم اس بارے میں ذرائع سے معلومات سامنے آتی رہی ہیں۔

اگر پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالات میں اگر کوئی مشکل پیدا ہوتی ہے تو اس میں سرحد کو بند نہیں کیا جانا چاہیے، تجارت کو سیاست سے الگ رکھنا چاہیے، طالبان حکومت کا موقف

سینئر صحافی اور تجزیہ کار رفعت اللہ اورکزئی کا کہنا تھا کہ پاکستان اور افغانستان نے ان مذاکرات میں اپنا اپنا موقف بیان کیا ہے اور یہاں یہ بات اہم ہے کہ دونوں ممالک سات دن تک مذاکرات کرتے رہے ہیں جس میں دونوں ممالک نے کھل کر بات چیت کی ہے۔

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ بظاہر پاکستان کا ایک بڑا مطالبہ ہے جو پاکستانی حکام ہر موقع پر دہراتے رہے ہیں کہ افغانستان میں ایسی تنظیمیں اور گروہ ہیں جو پاکستان میں مسلح کارروائیوں میں ملوث ہیں اور افغانستان ان کے خلاف کارروائیاں نہیں کر رہا جس وجہ سے دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی بڑھی ہے۔ پاکستان کی جانب سے سب سے اہم مطالبہ یہ رہا ہے کہ افغانستان میں قائم طالبان حکومت تحریک طالبان پاکستان کو باضابطہ طور پر دہشت گرد تنظیم قرار دے، اس کے نیٹ ورک اور محفوظ ٹھکانوں کو ختم کرے اور اس حوالے سے قابل تصدیق اقدامات کرے۔ اس کے علاوہ پاکستان نے جنگ بندی، سرحد پار حملوں کی روک تھام پر بھی زور دیا ہے۔

دوسری جانب افغانستان نے پاکستان کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ اس کی سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہو رہی اور مسئلہ پاکستان کے اندرونی حالات سے جڑا ہوا ہے۔ افغان حکام کا کہنا ہے کہ پاکستان اپنے اندرونی حالات بہتر کرے اور یہ گروہ یا تنظیمیں پاکستان کے اندر موجود ہیں۔ حسن خان کا کہنا ہے کہ ان مطالبات پر عمل درآمد دیکھا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کوئی پیش رفت ہوتی ہے تو آئندہ مذاکرات زیادہ سینئر سطح کے وفود کے ساتھ ہوں گے۔

رفعت اللہ اورکزئی کا کہنا تھا کہ پاکستان کا موقف یہ رہا ہے کہ مسلح شدت پسند تنظیمیں جن میں کالعدم تنظیم تحریک طالبان پاکستان، حافظ گل بہادر گروپ اور اتحاد المجاہدین پاکستان اور اس کے علاوہ جماعت الاحرار جن کی کارروائیاں پاکستان میں ہو رہی ہیں، اب افغانستان کو دیکھنا ہوگا کہ وہ ان کے خلاف کیا کارروائیاں کرتا ہے۔ ساتھ ہی یہ بھی دیکھا جائے گا کہ ان تنظیموں کے حملوں میں کتنی کمی واقع ہوتی ہے اور اگر یہ حملے کم ہوتے ہیں یا رک جاتے ہیں تو دونوں ممالک کے درمیان ان مذاکرات کامیاب ہو سکتے ہیں۔ ان تنظیموں میں القاعدہ اور داعش جیسی تنظیمیں بھی ہیں۔

تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ اگرچہ القاعدہ کی کارروائیاں اب نہ ہونے کے برابر ہیں لیکن داعش ایک ایسی تنظیم ہے جس پر افغانستان کو بھی اعتراض ہے اور افغان حکام یہ کہتے آئے ہیں کہ داعش پاکستان میں بھی موجود ہے اور افغانستان نے مبینہ طور پر داعش کے خلاف بڑی کارروائیاں بھی کی ہیں۔

رفعت اللہ اورکزئی کہتے ہیں کہ گزشتہ چند روز سے طالبان کی کارروائیوں میں کمی آئی ہے۔ عام طور پر جیسے طالبان کی جانب سے حملوں کی ذمہ داری لی جاتی ہے اب وہ بہت کم ہو چکے ہیں اور بعض اوقات ایسے واقعات کی ذمہ داری بھی لیتے ہیں جن میں کوئی نقصان نہیں ہوتا اور صرف حملہ کیا جاتا ہے۔

پاکستان کی جانب سے کچھ عرصہ پہلے بھی افغانستان سے کہا گیا تھا کہ ان تنظیموں کو غیر مسلح کیا جائے۔ ایسی اطلاعات بھی موصول ہوئی تھیں کہ افغان حکام نے ان تنظیموں سے وابستہ لوگوں کو افغانستان کے ان دور دراز علاقوں میں منتقل کر دیا تھا جو پاکستان کی سرحد سے دور تھے۔ افغانستان کی جانب سے بھی ان مذاکرات میں ذرائع کے مطابق پاکستان کی جانب سے سرحد کی بندش پر اعتراضات سامنے آئے ہیں۔

افغانستان کا موقف ہے کہ اگر پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالات میں اگر کوئی مشکل پیدا ہوتی ہے تو اس میں سرحد کو بند نہیں کیا جانا چاہیے۔ ان کا موقف یہ بھی رہا ہے کہ تجارت کو سیاست سے الگ رکھنا چاہیے۔ رفعت اللہ اورکزئی کا کہنا ہے کہ افغان حکام یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان کے ساتھ تجارت کے تمام راستے کھلے رہنے چاہییں ان میں طورخم، خرلاچی، غلام خان، انگور اڈا اور چمن شامل ہیں۔ سمیع یوسفزئی کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کا اپنا اپنا موقف ہے اور یہ مذاکرات کتنے پائیدار ہوں گے اس بارے میں فی الوقت کچھ نہیں کہا جا سکتا لیکن پاکستان اور افغانستان دونوں ممالک لمبی جنگ نہیں لڑ سکتے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہر بات کا انحصار ٹی ٹی پی پر ہے کہ اگر یہ تنظیم حملے کرتی ہے تو حالات میں بہتری کی امید نہیں ہے لیکن پاکستان اور افغانستان کے رویوں میں نرمی آئی ہے اور ایک وقت کے بعد یہ حالات بہتر ہوں گے۔

پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ بندی کی ماضی کی کوششیں ناکام کیوں ہوئیں؟

یہ کوئی پہلا موقع نہیں ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان مذاکرات شروع ہوئے ہیں۔ بلکہ اکتوبر میں دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی بڑھنے کے بعد پہلے قطر، پھر ترکی اور سعودی عرب نے بھی کوششیں کی تھیں لیکن کوئی کامیابی حاصل نہیں ہوئی تھی۔

چین اس سے پہلے بھی کوششیں کر چکا ہے۔ یہ مذاکرات دو یا تین دن تک جاری رہنے کے بعد بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گئے تھے۔

سینئر صحافی اور تجزیہ کار افتخار فردوس اور طاہر خان گذشتہ برس ترکی اور خلیجی ممالک کی جانب سے پاکستان اور افغانستان کے درمیان شروع کیے گئے مذاکراتی عمل کی ناکامی کو پاکستان کی جانب سے تحریری ضمانت کے مطالبے اور طالبان کی جانب سے اس سے انکار کو گردانتے ہیں۔

طاہر خان کے مطابق پاکستان کا اصرار تھا کہ طالبان تحریری ضمانت دیں کہ افغانستان کی سرزمین سے کوئی دہشتگردی کا واقعہ نہیں ہوگا اور اگر ہوا تو پاکستان اس پر کارروائی کرے گا۔ مذاکرات اس لیے ناکام ہوئے کیونکہ پاکستان چاہتا ہے کہ طالبان حکومت اپنے ملک کے اندر سے پاکستان میں کارروائیاں کرنے والے گروہوں کو پکڑے، انھیں غیر مسلح کرے اور انھیں پاکستان کے حوالے کرے۔

دوسری جانب افغان طالبان کا کہنا تھا کہ آپ ان (گروہوں) سے مذاکرات کریں۔ ڈیرہ اسماعیل خان، پشاور، لکی مروت، بنوں کی سکیورٹی کی ذمہ داری ہماری نہیں آپ کی ہے، ہم کابل کی گارنٹی نہیں لے سکتے تو پشاور کی کیسے دیں۔ افتخار فردوس کہتے ہیں کہ طالبان کے نقطہ نظر سے مشترکہ بارڈر میکانزم بنانے کا مطلب ڈیورنڈ لائن کو تسلیم شدہ سرحد کے طور پر قبول کرنا ہوگا۔ افغان طالبان نہ صرف علاقے کے جغرافیہ کو تاریخی پس منظر میں دیکھتے ہیں بلکہ وہ پاکستانی طالبان کو تحفظ فراہم کرنا اپنا نظریاتی فرض سمجھتے ہیں۔ طاہر خان کہتے ہیں کہ ارمچی میں ہونے والے مذاکرات دونوں ملکوں کے درمیان امن قائم کرنے کی کوششوں کے سلسلے کی ایک کڑی تو ہے لیکن چین کی ثالثی میں ہونے والا مذاکراتی عمل پچھلی کوششوں سے مختلف ہے۔

مشرقِ وسطیٰ کا طوفان... سمیع اللہ ملک

اگر اس جنگ کو صرف ایران اور اسرائیل کے درمیان ایک عسکری تصادم کے طور پر دیکھا جائے تو شاید اس کی اصل نوعیت سمجھ میں نہ آئے۔ حقیقت یہ ہے کہ مشرق وسطی میں ہونے والی تقریباً ہر بڑی جنگ دراصل علاقائی اور عالمی طاقتوں کے درمیان طاقت کے توازن کی کشمکش کا مظہر ہوتی ہے۔ موجودہ جنگ بھی اسی طویل تاریخی سلسلے کا ایک نیا باب معلوم ہوتی ہے۔

اس خطے کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ یہاں کے تنازعات کبھی محض دو ریاستوں کے درمیان نہیں رہتے بلکہ ان کے پیچھے وسیع تر جغرافیائی سیاسی مفادات کارفرما ہوتے ہیں۔ بیسویں صدی کے وسط سے لے کر آج تک مشرق وسطی کی سیاست تین بنیادی عوامل کے گرد گھومتی رہی ہے: توانائی کے وسائل، عالمی طاقتوں کی مداخلت اور علاقائی طاقتوں کی رقابت۔ موجودہ جنگ کو بھی انہی عوامل کے تناظر میں سمجھنا ضروری ہے۔

ہر جنگ صرف میدانِ جنگ میں نہیں لڑی جاتی بلکہ اس کا ایک بڑا حصہ نفسیاتی اور اطلاعاتی جنگ پر مشتمل ہوتا ہے۔ موجودہ جنگ میں بھی یہی عنصر نمایاں ہے۔ ایران، اسرائیل اور امریکا تینوں اپنی اپنی کامیابیوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کر رہے ہیں جبکہ نقصانات کو کم ظاہر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

28 فروری کی شب، جب دنیا کے بیشتر حصوں میں زندگی معمول کے مطابق جاری تھی، مشرق وسطی کی فضاؤں میں ایک نئی ہلچل جنم لے رہی تھی۔ جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب اچانک امریکا اور اسرائیل نے ایران پر وسیع فضائی حملوں کا آغاز کر دیا۔ چند ہی گھنٹوں کے اندر اندر وہ خطہ جو پہلے ہی کئی دہائیوں سے سیاسی کشیدگی، پراکسی جنگوں اور طاقت کے توازن کی کشمکش کا میدان رہا ہے، ایک نئی اور خطرناک جنگ کی لپیٹ میں آ گیا۔ صبح ہوتے ہوتے دنیا کو معلوم ہو چکا تھا کہ مشرق وسطی میں ایک نئی جنگ شروع ہو چکی ہے۔ ایران نے فوری طور پر جوابی کارروائی کرتے ہوئے اسرائیل اور خطے میں موجود امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنانا شروع کر دیا۔ چند دنوں میں صورتحال اس حد تک بگڑ گئی کہ نہ صرف ایران اور اسرائیل بلکہ پورا خطہ اس تصادم کی زد میں آ گیا۔

ابتدائی اطلاعات کے مطابق اس جنگ میں ایران کی اعلی قیادت کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ ایران کے رہبر اعلی آیت اللہ علی خامنہ ای سمیت اعلی فوجی قیادت کے متعدد افراد ہلاک ہونے کی خبریں سامنے آئیں۔ امریکی اور اسرائیلی حملوں میں تین ہزار سے زائد ایرانی شہری مارے جا چکے ہیں جن میں ڈیڑھ سو سے زیادہ اسکول کی بچیاں بھی شامل بتائی جاتی ہیں۔ دوسری طرف ایران کی جوابی کارروائیوں میں اسرائیلی شہریوں اور امریکی فوجیوں کی ہلاکتیں بھی رپورٹ ہوئی ہیں۔ لیکن اس جنگ کا دائرہ صرف ایران اور اسرائیل تک محدود نہیں رہا۔ لبنان، عراق اور شام کے بعد اب خلیجی ممالک بھی اس کے اثرات محسوس کر رہے ہیں۔ سعودی عرب، قطر، عمان، بحرین اور متحدہ عرب امارات جیسے ممالک اس تصادم کے سائے میں آ چکے ہیں۔ ایران نے ایک طرف آبنائے ہرمز کو بند کرنے کا اعلان کیا ہے، جبکہ دوسری طرف خلیجی ممالک کے اندر موجود توانائی کے بنیادی ڈھانچے، امریکی سفارت خانوں اور ایئرپورٹس کو بھی نشانہ بنایا ہے۔ جیسے جیسے یہ جنگ پھیل رہی ہے، خطے میں جانی اور مالی نقصان بڑھتا جا رہا ہے۔ اس پس منظر میں یہ سوال نہایت اہم ہو جاتا ہے کہ اسرائیل اور امریکا کے ایران پر حملوں کے بعد شروع ہونے والی اس جنگ کے خلیجی عرب ممالک اور پورے مشرق وسطی پر کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

اس تناظر میں دو بنیادی سوالات سامنے آتے ہیں:

ایران امریکی اڈوں کے ساتھ ساتھ خلیجی ممالک کے غیر فوجی اہداف کو کیوں نشانہ بنا رہا ہے؟

اس تنازع کا خلیجی ممالک کے باہمی تعلقات اور امریکا کے ساتھ ان کے تعلقات پر کیا اثر پڑ سکتا ہے؟

اگر موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو امریکا اور اسرائیل کا دعوی ہے کہ ایران میں کئی اہم فوجی اور سیاسی اہداف کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ ان کے مطابق رہبر اعلی کے کمپاؤنڈ، پاسداران انقلاب کے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر اور صدارتی دفتر سمیت کئی اہم مقامات کو تباہ کیا گیا۔ امریکی حکام کے مطابق پہلے 48 گھنٹوں میں ایران کے اندر 1200 سے زائد اہداف پر حملے کیے گئے۔ دوسری جانب ایران کا کہنا ہے کہ جنوبی ایران میں میناب کے مقام پر ایک اسکول پر تین میزائل داغے گئے جن میں 150 سے زائد طالبات شہید ہوئیں۔ اسی طرح کرمان شاہ اور تبریز میں فوجی تنصیبات، جبکہ بندر عباس اور کنارک کے علاقوں میں ایرانی بحری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعوی کیا کہ امریکی افواج نے ایران کے 28 بحری جہاز تباہ کر دیئے اور ایران کے بحری ہیڈ کوارٹر کو تقریباً ناکارہ بنا دیا۔ ایران نے پہلے ہی خبردار کیا تھا کہ اگر اس پر حملہ ہوا تو وہ پورے خطے میں امریکی اور اسرائیلی مفادات کو نشانہ بنائے گا۔ اور واقعی یہی ہوا۔ ایران نے اپنی جوابی کارروائی میں اسرائیل کے علاوہ کویت، اردن، بحرین، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں موجود امریکی فوجی اڈوں پر سینکڑوں میزائل داغے اور تقریباً ایک ہزار ڈرون حملے کیے۔ بحرین میں امریکی بحریہ کے ففتھ فلیٹ ہیڈ کوارٹر، سعودی عرب کی راس تنورہ آئل ریفائنری اور دبئی کی جبل علی بندرگاہ جیسے اہم مراکز کو نشانہ بنایا گیا۔

یہاں ایک اہم سوال پیدا ہوتا ہے، کیا امریکا کو یہ اندازہ نہیں تھا کہ ایران اس طرح پورے خطے میں جوابی کارروائی کرے گا؟ تجزیہ کاروں کے مطابق امریکا کو اس بات کا مکمل اندازہ تھا کہ ایران ردعمل دے گا۔ درحقیقت جنگ شروع ہونے سے پہلے ہی امریکی فوج نے اپنی کئی اہم تنصیبات کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا تھا۔ بحرین میں موجود پانچویں بحری بیڑے کے کچھ جہاز ہٹا دیئے گئے، قطر کے العدید ایئر بیس سے کئی طیارے منتقل کر دیئے گئے اور کچھ فارورڈ آپریٹنگ پوزیشنز کو اردن اور اسرائیل کے اندر منتقل کیا گیا یعنی جنگ کی قیمت اور اس کے ممکنہ اثرات پہلے ہی حساب میں لائے جا چکے تھے۔

اگرچہ فوجی نقصان کی شدت کے بارے میں مختلف آرا موجود ہیں، لیکن ایک چیز پر سب متفق ہیں کہ اس جنگ کی معاشی قیمت مسلسل بڑھ رہی ہے۔ تیل اور گیس کی عالمی قیمتیں تیزی سے اوپر جا رہی ہیں۔ عالمی مارکیٹوں میں بے یقینی بڑھ رہی ہے اور سرمایہ کار محتاط ہو گئے ہیں۔ معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ مارکیٹیں عموما غیر متوقع واقعات پر شدید ردعمل دیتی ہیں، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ اکثر حالات معمول پر واپس آ جاتے ہیں۔ تاہم مشرق وسطی کی جنگوں کا مسئلہ یہ ہے کہ وہ اکثر مختصر نہیں ہوتیں۔

خلیجی ممالک کے اندر بڑھتی بے چینی اب ایک نئی بحث جنم لے رہی ہے۔ کچھ سعودی حکام اب کھلے عام یہ کہہ رہے ہیں کہ امریکا کی دفاعی حکمت عملی کا اصل مرکز اسرائیل ہے، نہ کہ خلیجی ممالک۔ ان کا کہنا ہے کہ امریکا اسرائیل کی سلامتی کے بارے میں تو فوری ردعمل دیتا ہے، لیکن خلیجی ممالک کو پہنچنے والے نقصانات پر اتنی سنجیدگی نہیں دکھاتا۔ یہ احساس بہت حد تک درست اور خلیجی ممالک میں ایک طرح کی ناراضی کو جنم دے رہا ہے۔ سیاسی نظام جب دباؤ میں آتے ہیں تو ان کے اندر موجود دراڑیں بھی نمایاں ہو جاتی ہیں۔ یہی صورتحال اب خلیجی خطے میں نظر آ رہی ہے۔

ایران خلیجی ممالک کو کیوں نشانہ بنا رہا ہے؟ یہ سوال اس جنگ کا سب سے اہم پہلو ہے۔ ایران کا مؤقف یہ ہے کہ وہ براہ راست خلیجی ممالک کو نشانہ نہیں بنا رہا بلکہ ان ممالک میں موجود امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنا رہا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے مطابق اگر امریکا ہمارے خلاف حملے ان اڈوں سے کرتا ہے تو وہ اڈے ہمارے لیے جائز فوجی اہداف ہیں لیکن حقیقت اس سے زیادہ پیچیدہ ہے۔ کچھ حملے ایسے بھی ہوئے ہیں جن میں خلیجی ممالک کے شہری انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا ہے، مثلاً متحدہ عرب امارات کے ایئرپورٹس یا بحرین کے بعض شہری علاقے۔ یہ محض حادثہ نہیں لگتا۔ زیادہ تر تجزیہ کاروں کے مطابق ایران دراصل جنگ کی قیمت پورے خطے کیلئے بڑھانا چاہتا ہے۔ اگر خلیجی ممالک کو اس جنگ کا معاشی اور سیاسی نقصان ہوگا تو وہ امریکا پر دباؤ ڈالیں گے کہ وہ جنگ ختم کرے۔

درحقیقت جنگ شروع ہونے سے پہلے ہی امریکی فوج نے اپنی کئی اہم تنصیبات کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا تھا۔ بحرین میں موجود پانچویں بحری بیڑے کے کچھ جہاز ہٹا دیئے گئے، قطر کے العدید ایئر بیس سے کئی طیارے منتقل کر دیئے گئے اور کچھ فارورڈ آپریٹنگ پوزیشنز کو اردن اور اسرائیل کے اندر منتقل کیا گیا یعنی جنگ کی قیمت اور اس کے ممکنہ اثرات پہلے ہی حساب میں لائے جا چکے تھے۔

کیا خلیجی ممالک جنگ میں شامل ہوں گے؟ یہ بھی ایک اہم سوال ہے۔ خلیجی ممالک نے سخت بیانات ضرور دیئے ہیں لیکن انہوں نے ابھی تک براہ راست فوجی کارروائی نہیں کی۔ اس کی ایک بڑی وجہ صلاحیت کی کمی بھی ہے۔ اگر ان کے پاس مکمل دفاعی صلاحیت ہوتی تو خطے میں اتنے بڑے امریکی فوجی اڈے موجود نہ ہوتے۔ قطر میں العدید ایئر بیس، بحرین میں ففتھ فلیٹ اور سعودی عرب میں امریکی فوجی تنصیبات اس بات کا ثبوت ہیں کہ خلیجی ممالک اپنی سلامتی کیلئے امریکا پر انحصار کرتے ہیں۔

اس جنگ کا ایک بڑا نتیجہ یہ ہو سکتا ہے کہ خلیج میں عسکریت پسندی بڑھ جائے۔ ایران کے ڈرون اور میزائل پروگرام نے خلیجی ممالک کو یہ احساس دلایا ہے کہ وہ براہ راست خطرے میں ہیں۔ ایران کے شہید ڈرونز تقریباً 2000 کلو میٹر تک مار کر سکتے ہیں، جس کا مطلب ہے کہ پورا خلیجی خطہ ان کی پہنچ میں ہے۔ اسی لیے خلیجی ممالک پہلے ہی میزائل دفاعی نظاموں پر اربوں ڈالر خرچ کر رہے ہیں۔

اس جنگ کا سب سے بڑا اثر عام لوگوں پر پڑ رہا ہے۔ خلیجی ممالک کی معیشتیں عالمی سرمایہ کاری اور بیرونی افرادی قوت پر قائم ہیں۔ پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش کے لاکھوں لوگ وہاں کام کرتے ہیں۔ اب جب ایئرپورٹس بند ہیں اور میزائل حملوں کا خطرہ موجود ہے تو ہزاروں لوگ وہاں پھنس گئے ہیں۔ کئی مسافروں کی دل دہلا دینے والی کہانیاں میڈیا پر سامنے آ رہی ہیں۔ ایک امریکی خاتون نے روتے ہوئے کہا ہم نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ ہم بھی ایسے حالات میں پھنس جائیں گے۔ ایک اور مسافر نے بتایا کہ وہ میزائل حملوں سے بچنے کیلئے پہاڑوں کی طرف بھاگ گئے۔ یہ صورتحال اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ جنگ ہمیشہ عام انسان کی زندگی کو سب سے زیادہ متاثر کرتی ہے۔

کیا امریکا اور خلیجی ممالک کے تعلقات بدل رہے ہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ مختصر مدت میں شاید نہیں۔ امریکا اب بھی خلیجی ممالک کا سب سے بڑا سکیورٹی فراہم کرنے والا ہے۔ لیکن طویل مدت میں تبدیلی کے آثار نظر آ رہے ہیں۔ خلیجی ممالک اب اپنی دفاعی پالیسیوں کو متنوع بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وہ چین، یورپ اور دیگر ممالک کے ساتھ دفاعی تعاون بڑھا رہے ہیں تاکہ مکمل طور پر امریکا پر انحصار نہ کرنا پڑے۔

ادھر دوسری طرف مشرق وسطی کی نئی جنگ اور عالمی سیاست کے وسیع تناظر میں دیکھا جائے تو ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز کو بند کرنے کی دھمکی نے عالمی معیشت میں بے چینی پیدا کر دی ہے۔ یہ سمندری راستہ دنیا کے سب سے اہم توانائی کے راستوں میں شمار ہوتا ہے۔ عالمی سطح پر تیل کی ایک بڑی مقدار اسی راستے سے گزرتی ہے۔ اگر اس راستے میں رکاوٹ پیدا ہو جائے تو نہ صرف تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہو سکتا ہے بلکہ عالمی تجارتی نظام بھی متاثر ہو سکتا ہے۔ ابھی ایران کی طرف سے مسلسل یہ اعلان سامنے آ رہا ہے کہ اس نے آبنائے ہرمز بند نہیں کی لیکن تیل کی عالمی قیمتیں آسمان کی طرف پرواز کرتی دکھائی دے رہی ہیں اور دنیا بھر کے اسٹاک ایکسچینج میں مندی کی اطلاعات آنا شروع ہو گئی ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ امریکا اور اس کے اتحادی ہمیشہ اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کرتے رہے ہیں کہ آبنائے ہرمز کھلی رہے۔ ایران اس حقیقت سے بخوبی واقف ہے اور اسی لیے اس نے بارہا اس راستے کو ایک اسٹریٹجک دباؤ کے آلے کے طور پر استعمال کرنے کی دھمکی دی ہے۔ پاسداران انقلاب کے کمانڈر نے ٹرمپ کی دھمکیوں کے جواب میں کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے کسی بھی تجارتی جہاز کیلئے کھول کر دکھا، جس کے بعد تمام عالمی جہاز راں کمپنیوں نے اپنے جہازوں کو اس روٹ کو استعمال کرنا چھوڑ دیا ہے۔ موجودہ جنگ میں بھی یہی حکمت عملی نظر آتی ہے۔ ایران یہ پیغام دینا چاہتا ہے کہ اگر اس کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہوا تو وہ عالمی معیشت کیلئے بھی مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔

ہر جنگ صرف میدان جنگ میں نہیں لڑی جاتی بلکہ اس کا ایک بڑا حصہ نفسیاتی اور اطلاعاتی جنگ پر مشتمل ہوتا ہے۔ موجودہ جنگ میں بھی یہی عنصر نمایاں ہے۔ ایران، اسرائیل اور امریکا تینوں اپنی اپنی کامیابیوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کر رہے ہیں جبکہ نقصانات کو کم ظاہر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ میڈیا کے ذریعے عوامی رائے کو متاثر کرنا بھی اس جنگ کا ایک اہم حصہ بن چکا ہے۔ ایک طرف ایرانی میڈیا اپنے عوام کو یہ یقین دلانے کی کوشش کر رہا ہے کہ وہ ایک بڑی عالمی طاقت کے خلاف مزاحمت کر رہا ہے، جبکہ دوسری طرف اسرائیلی اور امریکی میڈیا اس جنگ کو ایران کے عسکری ڈھانچے کو کمزور کرنے کی مہم کے طور پر پیش کر رہے ہیں۔

خلیجی ی ممالک اب چین، یورپ اور دیگر ممالک کے ساتھ دفاعی تعاون بڑھا رہے ہیں تاکہ مکمل طور پر امریکا پر انحصار نہ کرنا پڑے۔

خلیجی ممالک کیلئے یہ جنگ صرف ایک خارجی مسئلہ نہیں بلکہ داخلی سطح پر بھی ایک بڑا چیلنج ہے۔ گزشتہ تین دہائیوں میں ان ممالک نے اپنے آپ کو ایک ایسے خطے کے طور پر پیش کیا ہے جہاں معاشی ترقی، جدید انفراسٹرکچر اور عالمی سرمایہ کاری کو فروغ دیا جاتا ہے۔ دبئی، دوحہ اور ریاض جیسے شہر اس پالیسی کی مثال ہیں۔ یہاں دنیا بھر سے سرمایہ کار، سیاح اور مزدور آتے ہیں۔ لیکن جنگ کے ماحول میں یہ ماڈل شدید دباؤ کا شکار ہو سکتا ہے۔ اگر خطے میں مسلسل عدم استحکام پیدا ہوتا ہے تو عالمی سرمایہ کار محتاط ہو سکتے ہیں اور سیاحت و تجارت پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ خلیجی ممالک اس جنگ کے جلد خاتمے کے خواہاں نظر آتے ہیں۔

تاہم ایران کی عسکری اور سیاسی حکمت عملی کو سمجھنے کیلئے اس کے تاریخی تجربات کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ ایران نے 1980 کی دہائی میں عراق کے ساتھ آٹھ سالہ طویل جنگ کا سامنا کیا تھا جس میں اسے شدید جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ اس جنگ کے بعد ایران نے اپنی دفاعی پالیسی میں بنیادی تبدیلیاں کیں۔ اس نے روایتی فوجی طاقت کے بجائے میزائل پروگرام، ڈرون ٹیکنالوجی اور علاقائی اتحادی گروہوں پر زیادہ انحصار کرنا شروع کیا۔ یہی وجہ ہے کہ آج ایران کے پاس ایک ایسا میزائل اور ڈرون نیٹ ورک موجود ہے جو پورے خطے میں اثر انداز ہو سکتا ہے۔ موجودہ جنگ میں ایران اسی حکمت عملی کو استعمال کر رہا ہے۔ وہ براہ راست محاذ آرائی کی بجائے مختلف محاذوں پر دباؤ ڈال کر اپنے مخالفین کو تھکانے کی کوشش کر رہا ہے۔

اسرائیل کی پالیسی ہمیشہ سے یہ رہی ہے کہ وہ اپنے ممکنہ خطرات کو ابتدائی مرحلے میں ہی ختم کرنے کی کوشش کرے۔ اسی اصول کے تحت اس نے ماضی میں عراق اور شام کے جوہری پروگراموں کو نشانہ بنایا تھا۔ اسرائیل کیلئے ایران کا عسکری پروگرام اور اس کے علاقائی اتحادی ایک بڑا خطرہ سمجھے جاتے ہیں۔ اسی لیے اسرائیل بارہا یہ اعلان کر چکا ہے کہ وہ ایران کو جوہری یا عسکری برتری حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔ موجودہ جنگ کو بھی اسی پالیسی کا تسلسل سمجھا جا سکتا ہے۔

مشرق وسطی کی کسی بھی بڑی جنگ میں عالمی طاقتوں کا کردار ہمیشہ اہم رہا ہے۔ امریکا تو براہ راست اس تنازع کا حصہ ہے، لیکن چین، روس اور یورپی ممالک بھی اس صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ چین کی معیشت توانائی کے درآمدی وسائل پر انحصار کرتی ہے، اس لیے اسے خلیجی خطے میں استحکام کی ضرورت ہے۔ روس بھی اس خطے میں اپنی سفارتی اور عسکری موجودگی کو برقرار رکھنا چاہتا ہے۔ ممکن ہے کہ آنے والے دنوں میں یہ ممالک جنگ بندی یا سفارتی حل کی کوششوں میں کردار ادا کریں۔ موجودہ صورتحال کو دیکھتے ہوئے چند ممکنہ منظر نامے سامنے آ سکتے ہیں۔

پہلا منظر نامہ یہ ہے کہ جنگ محدود دائرے میں رہتے ہوئے چند ہفتوں یا مہینوں میں ختم ہو جائے۔ اس صورت میں دونوں فریق اپنی اپنی کامیابیوں کا اعلان کر کے پیچھے ہٹ سکتے ہیں۔

دوسرا منظر نامہ یہ ہے کہ جنگ طویل ہو جائے اور خطے کے مزید ممالک اس میں شامل ہو جائیں۔ یہ صورتحال عالمی معیشت کیلئے انتہائی خطرناک ہو سکتی ہے۔

تیسرا منظر نامہ یہ ہے کہ بین الاقوامی دباؤ کے نتیجے میں سفارتی مذاکرات شروع ہو جائیں اور کسی سمجھوتے کے ذریعے کشیدگی کم کر دی جائے۔

ہر جنگ کی طرح اس جنگ کا سب سے بڑا نقصان عام لوگوں کو اٹھانا پڑ رہا ہے۔ شہری آبادیوں پر حملوں، نقل مکانی اور معاشی مشکلات نے لاکھوں لوگوں کی زندگیوں کو متاثر کیا ہے۔ بچے، خواتین اور بزرگ وہ طبقہ ہیں جو سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ جنگی ماحول میں تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع محدود ہو جاتے ہیں اور معاشرتی ڈھانچہ کمزور پڑنے لگتا ہے۔ یہ انسانی پہلو اکثر سیاسی بحثوں میں نظر انداز ہو جاتا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ جنگ کی اصل قیمت یہی عام لوگ ادا کرتے ہیں۔ اگر مجموعی طور پر اس جنگ کا جائزہ لیا جائے تو یہ واضح ہوتا ہے کہ مشرق وسطی ایک بار پھر ایک اہم تاریخی موڑ پر کھڑا ہے۔ اس جنگ کے اثرات صرف ایران، اسرائیل یا خلیجی ممالک تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ عالمی سیاست اور معیشت کو بھی متاثر کریں گے۔

یہ کہنا ابھی قبل از وقت ہے کہ یہ جنگ کس سمت جائے گی لیکن ایک بات یقینی ہے کہ اس کے اثرات طویل عرصے تک محسوس کیے جائیں گے۔ مشرق وسطی کی تاریخ ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ یہاں ہونے والی جنگیں کبھی صرف میدان جنگ تک محدود نہیں رہتیں بلکہ وہ عالمی طاقتوں کی سیاست، توانائی کی منڈیوں اور بین الاقوامی تعلقات کو بھی نئی شکل دیتی ہیں۔ ممکن ہے کہ آنے والے برسوں میں مورخین اس جنگ کو اکیسویں صدی کے ان واقعات میں شمار کریں جو عالمی نظام کے توازن کو بدلنے کا سبب بنے۔

اگر اس پوری صورتحال کو ایران کے زاویے سے دیکھا جائے تو یہ صرف جوابی کارروائی نہیں بلکہ بقا کی جنگ بن چکی ہے۔ ایران یہ واضح کرنا چاہتا ہے کہ اگر وہ غیر مستحکم ہوا تو پورا خطہ بھی غیر مستحکم ہو جائے گا۔ دوسری طرف خلیجی ممالک ایک مشکل صورتحال میں پھنس چکے ہیں۔ اگر جنگ طویل ہو جاتی ہے تو اس کی سب سے بڑی قیمت شاید انہی ممالک کو ادا کرنا پڑے گی۔ ان کی معیشت، سلامتی اور عالمی سرمایہ کاری سب خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ اس جنگ کا حقیقی میدان شاید ایران اور اسرائیل نہ ہوں بلکہ پورا مشرق وسطی ہو۔ اور تاریخ ہمیں یہ بتاتی ہے کہ جب مشرق وسطی میں جنگیں شروع ہوتی ہیں تو ان کے اثرات صرف خطے تک محدود نہیں رہتے بلکہ پوری دنیا کو متاثر کرتے ہیں۔

کچہ ایریا میں حکومتی رٹ قائم، مریم نواز کا تاریخی ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کا اعلان

کچہ ایریا میں اپنا کھیت، اپنا روزگار شروع کرنے کا اعلان، 14ہزار500 ایکڑ سرکاری اراضی کچہ کے لوگوں کو دینے کا حکم

کچہ میں امن وامان کیلئے 7.1ارب، سوشل انفراسٹرکچر پر 13.9ارب اور دیگر امور پر 1.7ارب روپے خرچ ہوں گے

لاہور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کچہ ایریا میں 23ارب روپے کے تاریخی ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کا اعلان کیا ہے۔ 23ارب روپے سے کچہ ایریا ڈویلپمنٹ پروگرام، سکول، ہسپتال، سڑکیں اور برج بنیں گے۔ مریم نواز نے کچہ ایریا میں اپنا کھیت، اپنا روزگار شروع کرنے کا بھی اعلان کیا ہے۔ 14ہزار500 ایکڑ سرکاری اراضی کچہ کے لوگوں کو دینے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں کچہ ایریا میں ڈویلپمنٹ، امن وامان اور دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پہلی مرتبہ کچہ میں 5ماہ میں کوئی واقعہ پیش نہیں آیا۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ حکومت کی رٹ مضبوطی سے قائم ہوئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کچہ کے لئے ٹرانسپورٹ اور کلینک آن ویل بھیجنے کا بھی حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر موبائل ویٹرنری ہسپتال اور لیب بھی مہیا کی جائے گی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ کچہ کے علاقے میں پہلی مرتبہ جدید سولر انرجی سے چلنے والی ڈرون سرویلنس شروع کر دی گئی ہے۔ اجلاس کو بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ کچہ میں امن وامان کے لئے 7.1ارب، سوشل انفراسٹرکچر پر 13.9ارب اور دیگر امور پر 1.7ارب روپے خرچ کیے جائیں گے۔ کچہ ایریا میں 6551طالبات کو سکول میل ملک پیک، 300طلبہ کو ہونہار سکالرشپ اور 300 کو لیپ ٹاپ بھی ملیں گے۔ کچہ

﴿باقی صفحہ 12بقیہ نمبر12﴾

پاکستانی صحت کے نظام میں ڈریپ نے ایک اہم سنگ میل عبور کرلیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ڈریپ کی سینٹرل ڈرگز لیبارٹری کراچی نے (ڈبلیو ایچ او) کی پری کوالیفیکیشن کامیابی سے حاصل کرلی ہے جو پاکستان کے صحت کے نظام میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق پری کوالیفیکیشن سے ملک میں ادویات کی جانچ کے معیار کو عالمی سطح پر تسلیم شدہ درجہ حاصل ہوگیا ہے۔ سرٹیفکیشن کے حصول سے ڈریپ کی ٹیسٹنگ سروسز عالمی ادارہ صحت کے مقرر کردہ سخت معیار پر پوری اترتی ہیں، اس لیبارٹری میں جانچی جانے والی ادویات محفوظ، موثر اور اعلیٰ معیار کی حامل ہیں۔ وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے اس اہم کامیابی پر ڈریپ اور سی ڈی ایل کراچی کی تکنیکی ٹیم کو مبارکباد دی۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ یہ کامیابی حکومتی صحت اصلاحات میں ایک بنیادی سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے، صحت کے نظام کو محض علاج تک محدود رکھنے کے بجائے ایک جامع ہیلتھ کیئر بنانے کیلئے پرعزم ہیں جہاں بیماریوں کی روک تھام اور معیار کو اولین ترجیح حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ قومی لیبارٹریوں میں ادویات کا عالمی معیار کے مطابق تجزیہ شہریوں کی جانوں کے تحفظ کی پہلی دفاعی لائن ہے۔

معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے برآمدات میں اضافہ ناگزیر ہے، مصدق ملک

غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے برآمدات میں اضافہ ناگزیر ہے، بزنس ٹو بزنس روابط کو فروغ دینے کیلئے مل کر اقدامات کرنا ہوں گے۔ بدھ کو پاک یورپی یونین بزنس فورم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع اور پرکشش مواقع موجود ہیں جن سے عالمی سرمایہ کار فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یورپ پاکستان کا ایک اہم تجارتی اور سٹریٹجک شراکت دار ہے اور دونوں کے درمیان گہرے تاریخی روابط موجود ہیں۔

بیٹیوں کو سماجی مصلحتوں کی بھینٹ چڑھانے کا وقت گزر گیا، عظمیٰ بخاری

چائلڈ میرج ایکٹ کی منظوری پنجاب اسمبلی کی تاریخ کا سنہرا باب ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (نامہ نگار) وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے پنجاب اسمبلی میں ''چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ'' (کم عمری کی شادیوں کی روک تھام) کے حوالے سے ہونے والی قانون سازی پر اسپیکر ملک محمد احمد خان کے متحرک اور جرات مندانہ کردار کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اسپیکر ملک محمد احمد خان نے جس مدبرانہ انداز میں اس حساس قانون سازی کے عمل کو مکمل کیا، اس پر سوسائٹی کے تمام طبقات بشمول خواتین کی تنظیمیں، دانشور اور سماجی شخصیات ان کی معترف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس اہم موضوع پر تمام مکاتب فکر کی رائے سننا اور ایوان کو جمہوری انداز میں چلانا ایک قابل فخر مثال ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ہم سب بیٹیوں والے ہیں اور عوامی نمائندہ ہونے کے ناطے ہماری یہ بنیادی ذمہ داری ہے کہ ہم معاشرے کے پسے ہوئے طبقات، بالخصوص ان کم عمر بچیوں کے حقوق کا تحفظ کریں جنہیں ان کی مرضی کے بغیر سماجی مصلحتوں کی بھینٹ چڑھا دیا جاتا ہے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ اس تاریخی قانون سازی سے مستقبل میں مثبت نتائج برآمد ہوں گے اور معاشرے میں ایک واضح پیغام جائے گا۔ صوبائی وزیر نے ایوان میں مخالف رائے رکھنے والے ارکان کے رویے کو بھی سراہا اور کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کی خوبصورتی ہے۔ جن بھائیوں نے تہذیب کے دائرے میں رہ کر اپنے دلائل دیئے، ہم ان کے موقف کا احترام کرتے ہیں اور بل کی منظوری کے باوجود ان کے تحفظات دور کرنے کے لیے مذاکرات کا راستہ اختیار کریں گے تاکہ تمام فریقین کو اس حساس معاملے پر قائل کیا جاسکے۔

افغان طالبان کی باجوڑ میں سول آبادی پر فائرنگ، 9افراد شہید

مقامی آبادی کا افغان فورسز کی بلااشتعال گولہ باری پر شدید غم وغصے کا اظہار

باجوڑ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر باجوڑ نے افغان طالبان کی جانب سے باجوڑ کی سول آبادی پر فائرنگ میں شہید اور زخمی ہونے والوں کے ناموں کی فہرست جاری کر دی۔ فہرست کے مطابق افغان طالبان کی باجوڑ میں سول آبادی پر فائرنگ سے 9افراد شہید ہوئے جن میں 3عورتیں اور 6معصوم بچے شامل ہیں۔ مارچ اور اپریل 2026 کے دوران افغانستان کی جانب سے باجوڑ کے مختلف سرحدی علاقوں، بالخصوص ماموند اور سلارزئی میں مارٹر گولے فائر کیئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر کی جانب سے مکمل ناموں کے ساتھ فہرست کا جاری کرنا، باجوڑ میں افغان طالبان کے فائر سے ہونے والے جانی اور مالی نقصان کے بارے میں کسی ابہام کی گنجائش نہیں چھوڑتا۔ ہر واقعے کے بعد ان عورتوں اور بچوں کی مقامی افراد کی جانب سے جاری کردہ تصاویر پہلے ہی موجود ہیں۔ پاکستان کی بہادر فوج نے اس فائرنگ کے جواب میں پیشہ ورانہ مہارت سے صرف اور صرف افغان طالبان کی فوجی پوسٹوں اور گن پوزیشن کو نشانہ بنایا اور افغانستان کی سول آبادی کو کوئی نقصان نہیں پہنچنے دیا۔ افغان طالبان کی جانب سے عورتوں اور بچوں کو بار بار نشانہ بنانا ان کی بربریت کی نشان دہی کرتا ہے۔ غضب للحق کے تحت پاک فوج کی جانب سے افغان طالبان کی بربریت کا مسلسل جواب دیا گیا جس نے نہ صرف افغان طالبان کی لیڈرشپ کو حواس باختہ کر دیا بلکہ ان کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے عیاں کر دیا ہے۔

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بانی کو حقوق نہیں مل رہے، ملک بنانا ری پبلک بن گیا ہے، اسد قیصر

عمران خان کو پمز لایا گیا، اہل خانہ کو اطلاع نہ دینا قابل مذمت ہے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) رہنما، پی ٹی آئی اسد قیصر نے کہا ہے کہ بانی کو ان کے حقوق نہیں مل رہے، ملک بنانا ری پبلک بن گیا ہے۔ اسلام آباد میں اسد قیصر اور محمد زبیر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سلمان اکرم راجا نے کہا کہ عام قیدی بھی ہو تو طبی سہولیات سے محروم نہیں رکھا جا سکتا، بانی کو پمز ہسپتال لایا گیا اور اہل خانہ کو اطلاع نہیں دی گئی جس کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہائیکورٹ نے ملاقات کا حکم دیا لیکن حکم نامہ پر عمل نہیں ہوا، نومبر کے بعد بانی پی ٹی آئی کے اہل خانہ کو ملاقات نہیں کرنے دی گئی، مطالبہ کرتے ہیں کہ سپریم کورٹ سماعت کرے اور ہمارا کیس سنے۔ اس موقع پر اسد قیصر نے کہا کہ بانی کو ان کے حقوق نہیں مل رہے، ہمارے لئے یہ ملک بنانا ری پبلک بن گیا ہے۔

نئی آبدوز شامل، پاکستان کی سمندری حدود کا دفاع ناقابل تسخیر

وزیراعظم، فیلڈ مارشل کی تاریخی کامیابی پر قوم اور پاک بحریہ کو مبارکباد

راولپنڈی/سانیا (نامہ نگار) پاکستان کی سمندری حدود کا دفاع ناقابل تسخیر ہوگیا، پاک بحریہ میں پہلی ہنگور کلاس آبدوز شامل ہوگئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہنگور کلاس آبدوز کی پاک بحریہ میں شمولیت کی تقریب چین کے شہر سانیا میں ہوئی جس میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف بھی موجود تھے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ آبدوز ہنگور کی شمولیت پاک بحریہ کی جدت کے سفر میں ایک تاریخی سنگ میل ہے، پاکستان اپنی خودمختاری کے دفاع، بحری مفادات کے تحفظ اور اقتصادی راہداریوں کی حفاظت کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے، پاکستان ایک مضبوط، متوازن اور قابل اعتماد دفاعی نظام برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف نے اپنے خطاب میں کہا کہ اہم سمندری گزرگاہوں پر بڑھتے ہوئے خلل عالمی تجارت اور توانائی کے تحفظ کیلئے خطرہ بن رہے ہیں، اور ایک مستحکم، اصولوں پر مبنی بحری نظام کو برقرار رکھنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے لیس بحری افواج ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہنگور کلاس آبدوزیں جدید ہتھیاروں، جدید سینسرز اور ایئر انڈیپنڈنٹ پروپلشن سے لیس ہیں، خطے میں سمندری استحکام برقرار رکھنے میں کلیدی کردار ادا کریں گی، یہ آبدوزیں جارحیت کی روک تھام اور بحیرہ عرب اور وسیع تر بحر ہند میں اہم سمندری راستوں کے تحفظ میں اہم کردار ادا کریں گی۔ نیول چیف نے اس بات پر زور دیا کہ ہنگور نام ہماری قومی تاریخ میں خاص اہمیت رکھتا ہے، 1971 میں پہلی ہنگور نے دوسری جنگ عظیم کے بعد کسی جنگی جہاز کو غرق کرنے والی پہلی آبدوز ہونے کا اعزاز حاصل کیا تھا، پی این ایس/ایم ہنگور اسی شاندار روایت کو آگے بڑھائے گی اور یہ پاک بحریہ کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے جو ہماری سمندری دفاع کو مضبوط بنانے اور بیڑے کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے میں مدد دے گی۔ پہلی ہنگور کلاس آبدوز کی شمولیت پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ اور مضبوط دوستی کے ایک اور باب کا اضافہ ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اس تاریخی کامیابی پر پوری قوم اور پاک بحریہ کو مبارکباد پیش کی۔

ZAM ZAM MARKET
International
Foods & Halal Meat
AS - SALAM HAND SLAUGHTER CHICKEN
& WE ONLY SELL HALAL MEAT
پاکستانی، انڈین، بنگلہ دیشی، افغانی اور مڈل ایسٹرن گروسری انتہائی مناسب قیمتوں پر دستیاب ہے
MIRA AL SAFA SHAHNAWAZ Midamar ÜLKER
WE ACCEPT VISA, MASTER CARD, & FOOD STAMP
YOUR SATISFACTION IS OUR PLEDGE TO YOU
BUSINESS HOURS
MON-SAT 10AM - 9PM
SUN & BANK HOLIDAY
10AM - 8PM
703-491-6666
HAND SLAUGHTERED
ORGANIC Halal Chicken
14794 Build America Drive. Woodbridge VA 22191

FAIR PRICE INTERNATIONAL
Halal Meat & Grocery
فیئر پرائس انٹرنیشنل حلال میٹ اینڈ گروسری
احسان فرم کے اینٹی بائیوٹک اور ہارمون فری، نوکلورین وتج فیڈ، نو سٹننگ، ہینڈ سلاٹرڈ ذبح حلال چکن یہاں دستیاب ہے
IHSAN FARMS ہماری پہچان احسان فارم
• Hand Cut (Zabeeha) • Hormone Free • No Stunning
• Antibiotic Free • Veggie Fed • No Chlorine
The Name of Quality Better
Service and Incomparable Prices
703 680 1170
13863 SMOKETOWN RD WOODBRIDGE VA 22192

Niralla
Sweets & Restaurant
Brookfield Plaza, Springfield Virginia
www.nirallasweets.com
نرالا سوئٹس اینڈ ریسٹورنٹ
We Cater For All Occasions
Ph: 703-923-9460
7038 Spring Garden Dr. Springfield,
VA 22150, Fax: 703-923-9465

SUPER HALAL
MEAT & GROCERY
GUARANTEED LOWEST PRICES
& SUPER BEST QUALITY
BROOKFIELD PLAZA, SPRINGFIELD VA.
703-866-2024
نیا شاندار اور کشادہ سپر سٹور
سپر حلال میٹ اینڈ گروسری
شمالی ورجینیا کے دل سپرنگ فیلڈ میں شاندار لوکیشن بروک فیلڈ پلازہ میں آپکا اپنا گروسری سٹور
خود آئیں، اور اپنے اہل خانہ کو بھی لائیں
بہترین آرام دہ ماحول میں دیسی گروسری کی شاپنگ کا لطف اٹھائیں۔
ذبیحہ حلال
چکن اور کوالٹی سیفوڈ
ہماری اسپشلٹی: معیاری اور تازہ گوشت، دنبے کا گوشت، بکرے کا گوشت، گائے کا گوشت
تازہ سبزیاں اور ذائقہ دار موسمی پھل دودھ، دہی، دالیں اور ہر قسم کے مصالحہ جات
We sell all kind of Fish Hand Slaughtered Halal Meat, Poultry
Indian , Pakistani, Afghani, Middle Eastern
& other International Groceries & Produce.
Pomegranate Orange Red graps Corn Potatoes Capsicum Olive Oil Flour National Masala National Biryani Onion Rice Ice Cream Chana Dal National Pickle Basen Moong Dal Tea Rusk Mango Juice Plan Yugurt
carrot Cheese Pumpkin Lady finger Green Onion Sweet Yum Tomatoes Caggabe Goat Meat Chicken leg piece Eggplant Apple Fish
WE SELL ORGANIC CHICKEN
ہم آرگینک چکن فروخت کرتے ہیں۔

امریکہ و ایران میں اندرونی دباؤ

امریکہ ایران مذاکرات میں تعطل علاقائی جنگ کا سنگین خطرہ

واشنگٹن اور تہران میں اندرونی سیاسی دباؤ کے باعث امریکہ اور ایران کے درمیان حتمی امن معاہدہ کھٹائی میں پڑ سکتا ہے

وسیع تر جنگ چھڑ سکتی ہے جس کے نتیجے میں عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت 120 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر جائے گی

لاہور (نامہ نگار) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور میں منعقدہ ایک اہم مباحثے میں ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ واشنگٹن اور تہران میں شدید اندرونی سیاسی دباؤ کے باعث امریکہ اور ایران کے درمیان حتمی امن معاہدہ کھٹائی میں پڑ سکتا ہے۔ ماہرین کے مطابق اگر یہ مذاکرات ناکام ہوئے تو خطے میں ایک وسیع تر جنگ چھڑ سکتی ہے جس کے نتیجے میں عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت 120 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر جائے گی۔ اسلام آباد مذاکرات: خاموش سفارت کاری کے ذریعے فاصلے مٹانا کے عنوان سے یہ مباحثہ اولڈ راوینز یونین کے زیر اہتمام منعقد ہوا، جس میں شرکا نے حالیہ تنازع میں پاکستان کی بروقت اور کامیاب سفارت کاری کو زبردست خراج تحسین پیش کیا جس نے امریکہ اور ایران کو مذاکرات کی میز پر بیٹھنے پر مجبور کیا۔ تقریب میں نامور صحافیوں، سابق عسکری حکام اور سفارت کاروں نے شرکت کی، جبکہ نظامت کے فرائض یونین کے صدر اطہر اسماعیل نے انجام دیئے۔ سابق سفیر منصور احمد خان نے نشاندہی کی کہ عالمی پولرائزیشن کے باعث یورپی یونین اور نیٹو جیسے روایتی ثالثوں کی ساکھ گر چکی ہے، جس کے بعد پاکستان کی قیادت نے یہ خلا کامیابی سے پر کیا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز کو کھولنے اور طویل مدتی

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 13﴾

پاک افغان سرحد پر دراندازی

ناکام، 13 دہشتگرد جہنم واصل

راولپنڈی (نامہ نگار) سیکورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا میں پاک افغان سرحد پر دراندازی کی دو کوششوں کو ناکام بناتے ہوئے 13 دہشتگردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضلع مہمند میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے دراندازی کی کوشش کی، جس پر سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی میں 8 دہشت گرد ہلاک کر دیئے گئے۔ اسی طرح شمالی وزیرستان میں بھی دراندازی کی ایک اور کوشش ناکام بنا دی گئی، جہاں فائرنگ کے تبادلے میں مزید 5 دہشت گرد مارے گئے، اس طرح مجموعی طور پر ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کی تعداد 13 ہوگئی۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ یہ کارروائیاں افغان عبوری حکومت کی جانب سے موثر سرحدی نظم و نسق قائم کرنے میں ناکامی کو ظاہر کرتی ہیں اور اس بات پر زور دیا کہ افغان حکام اپنی سرزمین کو دہشت گردوں کے استعمال سے روکیں اور اپنے شہریوں کو پاکستان میں دہشت گردی سے باز رکھیں۔

واشنگٹن کرکٹ لیگ میں بلتستان کرکٹ کلب کی فتح کی ہیٹرک

بلتستان کرکٹ کلب نے انتہائی اہم میچ میں لائنز فریڈم کو 34 رنز سے ہرا دیا

عثمان خالد اور صمیم حسین کی جارحانہ بیٹنگ اور سرفراز علی نے تباہ کن باؤلنگ کی

واشنگٹن (علی موسیٰ خان سے) بلتستان کرکٹ کلب (بی سی سی) نے واشنگٹن کرکٹ لیگ ٹی ٹونٹی ڈویژن تھری کے انتہائی اہم میچ میں لائنز فریڈم پر کامیابی حاصل کی۔ میڈیا منیجر علی موسیٰ خان کی رپورٹ کے مطابق بلتستان کرکٹ کلب نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 17.3 اوورز میں 131 رنز بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ ابتدائی وکٹیں جلد گرنے کے باوجود بی سی سی نے 131 رنز سکور کئے۔ عثمان خالد نے 22 رنز بنا کر اننگز کو سنبھالنے کی کوشش کی جبکہ باقی کھلاڑی آؤٹ ہوتے رہے۔ جب 110 رنز تک پہنچنا بھی مشکل لگ رہا تھا، تب صمیم حسین نے جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے صرف 10 گیندوں پر 6 چھکوں کی مدد سے 38 رنز بنائے۔ ان کی برق رفتار اننگز نے میچ کا رخ بدل دیا۔ آخر میں سرفراز علی کے 6 گیندوں پر 13 رنز نے ٹیم کو 131 تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ لائنز فریڈم کے اتصل امین نے 3.3 اوورز میں 9 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ 131 رنز کے ہدف میں فریڈم لائنز کی پوری ٹیم 17.4 اوورز میں 97 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ لائنز فریڈم کی جانب سے کی پانڈیا نے 42 گیندوں پر 37 رنز بنا کر مزاحمت کی مگر دوسری طرف وکٹیں گرتی رہیں۔ بلتستان کرکٹ کلب کے بالرز نے شاندار آغاز کیا۔ سرفراز علی نے تباہ کن باؤلنگ کرتے ہوئے 4 اوورز میں صرف 14 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں اور ابتدائی بیٹنگ لائن کو تہس نہس کر دیا۔ انہوں نے پہلے 6 بلے بازوں میں سے 4 کو آؤٹ کیا جس سے لائنز فریڈم کا اسکور 5/26 ہوگیا۔ دوسری جانب علی ابراہیم نے بھی عمدہ باؤلنگ کرتے ہوئے 4 اوورز میں 20 رنز دے کر ایک

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 14﴾

Fidelity
BALTISTAN

واشنگٹن: کرکٹ لیگ میں بلتستان کرکٹ کلب کے کھلاڑیوں کا فتح کی ہیٹرک کے بعد گروپ فوٹو۔۔۔۔۔۔۔۔

نوجوان قیادت کو آگے لانا وقت کی اہم ضرورت ہے، سینیٹر روبینہ خالد

خواتین اور نوجوانوں کو معاشی طور پر مضبوط بنانا ہماری ترجیح ہے، پروگرام میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو قیادت میں آگے لانا وقت کی اہم ضرورت ہے اور پاکستان کی ترقی میں نوجوانوں کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے، حکومت انہیں بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ جمعرات کو چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے فیڈرل یوتھ پارلیمنٹ میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو قیادت میں آگے لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی میں نوجوانوں کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ فیڈرل یوتھ پارلیمنٹ وفاق کی پالیسیوں کا عکاس ہونا چاہیے اور پاکستان کو مضبوط کرنے میں کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ فیڈرل یوتھ پارلیمنٹ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا بہترین پلیٹ فارم ہے اور حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، شعور اور قیادت نوجوانوں کی کامیابی کی بنیاد ہیں جبکہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سماجی تحفظ کے ساتھ انسانی ترقی پر بھی کام کر رہا ہے۔

طالبان کی فتنہ الخوارج کی سرپرستی، شواہد منظر عام پر آگئے

عبدالحمید خراسانی کا افغان سرزمین پر محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرنے کا اعتراف

ماہرین نے پاکستان کا آپریشن غضب للحق وقت کی ضرورت جائز قرار دیدیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) افغان طالبان کی جانب سے فتنہ الخوارج کی سرپرستی کے ناقابل تردید شواہد منظر عام پر آگئے، فتنہ الخوارج کے کمانڈر عبدالحمید خراسانی نے افغان سرزمین پر گروہ کو محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرنے کا اعتراف کرلیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق صوبہ کنڑ سے فتنہ الخوارج کے کمانڈر عبدالحمید خراسانی کی ایک دھمکی آمیز ویڈیو وائرل ہوئی ہے جس میں وہ پاکستان کے خلاف کارروائی کا عندیہ دیتے نظر آتے ہیں۔ ویڈیو پیغام میں عبدالحمید خراسانی نے کہا کہ ان کے زیادہ تر جنگجو علاقے میں موجود ہیں اور پاکستان کے خلاف کارروائیوں کے احکامات کے منتظر ہیں۔ انہوں نے تمام جنگجوں اور افغان عوام پر افغان قیادت کے دفاع کو لازم قرار دیا۔ سیکیورٹی حکام کے مطابق فتنہ الخوارج کے کمانڈرز کا افغان طالبان کے احکامات کے تابع ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ افغان طالبان اس گروہ کی پشت پناہی کر رہے ہیں۔ حکام کے مطابق پاکستان متعدد بار عالمی فورمز پر افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی کے ٹھوس شواہد پیش کر چکا ہے جس سے ان عناصر کے مذموم عزائم بے نقاب ہوئے ہیں۔ ماہرین نے کہا ہے کہ افغانستان میں فتنہ الخوارج کی موجودگی اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ پاکستان کا آپریشن غضب للحق وقت کی ضرورت اور مکمل طور پر جائز اقدام ہے۔

سعودی حکومت نے 12 سال سے زائد عمر کے بچوں کو حج کی اجازت دیدی

پہلے اعلان کردہ پابندی کی وجہ سے مسترد یا منسوخ ویزوں کو دوبارہ پراسیس کیا جائیگا

مکہ مکرمہ/اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سعودی حکومت کی جانب سے 12 سال سے زائد عمر کے بچوں کو بھی حج کی اجازت مل گئی۔ تفصیلات کے مطابق سعودی وزارت حج وعمرہ نے 15 سال سے کم عمر بچوں کے حج پر پابندی کے اپنے حالیہ فیصلے کو واپس لیتے ہوئے پرانی پالیسی بحال کرنے کا اعلان کر دیا ہے، اس نئی پیش رفت کے بعد اب 12 سال اور اس سے زائد عمر کے بچے دوبارہ فریضہ حج ادا کر سکیں گے۔ اس سے قبل سعودی حکام نے بڑھتی ہوئی گرمی اور رش کے پیش نظر 15 سال سے کم عمر بچوں کے حج پر پابندی عائد کی تھی، جس سے پاکستان سمیت دنیا بھر کے ہزاروں عازمین متاثر ہوئے تھے تاہم اب جاری کردہ نئی ہدایات کے تحت 15 سال کی نئی حد ختم کر کے دوبارہ 12 سال کر دی گئی ہے۔ سعودی حکام نے بتایا ہے کہ وہ ویزے جو پہلے اعلان کردہ پابندی کی وجہ سے مسترد یا منسوخ کر دیئے گئے تھے، انہیں اب دوبارہ پراسیس کیا جائے گا، جس کے نتیجے میں 12 سال سے زائد عمر کے تمام بچے اپنے والدین کے ہمراہ سفر حج پر روانہ ہوسکیں گے۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل حج پاکستان کی جانب سے جاری مراسلہ میں متاثرہ والدین کو ہدایت کی گئی ہے کہ جن بچوں کی درخواستیں عمر کی حد کی وجہ سے مسترد ہوئی تھیں، انہیں دوبارہ جمع کرایا جائے، وزارت مذہبی امور اور حج ڈائریکٹوریٹ نے ان کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے کام شروع کر دیا ہے تاکہ پروازوں کے شیڈول سے قبل ویزے لگ سکیں۔ حکام کے مطابق اس سے قبل پاکستان کے تقریباً 450 سے زائد بچے اس پابندی سے متاثر ہو رہے تھے، جن میں سے اکثریت اب دوبارہ حج پر جاسکے گی۔۔۔

باجوڑ کی بیٹی نے سی ایس ایس میں اہم سنگ میل پار کر لیا

منیبہ حسین اپنے علاقے سے PAS میں جانے والی پہلی خاتون بن گئی

باجوڑ (نامہ نگار) قبائلی علاقوں کے لیے بڑا اعزاز، قبائلی ضلع باجوڑ سے تعلق رکھنے والی منیبہ حسین نے سی ایس ایس کے ٹاپ گروپ میں نمایاں پوزیشن حاصل کر کے خیبر پختونخوا اور قبائلی علاقوں کا نام روشن کر دیا۔ ڈاکٹر محمد ارشد حسین کی صاحبزادی منیبہ حسین نے 24 سال کی عمر میں پہلی کوشش میں سول سروسز آف پاکستان (CSS 2025) کامیابی سے پاس کیا اور انہیں پاکستان انتظامی سروس (PAS) میں الاٹ کیا گیا۔ وہ NUML پشاور سے انگلش لسانیات میں بی ایس کی ڈگری رکھتی ہیں اور باجوڑ کے علاقے وڑہ ماموند سے تعلق ہے۔ منیبہ حسین اپنے علاقے سے PAS میں جانے والی پہلی خاتون بن گئی ہیں۔ نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے منیبہ حسین کے والد جو کہ پیشے کے اعتبار سے ڈاکٹر ہیں انہوں نے بتایا کہ بیٹی نے اسلامیہ کالج پشاور سے ایف ایس سی کی، جب گریجویشن کے لئے داخلہ لیا تو اس دن سے ارادہ کیا تھا کہ سی ایس ایس کرنا ہے، دن رات محنت کی۔

کرپٹو کرنسی میں پاکستان نے بھارت اور

اسرائیل کو پیچھے چھوڑ دیا، بلال بن ثاقب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے کرپٹو کرنسی بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ کرپٹو کرنسی میں پاکستان نے بھارت اور اسرائیل کو پیچھے چھوڑ دیا۔ ایک انٹرویو میں بلال بن ثاقب نے کہا کہ دنیا تسلیم کر رہی ہے کہ پاکستان کرپٹو میں ان ممالک سے بہت آگے ہے، کرپٹو مارکیٹ میں پاکستان نے دنیا بھر میں اپنا لوہا منوایا ہے، اب ہمیں روبوٹکس اور آرٹیفشل انٹیلی جنس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے آئی اور بلاک چین ٹیکنالوجی اگلی نسل کی جنگ اور جدید ترین ٹولز ہیں، اے آئی ایجنٹس لاکھوں ڈالرز کی ادائیگیاں کر رہے ہیں۔

پوری قوم اپنے وطن کے عظیم سپوتوں

کو سلام پیش کرتی ہے، اسپیکر

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یوم شہدا کے موقع پر اپنے پیغام میں وطن عزیز کے دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم اپنے ان بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتی ہے جنہوں نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے شہدا نے دہشت گردی، انتہا پسندی اور بیرونی خطرات کے خلاف بے مثال جرات، عزم اور قربانی کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور شہریوں کی مشترکہ قربانیوں کی بدولت ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔

پاکستان نے جامع قومی ویکسین پالیسی

کی منظوری حاصل کر لی ہے، وزیر صحت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار مقامی سطح پر ویکسین کی تیاری کیلئے جامع قومی ویکسین پالیسی کی منظوری حاصل کر لی ہے۔ جاری بیان کے مطابق وفاقی کابینہ نے بدھ کو اس اہم پالیسی کی باضابطہ منظوری دے دی ہے جو ملک میں صحت عامہ کے نظام کو مضبوط بنانے کی جانب ایک سنگ میل ثابت ہوگی۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ ماضی میں پاکستان میں ویکسین سے متعلق کوئی جامع قومی پالیسی موجود نہیں تھی جس کے باعث اس شعبے میں مربوط پیشرفت ممکن نہ ہوسکی۔ انہوں نے بتایا کہ وزارت صحت نے تمام متعلقہ سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے اس پالیسی دستاویز کو ترتیب دیا ہے تاکہ ایک مضبوط اور پائیدار نظام قائم کیا جاسکے۔

چترال: وادی ءکیلاش کی لڑکیاں موت پر خوشی کا جشن مناتے ہوئے۔۔۔۔

وادی کیلاش، موت پر خوشی کا جشن منانے کی منفرد روایت قائم

مرنیوالے شخص کو خوشی کیساتھ رخصت کیا جاتا ہے اس روایت کو چیک تہوار کہتے ہیں

چترال (نامہ نگار) چترال کے شمالی علاقے میں واقع وادی کیلاش اپنی منفرد ثقافت اور روایات کے باعث دنیا بھر میں مشہور ہے، جہاں موت کو غم کے بجائے خوشی کا موقع سمجھا جاتا ہے۔ کیلاش برادری کے مطابق مرنے والا شخص زندگی کی تمام تکالیف سے نجات پا کر ایک نئی دنیا کی طرف سفر کرتا ہے، اسی لیے اسے خوشی کے ساتھ رخصت کیا جاتا ہے، اس روایت کو چیک تہوار یا جشن کا نام دیا جاتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق کیلاش وادی کے لوگ موت کو اپنے آباؤ اجداد سے دوبارہ ملنے کا ایک خوشگوار مرحلہ تصور کرتے ہیں، اسی سوچ کے تحت کسی فرد کے انتقال پر تین روز تک سوگ کے بجائے رقص، موسیقی اور ڈھول کی تھاپ پر تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔ روایات کے مطابق میت کو کمیونٹی ہال، جسے مقامی زبان میں جستا خان کہا جاتا ہے، میں رکھا جاتا ہے جہاں لوگ روایتی رقص پیش کرتے ہیں، اس دوران کمیونٹی اور اہل خانہ مل کر 30 سے 40 بکریاں قربان کرتے ہیں، جسے شروگا یعنی اجتماعی ضیافت کہا جاتا ہے، اس عمل سے غمزدہ خاندان کی مالی مدد بھی کی جاتی ہے۔ اگرچہ اس موقع پر قریبی عزیز غم کا اظہار بھی کرتے ہیں، تاہم مجموعی ماحول جشن کا ہوتا ہے، جسے ماہرین غم اور خوشی کا منفرد امتزاج قرار دیتے ہیں۔ تحقیقی رپورٹس (2022-2025) کے مطابق ماضی میں میتوں کو لکڑی کے کھلے تابوت میں رکھا جاتا تھا، تاہم آبادی میں اضافے اور قریبی مسلم آبادیوں کے اثرات کے باعث اب تدفین کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ تدفین کے دوران میت کے ساتھ ذاتی اشیا جیسے پھل، رقم یا دیگر سامان رکھا جاتا ہے تاکہ اس کی زندگی کی عکاسی ہو سکے، جبکہ بعض مواقع پر لکڑی کا مجسمہ گنڈا بھی رکھا جاتا ہے، تاہم وقت کے ساتھ یہ روایت بھی بتدریج کم ہوتی جا رہی ہے۔

الیکشن کمیشن نے دو سیاسی

جماعتوں کی رجسٹریشن ختم کردی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) الیکشن کمیشن نے دو سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن ختم کر دی جس کے بعد سیاسی جماعتوں کی تعداد 167 ہوگئی، الیکشن میں 4 سیاسی جماعتیں بغیر سربراہ کے موجود ہیں۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق ڈی لسٹ کی گئی جماعتوں میں سابق چیف جسٹس افتخار چوہدری کی جماعت پاکستان جسٹس اینڈ ڈیموکریٹک پارٹی استحکام پاکستان تحریک شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق دونوں جماعتوں کو الیکشنز ایکٹ اور رولز کی خلاف ورزیوں پر ڈی لسٹ کیا گیا، دونوں جماعتوں نے انٹرا پارٹی الیکشنز نہیں کرائے، دونوں جماعتوں نے سالانہ گوشوارے جمع نہیں کرائے، الیکشن کمیشن نے دونوں جماعتوں کو متعدد مواقع دیئے اور 16 اپریل کو دونوں جماعتوں کو ڈی لسٹ کرنے کا حکم دیا تھا۔ جاری بیان کے مطابق الیکشن کمیشن کے پولیٹیکل فنانس ونگ کی سفارش پر یہ کارروائی کی گئی، دونوں سیاسی جماعتوں سے انتخابی نشانات بھی واپس لے لیے گئے ہیں۔

BATS
Expertise in US & Pakistan taxation
Email: malik.altaf@batsllc.org
Website: www.batsllc.org
Professional Tax Services
Don't risk your taxes with false refund promises.
Get your tax returns filed by a qualified IRS Enrolled Agent with 25+ years of experience.
Accuracy, compliance, and professional service guaranteed
Malik Tahir Altaf
IRS Enrolled Agent
Brooklyn Accounting & Tax Service LLC
1755 Bath Avenue Brooklyn NY 11214
Ph: (929) 796-3003

WE PRINT EVERYTHING
FOR ALL YOUR PRINTING NEEDS
گرافک ڈیزائنگ اور ہر قسم کی پرنٹنگ ڈیزائن کیلئے رابطہ کریں
Our Services:
- Car Stickers
- Letter Heads
- Business Cards
- Flyers & Brochure
- News Letters
- Sign Boards
- Calenders
- Stickers & Labels
- Advertising
- Banner & Tags
- Graphic Designing
- Website Designing
- Mobile Application
- Social Media Marketing
- Search Engine Optimization and Much More
Great Design at Affordable Prices
Cell: 718-509-5522, 917-348-3974
Email: manzhussain72@yahoo.com, vniwvssamad@yahoo.com

دو کام اور ایک نام۔۔۔۔ شہباز خان
دیانت داری، خلوص اور محنت پر مبنی قابل اعتبار کاروبار
3 STARS
ARUMI TAG AND TITLE INC.
Tel: 301-725-4343
Tel: 301-725-2660
Email: arumitags@gmail.com
SHAHBAZ A. KHAN
NATIONAL DRIVINGSCHOOL
NATIONAL DRIVING SCHOOL
Ph: 301-725-2660, Cell: 443-474-0757
Web: www.nationaldrivingschool.net
Email: nationaldred@gmail.com
6 N 2nd St. Laurel, Maryland 20707

UNITED PEDIATRICS
ANOOP SINGH MD, FAAP
BOARD CERTIFIED PEDIATRICIAN
بچوں کے ماہر معالج
OVER 30 YEAR OF EXPERIENCE
First Location:
7819 18th Ave, Brooklyn NY 11214
Ph: 718-265-5437, 718-265-KIDS
Second Location:
5413 5th Ave, Brooklyn NY 11220
Ph: 718-492-5437, 718-492-KIDS

Punjab Tires & Auto Shop
FOREIGN & DOMESTIC CARS STATE INSPECTION
PUNJAB TIRES
OIL CHANGE BRAKES TUNE-UP WHEEL ALIGNMENT BALANCING
INSPECTION
24 Hours 7 days a week
ٹیکسی اور لیموزین لائیوری کے لیے کال کریں شرطیہ کم ریٹ اور وقت کی پابندی ہمارا شیوہ ہے
Tel: (718)728-5100, FAX: (718)728-5101
30-81 21st Street, Astoria, NY 11102

بقیہ نمبر 01

پوسٹ کے مطابق عالمی جوہری ادارے بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ہیڈکوارٹر ویانا میں پاکستان کے لیے ایک اہم سفارتی پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں ادارے کے ڈائریکٹر جنرل رافیل ماریانو گروسی نے پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے نو تعینات چیئرمین ضیاء حسنین شاہ کا پرتپاک استقبال کیا۔ یہ پیشرفت سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری ایک پیغام کے ذریعے سامنے آئی، جس میں بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے سربراہ نے اس ملاقات کو خوش آئند قرار دیا۔ ملاقات میں جوہری تحفظ، سیکیورٹی اور ریگولیٹری تعاون سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ پاکستان کے ذمہ دارانہ جوہری کردار کو عالمی سطح پر سراہا گیا۔ دریں اثناء ویانا میں پاکستان کے مستقل نمائندہ برائے اقوام متحدہ کامران اختر ملک نے اس پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملاقات پاکستان پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے اور اس سے بین الاقوامی جوہری اداروں کے ساتھ تعاون مزید مضبوط ہوگا۔ ماہرین کے مطابق اس اعلیٰ سطحی رابطے سے نہ صرف پاکستان کی ساکھ میں اضافہ ہوگا بلکہ عالمی جوہری میدان میں اس کا کردار مزید مستحکم ہوگا۔

بقیہ نمبر 02

چیت کا سلسلہ 21 گھنٹے تک چلا، فریقین کے درمیان سیز فائر جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عمان اور روس کا بھی دورہ کیا، ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ اپنی قیادت سے تفصیلی مشاورت کے بعد جواب دیں گے۔ ان کا کہنا تھا جنگ نے ہماری دو سال کی اجتماعی کاوشوں کو ضرب پہنچائی ہے، اس صورتحال میں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، عالمی منڈی میں بڑھتی قیمتوں کی وجہ سے غیر معمولی صورتحال ہے۔ وزیراعظم پاکستان کا کہنا تھا پاکستان کا جنگ سے پہلے ایک ہفتے کا بل 30 کروڑ ڈالر تھا جو اب 80 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا ہے، عالمی منڈی میں تیل کی بڑھتی قیمتوں نے معاشی استحکام کی کوششوں پر اثرات مرتب کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ساڑھے 3 ارب ڈالر کے بیرونی قرضے واپس کیے، معاشی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سعودی عرب کی قیادت کے تعاون کے مشکور ہیں، پبلک ٹرانسپورٹ اور دیگر شعبوں میں سبسڈی جاری رکھنے کیلئے صوبوں کیساتھ مشاورت جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان نے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی اور قیام امن کیلئے متواتر کوششیں کیں جو ہنوز جاری ہیں، جنگ کی وجہ سے ہمارا معاشی ترقی کا سفر رک گیا، پٹرولیم کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں، مسائل پہاڑ بن کر سامنے کھڑے ہیں لیکن مشکل وقت سے سرخرو ہوکر نکلیں گے، سعودی عرب کے تعاون سے ساڑھے تین ارب ڈالر کا بیرونی قرضہ چکا دیا، کفایت شعاری اقدامات جاری رہیں گے۔ یہاں وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کابینہ کے ارکان کو صورت حال پر اعتماد میں لیتے ہوئے بتایا کہ حالیہ ہفتوں میں اہم واقعات ہوئے، امریکا اور ایران کے مابین پاکستان نے بات چیت کا جو طویل سلسلہ 11 اپریل کی رات شروع کیا وہ 21 گھنٹے طویل تھا، یہ میراتھن سیشن تھا جس کے لیے بے پناہ کاوشیں کی گئیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ہمت نہیں ہاری اور دن رات کوششیں کیں، نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار بھی اپنے اہم منصبوں کے ساتھ مصروف رہے، ہماری بے پناہ کاوشوں سے جنگ بندی میں توسیع ہوئی جو ہنوز جاری ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس دوران ایران کے وزیرخارجہ عباس عراقچی دو مرتبہ پاکستان آئے، ان کے ساتھ بھی میراتھن سیشن ہوئے، ہفتے کے روز وہ مجھ سے بھی ملے، دو گھنٹے کی ملاقات میں سیر حاصل گفتگو ہوئی، وزیر داخلہ کا بھی اس حوالے سے بہت اہم کردار رہا، ایرانی وزیر خارجہ عمان بھی گئے اور واپس پاکستان آئے پھر روس گئے۔ ان سے میری فون پر بات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ وہ اخلاص سے ملاقاتیں کر رہے ہیں اور مشورہ کرکے جواب دیں گے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ اس دوران خام تیل کی قیمتیں دوبارہ آسمان سے باتیں کررہی ہیں، ہمیں بھی تیل کی قیمتوں کا تعین کرنا ہے، بہت چیلنجنگ صورت حال کا سامنا ہے لیکن اجتماعی بصیرت اور کاوشوں سے صورت حال پر قابو پانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے وزیر پٹرولیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمارے اقدامات کی بدولت پاکستان میں خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں صورتحال تسلی بخش رہی اور کہیں لائنیں نہیں لگیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ صورت حال ایسی ہے کہ جنگ سے پہلے ایک ہفتے کا پٹرولیم بل جو 300 ملین ڈالر تھا وہ آج 800 ملین ڈالر تک پہنچ گیا ہے، حکومت کفایت شعاری اقدامات اور بچت کے ذریعے کوشاں ہے، اس کیلئے ٹاسک فورس بھی بنائی جو صورت حال کا بغور جائزہ لے رہی ہے، حکومتی اقدامات کی بدولت کھپت میں نمایاں کمی آئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے پاکستان کی معیشت میکرو لیول پر پاؤں پر کھڑی ہوگئی تھی ہم گروتھ کی طرف بڑھ رہے تھے، لیکن جنگ سے بے تحاشا متاثر ہوئے ہیں اور معاشی بہتری کیلئے ہماری دو سال کی اجتماعی کوششوں کو شدید نقصان پہنچا ہے، یہ ہمارے اختیار سے باہر تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ دعا گو ہیں کہ جنگ مستقل بند ہو اور امن قائم ہو تاکہ ہماری ترقی اور خوشحالی کا سفر پھر سے رواں ہو۔ وزیراعظم نے کابینہ کو بتایا کہ پاکستان نے ساڑھے تین ارب ڈالر کے بیرونی قرضے ادا کر دیے ہیں، فیڈرل ریزرو بھی اپنی جگہ پر ہیں، اس کیلئے ہم سعودی عرب کے حکمران شاہ سلمان بن عبدالعزیز السعود اور ولی عہد وزیراعظم محمد بن سلمان کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہمارا مسئلہ فوری طور پر حل کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ مسائل کے پہاڑ ہمارے سامنے کھڑے ہیں لیکن جلد حل ہو جائیں گے۔ امن کیلئے کوششیں ہنوز جاری ہیں، ان میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ ہمت باندھے رکھنا اور محنت جاری رکھنا ہے ہماری کوششوں کے بہتر نتائج سامنے آئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مشیر نجکاری محمد علی نے بتایا ہے کہ پی آئی اے کی نجکاری سے قومی خزانے پر بوجھ نہیں پڑے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ صوبوں کے ساتھ رابطہ کمیٹی بنائی گئی ہے جس کو ہدایت کی ہے کہ کفایت شعاری اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات اور سبسڈی کو جاری رکھنے کیلئے بات چیت کی جائے۔ پبلک ٹرانسپورٹ اور موٹر بائیکس والوں کا خیال رکھا جائے۔ عوام سے جو کمٹمنٹ کی ہے اسے پورا کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ مشکل وقت گزر جائے گا، جو قومیں محنت اور یکسوئی سے کام کرتی ہیں وہ زندہ رہتی ہیں۔

بقیہ نمبر 03

غیر قانونی طور پر گلوبل صمود فلوٹیلا سے انسانی امداد کے کارکنوں سمیت حراست میں لیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں یونانی حکام کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے یونان کے شہر کریٹ میں سابق سینیٹر مشتاق احمد کیلئے سہولت فراہم کی اور ترک حکومت اور قیادت کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے استنبول منتقلی اور وہاں سے پاکستان واپسی کیلئے مدد فراہم کی۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ وزارت خارجہ اور ایجنسیز میں ہمارے سفارت خانے کے بھرپور کردار کو سراہتا ہوں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ فلوٹیلا کے کارکنوں کی غیر قانونی طور پر حراست اور غزہ کے محصور شہریوں کے لیے بھیجی گئی امداد کو روکنے کی بھرپور مذمت کرتا ہوں۔ نائب وزیراعظم اور وزیرخارجہ نے کہا کہ پاکستان اپنے فلسطینی بھائیوں اور بہنوں کی بھرپور اور غیر مبہم حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 04

ہیں، جبکہ ڈیجیٹل پاکستان شہباز شریف کا وژن ہے، جس کے تحت ملک کو ڈیجیٹل معیشت کی جانب گامزن کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انٹرنیٹ کا کردار ہر شعبے میں اہم ہے اور فائیو جی ٹیکنالوجی کے متعارف ہونے سے نہ صرف انٹرنیٹ کی رفتار میں اضافہ ہوگا بلکہ آن لائن کاروبار کو بھی فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 05

مائنس عمران خان کا ماحول بنایا جا رہا ہے، ایسی ہر کوشش کی مزاحمت کریں گے۔ آپ مائنس کرنے والے ہوتے کون ہیں، ہم جلسے جلوس نکالیں گے، ہم پرامن رہیں گے اور اگر ہمارا راستہ روکا گیا تو [illegible]۔ انہوں نے کہا کہ ہم وارننگ دے رہے ہیں کہ ہمارا راستہ نہ روکنا، ہم خانہ جنگی نہیں چاہتے، ہم کو جدوجہد کرنے دی گئی تو آپ ہم کو کہیں گے کہ جیلیں کھول دیں، آپ کی جیلیں بھر جائیں گی، آپ جیلوں میں جگہ نہیں دے سکیں گے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ سیاست کا واحد مرکز ہے کہ ہم بانی چیئرمین پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑے ہیں، ہم آخری دم تک عمران خان کے ساتھ وفا نبھائیں گے، کیونکہ آج عمران خان کے ساتھ پاکستانی قوم کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ پاکستانی قوم کو جھٹلایا جا سکتا ہے، اس ملک میں حرمت کو دھتکارا جا سکتا ہے، یا اس ملک میں آواز کو دبایا جا سکتا ہے تو وہ بے وقوف ہے، ایسا ہرگز نہیں ہوگا، تاریخ گواہ ہے کہ عوام کے ریلے کو کوئی طاقت نہیں روک سکتی اور عوام کا یہ ریلا عمران خان کو آزاد کروائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج عمران خان کی رہائی اور ان کی صحت سے بڑھ کر ہمارے لیے کچھ اہم نہیں، ہم آج پاکستان کے ہر مزدور اور ہر کسان سے کہتے ہیں کہ تمہارا مستقبل، تمہاری حقیقی آزادی، عمران خان کی آزادی سے منسلک ہے، آؤ اکٹھے لڑنا ہے، ہم نے تمہاری آزادی کے لیے لڑنا ہے، تمہارے روزگار کے لیے لڑنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج ہماری سیر حاصل گفتگو ہوئی ہے، مزید گفتگو بھی ہوگی، عمران خان نے محمود خان اچکزئی پر اعتبار اور بھروسہ کیا ہے۔ محمود خان اچکزئی کو قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف بنانے کا فیصلہ عمران خان کا ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ عمران خان کا مجھے حکم ہے کہ میں محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس سے مشاورت اور رہنمائی لوں، ہم ان کی رہنمائی اور مشاورت سے آگے بڑھیں گے، ہم ایک ایسی جماعت ہیں جو تاریخ کا شعور رکھتی ہے، تاریخ کو سمجھتی ہے اور جانتی ہے کہ آج پاکستان کہاں کھڑا ہے، ہم جانتے ہیں کہ آج پاکستان کی معیشت کی کیا حالت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کسان رو رہا ہے، مزدور بیروزگار ہے اور بے روزگاری پاکستان کی تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے، آج ایک بے حس حکومت ہے جو عیاشیاں کر رہی ہے، جہاز خرید رہی ہے، دنیا سے تعریفیں سمیٹ رہی ہے لیکن مزدور کا چولہا نہیں جل رہا۔ پورے پاکستان میں مزدور اپنی جائز اجرت مانگتا ہے مگر اسے اجرت نہیں ملتی، نوجوان کو روزگار نہیں ملتا، مزدور کے بچے کو تعلیم نہیں ملتی اور نہ ہی صحت کی سہولتیں میسر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے عمران خان کی رہنمائی میں یہ جنگ لڑنی ہے اور اس جنگ کو لڑنے کے لیے ہم موجود ہیں، ہم بھی اس میدان سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، ہم ڈٹے ہوئے ہیں۔ اس موقع پر پاکستان تحریک انصاف اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں نے آئین کے تحفظ اور بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لیے جلسے جلوس کرنے کا اعلان کیا۔ اسد قیصر نے کہا کہ پنجاب میں کسانوں کا استحصال ہو رہا ہے، ہم کسانوں کے ساتھ ہیں، کسان تنظیموں کے پاس جائیں گے، ان کو اپنے ساتھ انگیج کریں گے، کسانوں کے ساتھ مل کر تحریک چلائیں گے، یہ پارٹی عمران خان کی ہے، اگر کوئی سمجھتا ہے کہ وہ بانی کی جگہ لے سکتا ہے تو وہ غلط فہمی میں ہے، ہماری جدوجہد پرامن ہوگی، جدوجہد کرنا ہمارا آئینی حق ہے۔

بقیہ نمبر 06

ہے کہ جمائما کے اہل خانہ بھی اس رشتے سے خوش ہیں، اور ان کے بھائی رابن برلے، جو لندن کے معروف کلب فائیو ہارٹ فورڈ سٹریٹ کے مالک ہیں، کیمرون اور بلی سے ملاقات بھی کر چکے ہیں۔ واضح رہے کہ جمائما گولڈ سمتھ اس سے قبل پاکستان کے سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ رہ چکی ہیں، دونوں کی شادی 1995 میں ہوئی تھی اور 2004 میں علیحدگی ہو گئی تھی، ان کے دو بیٹے قاسم اور سلیمان ہیں۔

بقیہ نمبر 07

کوششیں نہایت تشویشناک ہیں، انہوں نے کہا کہ اگر صوبوں کے حقوق سلب کیے گئے تو اس کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے اور بعض حلقوں کی جانب سے صوبوں کو تقسیم کرنے کی باتیں بھی سامنے آرہی ہیں جو قابل مذمت ہیں ان کا کہنا تھا کہ امن وامان صوبائی معاملہ ہے اور اگر کسی صوبے کو ضرورت ہو تو وہ آئین کے مطابق وفاق سے مدد طلب کرسکتا ہے تاہم اس بنیاد پر آئینی ترامیم کی بات کرنا مناسب نہیں، یہ پریس ریلیز جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری کی جانب سے جاری کی گئی۔

بقیہ نمبر 08

تاہم اس کے ساتھ ساتھ سفارتی حل تلاش کرنے کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ انہوں نے کہا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ فریقین دوہری حکمت عملی اختیار کیے ہوئے ہیں اور وہ ایک طرف دباؤ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں اور دوسری جانب مذاکرات کے ذریعے درمیانی راستہ نکالنے کی کوششوں سے بھی دستبردار نہیں ہوئے۔ سردار مسعود خان کا کہنا تھا کہ پاکستان مسلسل محتاط اور تعمیری سفارتی کوششوں سے اور دونوں فریقوں کے درمیان قابل اعتبار پل کے طور کام کر رہا ہے جو گہری بداعتمادی کو کم کرسکتا ہے۔ حالیہ پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خطے میں امریکی عسکری تیاری، جس میں طیارہ بردار جہازوں اور بحری افواج کی تعیناتی شامل ہے، مکمل جنگ چھیڑنے کے بجائے دباؤ بڑھانے کی حکمت عملی ہوسکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ بظاہر براہ راست جنگ کے بجائے اپنی عسکری برتری کو مذاکرات کے نتائج پر اثر انداز ہونے کے لیے استعمال کر رہا ہے جبکہ دوسری جانب ایران نے مسلسل حملوں اور قیادت کے نقصانات کے باوجود اپنی مزاحمت برقرار رکھی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کا غیر مرکزی کمانڈ ڈھانچہ اور اسٹریٹجک گہرائی اسے اپنی کارروائیاں جاری رکھنے میں مدد دے رہی ہے تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ ایران کے اندر اہم تنصیبات کی حفاظت اور معیشت کے حوالے سے کمزوریاں اب بھی موجود ہیں۔ سردار مسعود خان نے متنبہ کیا کہ اگر ایران کے اثاثوں پر حملے کیے گئے تو اس کے نتیجے میں خطے میں وسیع ردعمل سامنے آسکتا ہے، جس میں خلیجی توانائی تنصیبات، سمندری راستوں اور عالمی تجارتی جہاز رانی کو خطرات سرفہرست ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں جہاز اور ملاح اس وقت پھنسے ہوئے ہیں، جو ایک ابھرتے ہوئے انسانی اور معاشی بحران کی نشاندہی کرتا ہے۔ وسیع تر جغرافیائی سیاسی اثرات کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ عالمی منڈیاں، بشمول توانائی اور اسٹاک مارکیٹس، پہلے ہی دباؤ کا شکار ہیں، جس کے باعث تمام فریقین پر کشیدگی کم کرنے کا دباؤ بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے علاقائی اتحادوں میں تبدیلی اور مسلم دنیا کے اندر ممکنہ تقسیم کے خدشات کا اظہار بھی کیا۔ سفارتی عمل کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ کم از کم مشترکہ نکات جس میں بیک وقت ناکہ بندی میں نرمی، مرحلہ وار پابندیوں میں کمی، اور جوہری پروگرام جیسے متنازع امور کو باقاعدہ مذاکرات کے لیے مؤخر کرنے سے پیشرفت ہوسکتی ہے۔ آخر میں انہوں نے خبردار کیا کہ کوئی بھی فریق حتمی جیت اور ہار کے نتیجے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ موجودہ صورتحال سب کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے، اس لیے فریقین فوری اور مربوط اقدامات کرنے اور باہمی مذاکرات کا راستہ اختیار کریں۔

بقیہ نمبر 09

افغانستان سے دراندازی کی متعدد کوششیں ناکام بنائیں، دہشت گردی کی اصل وجوہات کو نظرانداز کرنا غیر متوازن موقف کی عکاسی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری علاقائی صورت حال اور پاکستان کی قربانیوں کا ادراک کرے، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔

بقیہ نمبر 10

کے نتیجے میں توانائی کی منڈیاں، تجارتی راستے اور مالیاتی حالات متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان حالات کے باعث عالمی ترسیل کے نظام، خوراک اور کھاد کی قیمتوں پر بھی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں جس سے خطے میں معاشی ترقی کی رفتار سست پڑ گئی ہے اور مزید تنزلی کے خدشات بڑھ گئے ہیں اور پاکستان جیسے تیل درآمد کرنے والے ممالک کے لیے یہ تنازع پہلے سے موجود معاشی کمزوریوں کو مزید بڑھا رہا ہے۔ ڈاکٹر ماہیر بینچی نے زور دیا کہ پاکستان کو معاشی استحکام برقرار رکھنے، مالیاتی اور بیرونی ذخائر کو مضبوط بنانے اور کمزور طبقات کے تحفظ کیلئے سبسڈیز کے بجائے ہدفی اور عارضی اقدامات کرنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے توسیعی فنڈ سہولت پروگرام کے تحت پاکستان کی کارکردگی مجموعی طور پر درست سمت میں جاری ہے اور واضح کیا کہ پاکستان کے لیے پالیسی ترجیحات میں محتاط مالیاتی حکمت عملی، اعداد و شمار کی بنیاد پر سخت مانیٹری پالیسی اور ساختی اصلاحات کا تسلسل شامل ہونا چاہیے۔ اس موقع پر انہوں نے معیشت کو زیادہ مضبوط اور لچکدار بنانے کیلئے تجارتی راستوں میں تنوع، اہم بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری، علاقائی تعاون کے فروغ اور نجی شعبے کی قیادت میں جامع ترقی یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اصلاحات کے عمل کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھنا ناگزیر ہے تاکہ پاکستان تیزی سے بدلتے ہوئے علاقائی اور عالمی حالات میں استحکام برقرار رکھتے ہوئے مؤثر انداز میں آگے بڑھ سکے۔ قبل ازیں آئی ایم ایف کے نمائندے کا خیر مقدم کرتے ہوئے ایس ڈی پی آئی کے سربراہ ڈاکٹر عابد قیوم سلہری نے کہا کہ اس نشست کا مقصد بدلتی ہوئی علاقائی و عالمی صورت حال اور اس کے پاکستان کی معیشت پر اثرات کا جائزہ لینا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت اگلی قسط فنڈ کے ایگزیکٹو بورڈ کے جائزے سے مشروط ہے اور توانائی کے شعبے میں اصلاحات، خصوصاً کیپٹو پاور پلانٹس سے متعلق مذاکرات اور قابل تجدید توانائی کے استعمال میں اضافے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ عابد قیوم سلہری نے کہا کہ پاکستان کو بیرونی معاشی جھٹکوں سے نمٹنے کے لیے بہتر تیاری کی ضرورت ہے اور اس کے لیے پالیسی سطح پر بروقت اور ہدفی اقدامات ناگزیر ہیں۔

بقیہ نمبر 11

خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی بینائی 85 فیصد تک متاثر ہو چکی ہے، انہیں اپنی لیگل ٹیم اور اہل خانہ سے ملاقات کی اجازت بھی نہیں دی جا رہی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت بانی کے نظریے کو عملی شکل دینے کیلئے کام کر رہی ہے اور عوام پر خرچ کرنا اولین ترجیح ہے، صوبے کے نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کیلئے مختلف اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں سے فرسودہ کورسز کو ختم کیا جا رہا ہے جبکہ نوجوانوں پر سرمایہ کاری حکومت کا مشن ہے۔ مزید برآں، سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کرپشن کی کوئی گنجائش نہیں اور افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ اگر وہ خود بھی کسی سفارش کریں تو اسے نہ مانا جائے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کو تجربہ گاہ بنایا ہوا ہے، اب ایسا مزید نہیں چلے گا۔ پشاور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ عوام کو ریلیف دینا اولین ترجیح ہے، یہ خیبر پختونخوا حکومت کو بدنام کرنے کیلئے اربوں خرچ کرتے ہیں، جب سے ہم نے 200 ارب کا چیلنج دیا ان کی چیخیں نکل رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس دن میری ایک روپے کی کرپشن ثابت ہوئی اسی دن استعفیٰ دوں گا، اس طرح کی آفر اربوں کی کرپشن کرنے والے نہیں دے سکتے، ایسی آفر مرد کے بچے دیتے ہیں، این ایف سی کا مقدمہ لڑ رہا ہوں۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ این ایف سی کا شیئر غیر قانونی طریقے سے تقسیم ہو رہا ہے، یہ این ایف سی کے پیسوں کو بھی کھا رہے ہیں، خیبر پختونخوا کا سالانہ 500 ارب کھایا جا رہا ہے، این ایف سی پر آواز اٹھاتا ہوں تو میرے خلاف ڈرامہ شروع ہو جاتے ہیں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ موت سے ڈرتا نہیں اور کرسی کی مجھے لالچ نہیں، ہم وفاق سے خیبر پختونخوا کا مقدمہ لڑ رہے ہیں، ہم نے مل کر یہ مقدمہ جیتنا ہے، انشاء اللہ یہ مقدمہ ہم جیتیں گے۔ خیبر پختونخوا میں سی این جی کے پمپ بند ہے، انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو تجربہ گاہ بنایا ہوا ہے، اب ایسا مزید نہیں چلے گا، رنگ روڈ پر بی آر ٹی چلے گی۔

بقیہ نمبر 12

میں 108 کلومیٹر طویل سولنگ اور روڈز کی 144 کلومیٹر طویل 27 سکیمیں مکمل کی جائیں گی۔ کچے کے 65 سکولوں کی تعمیر و بحالی اور اپ گریڈیشن کے ساتھ 16 نئے سکول اور دو گرلز کالج بھی بنائے جائیں گے۔ کچے کے ایریا میں مثالی گاؤں پراجیکٹ بھی شروع کرنے کی منظوری، سیوریج، ڈرینج اور سپورٹس پراجیکٹ بھی شروع کیے جائیں گے۔ 125 ملین روپے کی لاگت سے سکلز پراجیکٹ بھی شروع کیے جائیں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کچے کے علاقے میں نادرا رجسٹریشن بھی شروع کر رہے ہیں۔ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور ب فارم بنائے جائیں گے۔ مریم نواز نے کچے میں ڈیوٹی کرنے والے جوانوں اور افسروں کے لئے ہارڈ ایریا الاؤنس کی منظوری دے دی۔ مریم نواز نے کچے ایریا کے لئے ناجائز اسلحہ کی واپسی کے پلان کی بھی منظوری دے دی۔ متعلقہ تھانے میں اسلحہ واپسی کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ ہوگی اور اسلحہ کی افادیت کے مطابق پیسے ملیں گے۔ اجلاس میں کچے کی مرکزی سڑکوں کے کناروں پر لمبے پودوں والی فصلیں لگانے پر پابندی کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ ترقی اور خوشحالی پنجاب کے دوسرے لوگوں کی طرح کچے کے ہر فرد کا حق ہے۔ کچے کو ترقی دے کر محفوظ، مثالی اور بہترین علاقہ بنائیں گے۔ اب کچہ ترقی کرے گا، کچے کے لوگ خوشحال ہوں گے اور باعزت روزگار کمائیں گے۔ دوسری جانب مریم نواز نے چنیوٹ میں گھر کی چھت گرنے سے چار افراد کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے سوگوار خاندان سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے اور زخمی افراد کو بہترین طبی علاج معالجہ کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 13

جوہری مذاکرات کو الگ رکھنے کی تجویز پر امریکی قومی سلامتی کونسل میں سنجیدگی سے غور کیا جارہا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ، مصر، انڈونیشیا اور چین پر مشتمل ایک نیا سکیورٹی ڈھانچہ ابھر رہا ہے، جبکہ اسرائیل سفارتی تنہائی کا شکار ہو چکا ہے۔ سینئر صحافی مجیب الرحمٰن شامی نے خبردار کیا کہ امریکی ناکہ بندی کے باعث ایران کا توانائی کا شعبہ تباہی کے دہانے پر ہے۔ ایران کے تیل کے ذخائر مکمل طور پر بھر چکے ہیں اور اگر انہیں اپنے تیل کے کنوئیں بند کرنے پڑے تو یہ تہران کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان ہوگا۔ انہوں نے حکومت پاکستان پر زور دیا کہ وہ اس سفارتی کامیابی کے ساتھ ساتھ ملک کے اندرونی استحکام پر بھی بھرپور توجہ دے۔ جنرل ریٹائرڈ محمد سعید نے اس بات پر زور دیا کہ امریکی انتظامیہ اندرونی سیاسی وجوہات اور بھاری اخراجات کے باعث جنگ جاری نہیں رکھ سکتی، اور نہ ہی ایران اس طویل معاشی بوجھ کو اٹھا سکتا ہے۔ انہوں نے پیش گوئی کی کہ دونوں ممالک کے درمیان جلد ہی اسلام آباد میں تیز ترین مذاکرات کا نیا دور شروع ہونے کے قوی امکانات ہیں۔ انہوں نے یہ بھی مشاہدہ کیا کہ نہ تو بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی اور نہ ہی امریکی انٹیلی جنس نے باضابطہ طور پر یہ دعویٰ کیا ہے کہ ایران جوہری ہتھیار بنا رہا ہے، جو اس تنازع کے دیگر محرکات کی نشاندہی کرتا ہے۔ ممتاز سیاسی تجزیہ کار ڈاکٹر حسن عسکری رضوی نے بتایا کہ مئی 2025 کی پاک بھارت جنگ کے بعد پاکستان کی غیر جانبدارانہ سفارت کاری نے اسے عالمی سطح پر انتہائی معتبر بنا دیا ہے۔ تاہم، دونوں ممالک کی قیادت پر اپنے عوام کو سفارتی جیت دکھانے کا شدید دباؤ ہے، جس سے لچک کے امکانات کم ہوگئے ہیں۔

بقیہ نمبر 14

وکٹ حاصل کی اور مسلسل ڈاٹ بالز کے ذریعے دباؤ برقرار رکھا۔ وکٹ کیپر رضوان علی نے بھی شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے 3 کیچ آؤٹ کیے۔ محمد ثقلین نے دو وکٹیں حاصل کیں اور ایک رن آؤٹ بھی کیا، جبکہ کاشف عباس نے سمی پانڈیا اور سنگیت راول کو آؤٹ کر کے میچ ختم کیا۔ یوں بلتستان سی سی نے 34 رنز سے کامیابی حاصل کی۔ صمیم حسین کی دھماکہ خیز بیٹنگ اور سرفراز علی کی شاندار باؤلنگ کی بدولت بلتستان سی سی نے مکمل اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

بقیہ نمبر 15

میں بہتری، گورننس اور ادارہ جاتی اصلاحات کے فروغ کے ساتھ ساتھ پائیداری، شمولیت اور مسابقتی معیشت کے قیام میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ یورپی یونین پاکستان بزنس فورم 2026 کے عشائیے سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان دیرینہ اقتصادی و ترقیاتی شراکت داری کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے سفیر ریمنڈ اس کاروبلس کا ایک کامیاب فورم کے انعقاد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان 24 کروڑ سے زائد آبادی، نوجوان اور باصلاحیت افرادی قوت اور منفرد جغرافیائی حیثیت کے باعث عالمی سرمایہ کاروں کے لیے ایک اہم مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور چین کو جوڑنے والا قدرتی اقتصادی گیٹ وے ہے، جبکہ زراعت، ٹیکسٹائل، آئی ٹی، قابل تجدید توانائی، انجینئرنگ گڈز، معدنیات، لاجسٹکس، فارماسیوٹیکل اور گرین اکانومی جیسے شعبوں میں وسیع سرمایہ کاری مواقع موجود ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یورپی یونین کے ساتھ مضبوط شراکت داری پاکستان کو عالمی ویلیو چین میں اوپر لے جانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ اب تعلقات کو صرف روایتی تجارت تک محدود رکھنے کے بجائے مشترکہ منصوبوں، ٹیکنالوجی پارٹنرشپس، ہنرمندی کے فروغ، گرین انڈسٹریل تعاون، ڈیجیٹل انوویشن پلیٹ فارمز اور پائیدار سپلائی چینز کی تشکیل کی جانب بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خود کو صرف صارفین کی منڈی کے طور پر نہیں بلکہ پیداوار، جدت، خدمات اور برآمدات کے علاقائی مرکز کے طور پر دیکھنا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت چاہتی ہے کہ یورپی کمپنیاں پاکستان میں صرف اپنی مصنوعات فروخت نہ کریں بلکہ یہاں پیداوار کریں، پاکستانی کمپنیوں کے ساتھ شراکت داری قائم کریں اور پاکستان سے علاقائی و عالمی منڈیوں تک رسائی حاصل کریں۔ احسن اقبال نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کاروبار کے لیے کھلا، شراکت داری کے لیے تیار اور معاشی تبدیلی کے سفر پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نجی شعبے کو ترقی کا اصل انجن بنانے، اصلاحاتی ایجنڈے پر عمل درآمد تیز کرنے اور مقامی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے ایک سازگار، شفاف اور پائیدار کاروباری ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 16

میں ممکن ہے جب اس کی مناسب اور واضح وجہ پیش کی جائے۔ ان کے مطابق اس ممکنہ توسیعی مدت کے دوران قانون ساز ارکان حکومت سے مزید تفصیلات اور وضاحتیں طلب کریں گے تاکہ جنگ کی موجودہ صورت حال کو بہتر طور پر سمجھا جا سکے۔ رانڈز نے مزید کہا کہ سینیٹ کی آرمڈ سروسز کمیٹی اس معاملے پر اعلیٰ دفاعی حکام سے تفصیلی سوالات کرے گی اور اگر ضرورت محسوس ہوئی تو حساس نوعیت کی بریفنگز بند کمرہ اجلاس میں بھی دی جا سکتی ہیں تاکہ مکمل معلومات حاصل کی جا سکیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ صورت حال امریکا میں جنگی اختیارات، صدر کے فیصلوں اور کانگریس کے آئینی کردار کے درمیان ایک اہم اور فیصلہ کن بحث کو جنم دے سکتی ہے۔ ان کے مطابق یہ تنازع ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران کے ساتھ کشیدگی بدستور برقرار ہے اور خطے میں صورت حال غیر یقینی بنی ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 17

تاخیر کم سے کم ہو۔ ٹی آئی آر نظام سیل بند کارگو کو کم سے کم کسٹمز مداخلت کے ساتھ متعدد ممالک سے گزرنے کی اجازت دیتا ہے، جس سے نقل و حمل کا وقت اور لاجسٹکس لاگت نمایاں طور پر کم ہو جاتی ہے۔ گوادر پورٹ کے مطابق یہ تازہ پیش رفت گزشتہ ہفتے ہونے والی ایک اور اہم کامیابی کے بعد سامنے آئی ہے، جب کرغزستان سے پہلی کھیپ کامیابی کے ساتھ چین کے راستے سوست ڈرائی پورٹ پہنچی۔ تجارتی حکام کے مطابق، ایسے حکام نے پاکستان، چین اور وسطی ایشیا کے درمیان ابھرتی تجارتی راہداری کے لیے اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔

بقیہ نمبر 18

ایرانی فضائیہ نے عراق، کویت اور قطر میں دشمن کے اڈوں کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے ایک امریکی میڈیا رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایرانی فضائیہ کے ایک ایف 5 طیارے نے مختلف دفاعی تہوں کو عبور کرتے ہوئے ایک امریکی اڈے کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ ترجمان ایرانی فوج نے کہا کہ ایرانی بحریہ نے خطے اور اسرائیل میں امریکی نیول کروز میزائل اور ڈرون داغے اور بحریہ نے امریکی جنگی جہازوں، بشمول طیارہ بردار جہاز ابراہام لنکن کو ایرانی ساحل کے قریب آنے کی اجازت نہیں دی۔

بقیہ نمبر 19

اپنا گھر سکیم کے تحت قرض حاصل کرنے والے کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اپنا گھر سکیم کے اجرا کی تقریب میں شرکت میرے لیے باعث مسرت ہے۔ عوام کو اپنا گھر فراہم کرنا کسی بھی حکومت اور ریاست کا بنیادی اور مقدس فریضہ ہے۔ پاکستان کی 24 کروڑ آبادی میں سے بڑی تعداد اپنی چھت سے محروم ہے۔ اس حوالے سے یہ تقریب انتہائی یادگار ہے۔ اس سکیم کے اجرا کے لئے بہت زیادہ محنت کی گئی ہے۔ اور بہت سے مسائل درپیش تھے لیکن انہیں نجی شعبے کی مشاورت اور دیگر متعلقہ افراد اور حکام کے تعاون سے حل کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایک نوجوان ڈرائیور غلام حسین کو اللہ تعالیٰ نے اپنا گھر بنانے کا موقع فراہم کیا ہے اور اسے قرض ملا ہے۔ چیک حاصل کرنے والوں میں آزاد کشمیر اور خیبر پی کے کے لوگ بھی شامل ہیں۔ اس سکیم کا اطلاق وفاقی دارالحکومت سمیت چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں بھی ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ گھر ہو تو اپنا اس سکیم کا تسلسل ہے۔ جس کا میں نے پنجاب سے آغاز کیا تھا۔ اور اس کا نام آشیانہ رکھا گیا تھا۔ اس کا موثر آغاز کیا گیا تھا اور مختلف مقامات پر خود اس سکیم کا سنگ بنیاد رکھا اور چابیاں لوگوں کے حوالے کیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس سکیم کے تحت پہلے سال 50 ہزار گھروں کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے لئے 321 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ بھرپور تعاون اور معاونت پر وفاقی وزیر خزانہ، وفاقی وزیر ہاؤسنگ اور گورنر سٹیٹ بینک کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ چار برسوں میں ہمارا ہدف 5 لاکھ گھروں کا ہوگا۔ سکیم کے تحت 10 مرلے تک گھر تعمیر کیے جاسکیں گے اور اس کے لئے فنانسنگ کا حجم 3.2 کھرب روپے ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ ہر مہینے اس سکیم کا جائزہ لیں گے تاکہ اگر کسی قسم کی کوئی رکاوٹ ہو تو اسے دور کیا جائے اور ادائیگیاں بروقت ہوں۔ وزیراعظم اپنا گھر سکیم کے تحت قرض کے حصول کا طریقہ کار آسان بنایا گیا ہے۔ قرضے کی واپسی کی مدت 20 سال ہوگی۔ پہلے 10 سال مارک اپ 5 فیصد اور اگلے 10 سال مارکیٹ کی شرح کے مطابق ہوگا۔ ایک کروڑ روپے تک قرضہ لیا جاسکے گا۔ زیادہ قرضہ فراہم کرنے والے بینکوں کو 14 اگست کو قومی ایوارڈ دیا جائے گا اور جو بینک اس میں کوتاہی کا مظاہرہ کریں گے ان کے ساتھ کوئی رعایت نہیں ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئندہ بجٹ میں بھی مختلف سکیموں کو شامل کیا جائے گا۔ بجٹ میں بڑی سہولتیں دیں گے۔

بقیہ نمبر 20

میڈیا آفس کے مطابق اسرائیل کی جانب سے جنگ بندی کی 2 ہزار 400 خلاف ورزیاں کی جاچکی ہیں، جن میں ہلاکتیں، گرفتاریاں، محاصرہ اور بھوک کی پالیسی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں غزہ میں 6 کروڑ 10 لاکھ ٹن سے زائد کا ملبہ جمع ہو چکا ہے، جبکہ 3 لاکھ 71 ہزار 888 رہائشی یونٹس تباہ یا متاثر ہوئے ہیں، علاقے کے 50 فیصد سے زائد اسپتال غیر فعال ہو چکے ہیں اور تقریباً تمام تعلیمی ادارے تباہ یا متاثر ہیں۔ مزید بتایا گیا کہ غزہ کی معیشت 84 فیصد تک سکڑ چکی ہے اور 19 لاکھ افراد بے گھر ہو چکے ہیں، جن میں سے بیشتر کو کئی بار نقل مکانی کرنا پڑی۔ رپورٹ کے مطابق 60 فیصد سے زائد آبادی اپنے گھروں سے محروم ہو چکی ہے، رہائش، صحت، تعلیم، تجارت اور زراعت کے شعبے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں، جبکہ اس تنازع نے غزہ کی انسانی ترقی کو 77 سال پیچھے دھکیل دیا ہے۔ اقوام متحدہ اور یورپی یونین نے زور دیا ہے کہ غزہ کی تعمیر نو فلسطینی قیادت کے تحت ہونی چاہیے اور اسے فلسطینی اتھارٹی کو اختیارات کی منتقلی کے ساتھ جوڑا جائے۔

بقیہ نمبر 21

ہرمز دوبارہ کھلوانے کے صدر ٹرمپ کے آپریشن پروجیکٹ فریڈم کے تحت اس کے دو گائیڈڈ میزائل شکن بحری جہاز ایرانی ناکہ بندی توڑنے کے لیے خلیج میں داخل ہو گئے ہیں جبکہ دو امریکی تجارتی جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے میں کامیاب ہوئے ہیں تاہم ایران نے اس دعوے کو غلط اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران کوئی تجارتی جہاز یا آئل ٹینکر ہرمز سے نہیں گزرا جبکہ ایرانی فوج کا کہنا ہے کہ ہرمز میں امریکی جنگی جہازوں کو متنبہ کرنے کے لیے کروز میزائل راکٹ اور جنگی ڈرون فائر کیے گئے ہیں سینئر ایرانی سکیورٹی ذرائع کے مطابق اگر امریکی آبنائے ہرمز میں آگے بڑھے تو انہیں نشانہ بنایا جائے گا جبکہ ایران کی متحدہ فوجی کمان کے سربراہ اور خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈ کوارٹرز کے کمانڈر میجر جنرل علی عبداللہی نے خبردار کیا ہے کہ امریکی بحریہ اور اس کے جہاز آبنائے ہرمز سے دور رہیں۔ دوسری جانب سینٹرل کمانڈ سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر نے تصدیق کی ہے کہ تہران نے کروز میزائلوں کے ذریعے تجارتی اور امریکی فوجی جہازوں کو نشانہ بنایا ہے انہوں نے دعویٰ کیا کہ امریکی بحریہ نے ایران کی 6 چھوٹی کشتیاں تباہ کر دی ہیں تاہم تہران نے اس دعوے کی تردید کی ہے۔ متحدہ عرب امارات کے مشرقی حصے امارات فجیرہ میں واقع ایک اہم پیٹرولیم صنعتی سائٹ پر ڈرون حملے کے بعد بڑے پیمانے پر آگ بھڑک اٹھی، جس کی تصدیق مقامی میڈیا آفس اور حکام کی جانب سے کی گئی۔ واقعے کے بعد ریسکیو اور ایمرجنسی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں جبکہ علاقے میں سکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی۔ صورت حال کے پیش نظر یو اے ای نے اپنی فضائی حدود بھی عارضی طور پر بند کر دی۔ قطر کے نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق متحدہ عرب امارات کے امارت فجیرہ میں واقع پیٹرولیم صنعتی سائٹ پر ایک بڑے پیمانے پر آگ لگنے کے واقعے کی اطلاع ملی ہے۔ جس کے بارے میں مقامی میڈیا آفس نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ واقعہ ایران کی جانب سے کیے گئے ڈرون حملے کے بعد پیش آیا۔ پیٹرولیم صنعتی سائٹ پر آگ لگنے کی اطلاع ایسے وقت سامنے آئی جب متحدہ عرب امارات کی وزارت دفاع نے دعویٰ کیا تھا کہ ایران کی جانب سے داغے گئے چار میزائلوں میں سے تین کو فضائی دفاعی نظام نے ناکام بنا دیا اور ایک سمندر میں جا گرا تھا۔ اماراتی حکام کا کہنا ہے کہ حملے میں تین بھارتی شہری بھی زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ سی این این کے مطابق متحدہ عرب امارات نے ایران کی جانب سے مبینہ میزائل اور ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں عالمی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ وزارت خارجہ نے بیان میں ان حملوں کا الزام ایران پر عائد کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اس کے نتائج کی ذمہ داری بھی تہران پر ہی ہوگی۔ خلیجی خطے میں کشیدگی اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے جہاں تازہ فوجی نقل و حرکت اور سخت بیانات نے ایک بڑے ممکنہ ٹکراؤ کے خدشات پیدا کر دیے ہیں۔ امریکی میڈیا کی رپورٹس اور متحدہ عرب امارات کے ایک اعلیٰ عہدیدار کے مطابق اگلے 24 گھنٹے انتہائی اہم ہو سکتے ہیں کیونکہ امریکا یا اسرائیل کی جانب سے ایران پر کسی بھی وقت حملہ متوقع ہے۔ متحدہ عرب امارات کے ایک عہدیدار نے امریکی نشریاتی ادارے سی این این کو بتایا کہ حالیہ واقعات نے صورتحال کو اس نہج پر پہنچا دیا ہے جہاں اب ایک مربوط فوجی جواب پر سنجیدگی سے غور کیا جا رہا ہے۔ یہ وارننگ ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب متحدہ عرب امارات کے علاقے فجیرہ میں ایک تیل کی تنصیب پر ڈرون حملہ ہوا اور دبئی کی فضاؤں میں میزائلوں کو ناکارہ بنایا گیا ہے۔ سمندری حدود میں بھی صورتحال انتہائی کشیدہ ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے مطابق امریکی بحری جہازوں اور تجارتی جہازوں پر کروز میزائلوں اور ڈرون حملوں کے جواب میں امریکی فوج نے ایران کی چھ کشتیوں کو تباہ کر دیا ہے۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اگر یہ بحری راستہ بند رہا تو امریکا میں پیٹرول کی قیمتیں پانچ ڈالر فی گیلن تک جا سکتی ہیں۔ دوسری جانب یہ تنازع صرف خلیج تک محدود نہیں رہا بلکہ لبنان میں بھی اسرائیلی فوج نے جنوبی علاقوں کے دس دیہاتوں کو خالی کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں، جس سے ایک وسیع علاقائی جنگ کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ تقریباً ایک ماہ کی خاموشی کے بعد دوبارہ شروع ہونے والی اس کشیدگی نے سفارتی کوششوں کو بھی دھچکا پہنچایا ہے۔ صدر ٹرمپ نے ایرانی تجاویز کو ناکافی قرار دے کر مسترد کر دیا ہے جبکہ خطے میں فوجوں کی دوبارہ تعیناتی اور طیاروں کی نقل و حرکت ظاہر کرتی ہے کہ فوجی منصوبہ بندی اپنے آخری مراحل میں داخل ہو چکی ہے۔ اس وقت پوری دنیا کی نظریں ان اہم گھنٹوں پر جمی ہوئی ہیں جو خطے کے مستقبل اور عالمی امن کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 22

ایران کو ایک بار پھر دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران نے پروجیکٹ فریڈم کے تحت امریکی جہازوں کو نشانہ بنایا تو اسے صفحۂ ہستی سے مٹا دیں گے، انہوں نے دعویٰ کیا کہ امریکا نے آبنائے ہرمز میں ایران کی 7 چھوٹی کشتیوں کو تباہ کر دیا ہے، ایرانی کارروائیوں کے نتیجے میں صرف جنوبی کوریا کے ایک جہاز کو نقصان پہنچا ہے۔ پیر کو امریکی نشریاتی ادارے فاکس نیوز کو دیے گئے انٹرویو میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران نے آبنائے ہرمز میں پروجیکٹ فریڈم کے تحت جہازوں کی نقل و حرکت کے دوران متعدد جہازوں پر فائرنگ کی، ان کارروائیوں کے جواب میں امریکی فورسز نے ایران کی 7 چھوٹی کشتیوں کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا، جنہیں ایرانی حکام فاسٹ بوٹس کہتے ہیں۔ اس سے قبل امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر نے بھی بتایا تھا کہ امریکی فوج نے آبنائے ہرمز میں ایران کی 6 چھوٹی کشتیوں کو تباہ کر دیا۔ صدر ٹرمپ کے مطابق ایرانی فائرنگ کے نتیجے میں جنوبی کوریا سے منسلک ایک کارگو جہاز کو نقصان پہنچا تاہم اس کے علاوہ دیگر جہاز محفوظ رہے اور کسی بڑے نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ ایران نے ایسے ممالک پر حملہ کیا جن کا اس جنگ سے کوئی تعلق نہیں، اب وقت ہے کہ جنوبی کوریا بھی اس مشن میں شامل ہو، انہوں نے ایران کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ اگر ایران نے امریکی جہازوں پر حملہ کیا تو اسے دنیا کے نقشے سے مٹا دیں گے۔ امریکی حکام کے مطابق پروجیکٹ فریڈم ایک ایسا اقدام ہے جس کے تحت آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تجارتی جہازوں کی معاونت کی جارہی ہے، جس میں گائیڈڈ میزائل ڈسٹرائرز، فضائی و بحری طیارے، بغیر پائلٹ سسٹم اور ہزاروں فوجی اہلکار شامل ہیں۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکا کے پاس پہلے کے مقابلے میں زیادہ جدید ہتھیار اور اسلحہ موجود ہے اور کسی بھی ممکنہ خطرے سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے، امریکا کے دنیا بھر میں فوجی اڈے موجود ہیں جو امریکی فوجی اڈے جدید ترین آلات سے لیس ہیں، ضرورت پڑنے پر ہم اپنے تمام جدید ہتھیار استعمال کریں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ایران مذاکرات میں پہلے کے مقابلے میں زیادہ لچک دکھا رہا ہے۔ انہوں نے آبنائے ہرمز میں جاری امریکی اقدامات کو بڑی فوجی حکمت عملی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ حالیہ دور کی اہم کارروائیوں میں سے ایک ہے۔ دوسری جانب جنوبی کوریائی وزارت خارجہ کے ترجمان کے مطابق آبنائے ہرمز میں ایک جنوبی کوریائی جہاز پر دھماکہ اور آگ لگنے کا واقعہ بھی پیش آیا ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور آبنائے ہرمز ایک بار پھر عالمی توجہ کا مرکز بن چکی ہے اور دونوں ممالک کی جانب سے سخت بیانات سامنے آرہے ہیں۔

بقیہ نمبر 23

گوتریش نے کہا کہ حالیہ برسوں میں جنگی علاقوں میں صحافیوں کی ہلاکتوں میں نمایاں اضافہ ہوا اور کئی مواقع پر انہیں جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ کہا جاتا ہے کہ جنگ میں سب سے پہلے سچائی قربان ہوتی ہے لیکن حقیقت میں اکثر وہ صحافی سب سے پہلے نشانہ بنتے ہیں جو سچ سامنے لانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آزادی صحافت کو معاشی دباؤ، نئی ٹیکنالوجیز اور دانستہ معلوماتی ہیرا پھیری کے باعث غیر معمولی دباؤ کا سامنا ہے۔ اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق وولکر ترک نے صحافیوں کے خلاف بڑھتے ہوئے حملوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کے فوری خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ جب میڈیا پر حملے معمول بن جائیں تو آزادی زوال پذیر اور امن، سلامتی و پائیدار ترقی کی بنیادیں بھی کمزور پڑ جاتی ہیں۔ ہائی کمشنر نے دنیا بھر کے بہادر صحافیوں اور فوٹو گرافروں کو خراج تحسین پیش کیا جو سنگین مظالم کو دستاویزی شکل، بدعنوانی کو بے نقاب اور کاروباری سرگرمیوں کا احتساب کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج صحافت غیر محفوظ اور بعض اوقات خطرناک پیشہ بن چکی ہے جہاں میڈیا کارکنوں کو گاڑیوں میں بم حملوں کا نشانہ، دفاتر سے اغوا، جیلوں میں قید اور ملازمتوں سے نکالا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ رواں سال جنوری سے اب تک کم از کم 14 صحافی ہلاک ہو چکے ہیں اور دو دہائیوں میں ان کے قتل کے صرف تقریباً 10 فیصد واقعات میں احتساب ہو سکا، مسلح تنازعات کی رپورٹنگ سب سے زیادہ خطرناک ثابت ہو رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل کی غزہ میں جنگ میڈیا کے لیے موت کا جال بن چکی جہاں اکتوبر 2023 سے اب تک تقریباً 300 صحافیوں کی ہلاکت کی تصدیق ہو چکی جبکہ متعدد زخمی بھی ہوئے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اکثر جنگی علاقوں میں مقامی صحافی ہی رپورٹنگ کر رہے ہوتے ہیں جو شدید تشدد، بربریت اور حتیٰ کہ قحط جیسے حالات کا سامنا کرتے ہوئے بھی اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہوتے ہیں۔ ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق نے میکسیکو کے حالیہ دورے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی، ماحولیاتی نقصان یا منظم جرائم کی رپورٹنگ کرنے والے صحافیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں حتیٰ کہ ان کے اہل خانہ بھی محفوظ نہیں رہتے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا کارکنوں کو سرحد پار نگرانی اور دباؤ کا سامنا بھی بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے اس امر پر بھی تشویش ظاہر کی کہ جعلی خبروں، غلط معلومات، سائبر کرائم اور دہشت گردی سے متعلق قوانین کو طاقتور حلقوں کے تحفظ کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے جبکہ مہنگے قانونی مقدمات کے ذریعے صحافیوں کو ہراساں کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عالمی سطح پر اس وقت تقریباً 330 میڈیا کارکن قید میں ہیں جبکہ 500 کے قریب شہری صحافی اور انسانی حقوق کے بلاگرز بھی حراست میں ہیں۔ انہوں نے آن لائن ہراسانی اور ہتک پر بھی تشویش ظاہر کی جس کا زیادہ تر نشانہ خواتین صحافی بنتی ہیں جن میں سے تقریباً تین چوتھائی کو بدنامی مہمات اور جنسی تشدد کی دھمکیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ایسے حملے ایسے غلط معلوماتی معاشرے کو جنم دے سکتے ہیں جہاں میڈیا کو خوفزدہ رہنے کیلئے حقائق چھپانا اور سائنسی حقائق سے انکار کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا کو خاموش کرانے کے طریقے تشویشناک حد تک تخلیقی ہو چکے ہیں جن میں رسائی محدود کرنا، انٹرنیٹ بند کرنا اور خبروں پر پابندی شامل ہے جبکہ بعض مواقع پر سیاسی، کارپوریٹ اور میڈیا طاقتوں کا گٹھ جوڑ جمہوریت کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی دباؤ بھی ریکارڈ سطح پر پہنچ چکا ہے اور تقریباً ایک تہائی ممالک میں فنڈنگ کی کمی اور میڈیا کے ارتکاز کے باعث مقامی نیوز ادارے بند ہو رہے ہیں، ان تمام چیلنجز کے باوجود صحافی سخت ترین حالات میں بھی رپورٹنگ جاری رکھے ہوئے ہیں حتیٰ کہ ہسپتال کے بستروں اور وہیل چیئرز سے بھی، کیونکہ وہ سچ کو سامنے لانے کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔ ہائی کمشنر نے کہا کہ صحافی اکیلے یہ جنگ نہیں لڑ سکتے لہٰذا ممالک کو چاہیے کہ میڈیا پر ظلم و ستم بند، غیر ضروری پابندیاں ختم، غلط قوانین کو منسوخ اور قانونی نظام کو بین الاقوامی انسانی حقوق کے معیار سے ہم آہنگ کریں۔ انہوں نے حکومتوں پر زور دیا کہ وہ میڈیا کارکنوں کو تحفظ فراہم کریں، نگرانی سے بچائیں، خلاف ورزیوں کی تحقیقات کریں اور ذمہ داران کا احتساب یقینی بنائیں۔ انہوں نے ٹیکنالوجی کمپنیوں سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ آن لائن ہراسانی اور غلط معلومات کے خلاف موثر اقدامات کریں۔

بقیہ نمبر 24

ہوئے واضح کیا ہے کہ واشنگٹن کی پابندیاں قانونی حیثیت نہیں رکھتیں اور چین ان پر عمل درآمد نہیں کرے گا۔ چینی سرکاری خبر رساں ایجنسی ژنہوا کے مطابق وزارت تجارت نے ہفتے کے روز قانونی حکم نامہ جاری کیا ہے جس کے تحت چین کی پانچ آئل ریفائنریز پر عائد امریکی پابندیوں کو منسوخ کر دیا ہے۔ بیجنگ کے مطابق امریکی اقدامات میں ان چینی کمپنیوں کو نشانہ بنایا گیا ہے جو ایران سے تیل خریدتی ہیں، تاہم چین نے واضح کیا کہ یہ تجارتی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہیں گی۔ چینی وزارت تجارت نے اپنے بیان میں کہا کہ امریکا کے یہ اقدامات نہ صرف چینی کمپنیوں کو تیسرے ممالک کے ساتھ معمول کی تجارت سے روکنے کی کوشش ہیں بلکہ یہ بین الاقوامی قوانین اور اصولوں کی بھی خلاف ورزی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ چین اقوام متحدہ کی منظوری اور عالمی قانون کے بنیادی اصولوں کے خلاف تمام یکطرفہ پابندیوں کی مخالفت کرتا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ چین نے اسی بنیاد پر یہ حکم جاری کیا ہے کہ امریکی پابندیوں کو نہ تسلیم کیا جائے گا، نہ ان پر عمل کیا جائے گا، اور نہ ہی انہیں نافذ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 25

فوجی اڈے متاثر ہوئے۔ تباہ ہونے والے کئی مقامات ناقابل استعمال ہیں۔ مہنگے ریڈار سسٹم اور طیاروں کو نشانہ بنایا گیا۔ قطر میں العدید ایئربیس کو نمایاں نقصان پہنچا، ایسی تباہی پہلے نہیں دیکھی۔

بقیہ نمبر 26

سکیں، فریقین کے درمیان مخلصانہ اور بامقصد مذاکرات ناگزیر ہیں۔ چینی سفیر نے مزید کہا کہ عالمی برادری کو دوبارہ جنگ کے امکان کے خلاف آواز اٹھانی چاہئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹرمپ کے دورہ چین کے وقت آبنائے ہرمز بند ہوئی تو یہ اہم ایجنڈا ہوگا۔ چینی مندوب کا کہنا ہے چین اور امریکہ تعلقات صرف آبنائے ہرمز تک محدود نہیں، چین امریکہ تعلقات دونوں ممالک اور عوام کے مفاد میں ہیں۔ چین امریکہ کے مضبوط اور پائیدار تعلقات دنیا کے لیے بھی فائدہ مند ہیں۔ باہمی احترام، پرامن بقائے باہمی اور تعاون سے تعلقات آگے بڑھ سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 27

کے رہنما پاسٹر طارق رحمت نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے قبل 23 اپریل کو بھی احتجاج کا پروگرام ترتیب دیا گیا تھا، تاہم پاکستانی قونصلیٹ کی درخواست پر اسے مؤخر کر دیا گیا۔ ان کے مطابق قونصلیٹ حکام نے کمیونٹی سے مطالبات پیش کرنے کو کہا، جس پر رہنماؤں نے ماریہ شہباز کی جبری شادی ختم کروانے اور ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا، لیکن اس سلسلے میں کوئی مؤثر پیش رفت نہ ہو سکی۔ طارق رحمت نے کہا کہ جب ہمیں اپنی جائز مطالبات پر کوئی تسلی بخش جواب نہ ملا تو کمیونٹی رہنماؤں اور پاسٹرز نے دوبارہ احتجاج کا فیصلہ کیا اور 7 مئی کے لیے باضابطہ اجازت بھی حاصل کر لی گئی ہے۔ منتظمین کے مطابق یہ مظاہرہ 7 مئی بروز جمعرات صبح 10:30 بجے سے دوپہر 3:00 بجے تک ایسٹ 46 ویں اسٹریٹ، نیویارک میں اقوام متحدہ کی عمارت کے سامنے منعقد ہوگا۔ احتجاج کا مرکزی نعرہ ہماری بیٹیوں کو بچاؤ رکھا گیا ہے۔ مظاہرے کا مقصد پاکستان میں اقلیتی برادریوں، خصوصاً کمسن مسیحی لڑکیوں، کو درپیش مسائل کو عالمی سطح پر اجاگر کرنا ہے۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ وہ جبری تبدیلی مذہب، کم عمری کی شادیوں، اور مبینہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف آواز بلند کریں گے۔ یہ احتجاج گریس بائبل فیلوشپ چرچ آف نیویارک کے زیر اہتمام منعقد کیا جا رہا ہے، جس میں نیویارک، لانگ آئی لینڈ، بروکلین اور دیگر علاقوں کے متعدد چرچز اور مسیحی تنظیمیں شرکت کریں گی۔ اس کے علاوہ مختلف سماجی و مذہبی تنظیموں نے بھی اس احتجاج کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ منتظمین کے مطابق اس اقدام کا مقصد نہ صرف متاثرہ افراد کیلئے انصاف کا حصول ہے بلکہ عالمی برادری، خصوصاً انسانی حقوق کی تنظیموں، کو اس مسئلے کی سنگینی سے آگاہ کرنا بھی ہے۔ پاسٹر طارق رحمت اور دیگر رہنماؤں نے نیویارک، نیو جرسی اور فلاڈیلفیا سمیت امریکہ بھر میں مقیم پاکستانی نژاد افراد اور انسانی حقوق کے علمبرداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس احتجاج میں بھرپور شرکت کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ وقت خاموش رہنے کا نہیں بلکہ اپنی بیٹیوں کے تحفظ کیلئے متحد ہو کر آواز بلند کرنے کا ہے۔ اگر ہم آج نہ بولے تو کل بہت دیر ہو جائے گی۔ احتجاج کے منتظمین کا کہنا ہے کہ وہ پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، کمسن بچیوں کے لیے قانونی و سماجی تحفظ، اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کریں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ یہ احتجاج ایک پرامن مگر مضبوط پیغام ہوگا، جس کے ذریعے عالمی سطح پر انصاف اور انسانی وقار کے لیے آواز بلند کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 28

بڑھانے کی تجویز پر غور کیا گیا، اس موقع پر امریکی وزیر جنگ اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈین کین نے کمیٹی کے سامنے موقف پیش کیا۔ امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگستھ نے کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ متعدد بار واضح کر چکے ہیں کہ ایران کو جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، ان کے مطابق یہ تنازع امریکا کی سلامتی سے جڑا ہوا ہے اور حکومت ملک کو محفوظ بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی عوام کو اپنی افواج پر فخر ہے اور صدر ٹرمپ وہ واحد رہنما ہیں جنہوں نے امریکی مفادات کے تحفظ کے لیے موثر فیصلے کیے۔ جنرل ڈین کین نے ایران کے خلاف آپریشن ایپک فیوری پر بریفنگ دی اور کہا کہ امریکی فوج دنیا کی سب سے منظم اور پیشہ ور فوج ہے، ان کے مطابق امریکا نے ایران کے خلاف کارروائی میں اپنے اہداف حاصل کیے ہیں اور ایران کو کسی صورت جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ جنرل ڈین کین نے کہا کہ مجوزہ 1.5 ٹریلین ڈالر کا دفاعی بجٹ مستقبل کی سیکیورٹی کے لیے ایک اہم سرمایہ کاری ہے، کیونکہ جدید جنگوں میں ٹیکنالوجی کا کردار تیزی سے بڑھ رہا ہے اور اسی کے مطابق دفاعی صلاحیتوں کو بڑھانا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 29

رہے ہیں، چین اور امریکا کی ممکنہ شمولیت، سوشل میڈیا اور غلط معلومات جنگ کو تیزی سے پھیلا سکتی ہیں، سفارتکاری محدود، واشنگٹن کیلئے بھی روکنا مشکل ہوگا۔ ایلزبتھ نے اپنے مضمون میں لکھا کہ مئی 2025 میں بھارت اور پاکستان کے درمیان ہونے والا چار روزہ شدید عسکری تصادم محض ایک جھلک، بحران نہیں تھا بلکہ یہ جنوبی ایشیا کے سیکیورٹی ڈھانچے کو ایک نئے اور زیادہ خطرناک مرحلے میں داخل کر گیا ہے، جہاں دونوں ایٹمی طاقتیں نہ صرف روایتی جنگ کو ایٹمی حد سے نیچے رکھتے ہوئے وسعت دینے پر متفق دکھائی دیتی ہیں بلکہ مستقبل کی کسی بھی جنگ میں زیادہ تیز، زیادہ گہرے اور زیادہ تباہ کن حملوں کی تیاری بھی کر رہی ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے جنگ بندی میں کردار کے دعووں، بھارت کے دو طرفہ موقف، پاکستان کے سخت ردعمل اور چین سمیت بڑی طاقتوں کی ممکنہ شمولیت کے تناظر میں ماہرین خبردار کرتے ہیں کہ آئندہ پاک بھارت بحران نہ صرف زیادہ شدید اور غیر متوقع ہوگا بلکہ واشنگٹن کے لیے اسے کنٹرول کرنا بھی کہیں زیادہ مشکل ہو جائے گا۔ نئی جنگی ٹیکنالوجیز، ڈرونز، میزائلز، سائبر و بحری محاذ، غلط معلومات کی یلغار، اور پانی جیسے حساس شعبوں کے استعمال کے امکانات اس خطرے کو مزید پیچیدہ بنا رہے ہیں، جبکہ دونوں ممالک کی بڑھتی ہوئی خود اعتمادی اور خطرہ مول لینے کی پالیسی کسی بھی محدود تصادم کو تیزی سے وسیع جنگ میں بدل سکتی ہے یا سیاسی جنگ جو اگرچہ روایتی سطح پر لڑی جائے، مگر غلط اندازوں اور تیز رفتار فیصلوں کے باعث غیر ارادی طور پر ایٹمی تصادم کی دہلیز تک پہنچ سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 30

دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے میں جاری کشیدگی اور اس کے ممکنہ اثرات کا جائزہ لیتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ تنازعات کا حل صرف اور صرف مذاکرات، سفارتکاری اور باہمی اعتماد سازی کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ اس موقع پر برطانوی وزیر خارجہ یویٹ کوپر نے قیام امن کے لیے پاکستان کی مسلسل سفارتی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا کردار خطے میں استحکام کے لیے نہایت اہم ہے۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے گفتگو کے دوران پاکستان کے اصولی موقف کو دہراتے ہوئے کہا کہ پاکستان خطے میں دیرپا امن کے قیام کے لیے سنجیدہ اور متحرک کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان تمام فریقین کے درمیان بامقصد مکالمے اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے [illegible] جاری رکھے گا۔ ذرائع کے مطابق گفتگو میں اس بات پر بھی غور کیا گیا کہ جاری علاقائی تنازعات کے عالمی معیشت پر گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں، جن میں توانائی کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، عالمی تجارت، سپلائی چین اور اقتصادی عدم استحکام شامل ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے عالمی تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ مزید برآں، پاکستان اور برطانیہ کے درمیان دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور اور عالمی و علاقائی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 31

تخمینہ فراہم کیا ہے۔ جلسن ہرسٹ جو کمپٹرولر کے فرائض انجام دے رہے ہیں، نے ہاؤس آرمڈ سروسز کمیٹی کے قانون سازوں کو بتایا کہ اس میں سے زیادہ تر [illegible] کے لیے استعمال ہوا ہے۔ انہوں نے یہ تفصیل نہیں بتائی کہ اس لاگت میں کیا کچھ شامل ہے، اور آیا اس میں مشرق وسطیٰ میں تنازعات سے تباہ ہونے والے بنیادی ڈھانچے کی مرمت اور دوبارہ تعمیر کے اخراجات بھی شامل ہیں یا نہیں۔ ہاؤس آرمڈ سروسز کمیٹی کے [illegible] ایڈم اسمتھ نے [illegible] کہ آپ نے اس سوال کا جواب دیا۔ [illegible]

بقیہ نمبر 32

میں امریکی فوجی کارروائیاں ختم کرنے کی قرارداد 47 کے مقابلے میں 50 ووٹوں سے مسترد کر دی گئی۔ گزشتہ بار قرارداد کی حمایت میں 48 ووٹ ڈالے گئے تھے۔ تاہم اس بار [illegible] امریکی سینیٹ میں معروف ڈیموکریٹ سینیٹر ٹم کین کی جانب سے پیش کی گئی [illegible] ڈیموکریٹ [illegible] ریپبلکن سینیٹرز سوزن کولنز اور رینڈ پال نے قرارداد کی حمایت کی۔ [illegible] جنگ بندی کی حمایت میں ووٹ دیا ہے۔

بقیہ نمبر 33

[illegible] اسرائیل [illegible] پاکستان کے مستقل مندوب نے کہا کہ مسجد اقصیٰ [illegible] لبنان میں [illegible] 2 ہزار [illegible] کی خودمختاری، وحدت اور علاقائی سالمیت کا مکمل احترام کیا جائے۔

بقیہ نمبر 34

وعلاقائی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ [illegible] پاکستان [illegible] چیئرمین [illegible] کے ساتھ [illegible] پیش رفت قرار دیا۔ [illegible] مشرق وسطیٰ اور علاقائی [illegible] ملاقات کے دوران علاقائی اور عالمی صورتحال [illegible] پاکستان کی جانب سے [illegible]

بقیہ نمبر 35

شکست دی اور جنگ میں [illegible] اور خوشحالی کا [illegible] مدافعت کے ساتھ [illegible] ذہانت کا [illegible] تہذیب [illegible] معصوم اور [illegible] عام کے [illegible] الشان مظاہرے [illegible] جیت [illegible] انسانی اور [illegible] پرامن مظاہرین [illegible] انتظامیہ [illegible] گرفتاریوں [illegible] ان کے [illegible] گھوٹنے کے مترادف ہے۔

بقیہ نمبر 36

گورنر [illegible] ہے، اقوام متحدہ [illegible] کریں گے [illegible] پاکستانی نمائندوں سے [illegible] بھی جائیں گے۔

بقیہ نمبر 37

کے دوران [illegible] کی ثقافتی [illegible] کاری، [illegible] طور پر [illegible] مہمانوں کو [illegible] کے اسٹالز [illegible] پکوانوں [illegible] میں امریکا [illegible] امریکا کو [illegible] کے درمیان [illegible] کی گئیں۔ [illegible] درمیان [illegible] کردار ادا کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 38

انتخابات [illegible] نمایاں اضافہ [illegible] نظام کے [illegible] جا رہا ہے [illegible] کیلئے [illegible] پرستانہ [illegible] لوزیانا [illegible] اکثریت [illegible] انتخابی [illegible] اکثریتی [illegible] پہلے ہی [illegible] نمائندگی [illegible] مطابق [illegible] آئینی طور [illegible] بنا سکتیں [illegible] ووٹنگ [illegible] بحث [illegible] ریپبلکن [illegible] الزامات [illegible] تبدیلیاں [illegible] ریپبلکن [illegible] عدالتی [illegible] ہیں، ڈیموکریٹس [illegible] طرف قدم ہے۔ اس فیصلے کو انتخابی قانون سازی میں ایک اہم نظیر کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ [illegible] ریاستیں [illegible] کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔ [illegible] قوانین [illegible] خودمختاری [illegible] جبکہ انتخابی [illegible] بالواسطہ طور پر [illegible] کے بعد ریاستوں کو حلقہ بندیوں میں [illegible] سکتی ہے۔ [illegible] موجودہ توازن متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ [illegible] سیاسی تجزیہ کاروں [illegible] ایوان نمائندگان میں طاقت کا توازن [illegible] کے اثرات براہ راست 2026 کے وسط مدتی انتخابات پر پڑ سکتے ہیں۔ [illegible] نظرثانی کی تیاری شروع ہو چکی ہے۔ [illegible] کے مطابق [illegible] اپیلوں [illegible] ایک شدید [illegible] ریپبلکن [illegible] پرستانہ اثرات [illegible] جبکہ ڈیموکریٹس [illegible] ووٹر [illegible] مرکزی [illegible] درجنوں [illegible] حلقہ بندی [illegible] رد عمل [illegible] ریاستی حکومت نے [illegible] کا اعلان کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 39

سیکرٹری آف سٹیٹ برائے پولیٹیکل ملٹری امور جنرل مارک کٹ نے کہا ہے کہ پاکستان کو امریکی صدر ٹرمپ کے اعتماد حاصل ہے اور خطے میں اہم سفارتی کردار ادا کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ پاکستان، امریکا اور ایران کے درمیان تنازع حل [illegible] مستقل امن [illegible] جنرل (ر) مارک کٹ نے کہا [illegible] فیلڈ مارشل [illegible] کے درمیان [illegible] کے تعلقات [illegible] ٹرمپ اور [illegible] پاکستان اور امریکہ [illegible] ثابت ہوا۔

بقیہ نمبر 40

نے کہا کہ امریکا کو ایران کے ساتھ امن معاہدہ کر لینا چاہیے [illegible] 46 فیصد [illegible] بڑھانا چاہیے [illegible] 2006 [illegible] 59 فیصد امریکیوں نے عراق کے ساتھ امریکی جنگ کو غلطی کہا تھا، 1971 میں [illegible] 6 امریکیوں [illegible] ویتنام جنگ کو غلطی قرار دیا تھا۔

بقیہ نمبر 41

گاؤ وائٹ ہاؤس کے قریب فائرنگ کا ایک اور واقعہ پیش آیا ہے، جس میں ایک مشکوک شخص [illegible] سیکرٹ سروس [illegible] وائٹ ہاؤس [illegible] فائرنگ [illegible] گرفتار [illegible] سیکرٹ سروس [illegible] کے بعد وائٹ ہاؤس [illegible] کو [illegible] وائٹ ہاؤس [illegible] کی پولیس [illegible] کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 42

تاہم اس کے ساتھ ساتھ سفارتی حل تلاش کرنے کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ انہوں نے کہا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ فریقین دوہری حکمت عملی اختیار کیے ہوئے ہیں اور وہ ایک طرف دباؤ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں اور دوسری جانب مذاکرات کے ذریعے درمیانی راستہ نکالنے کی کوششوں سے بھی دستبردار نہیں ہوئے۔ سردار مسعود خان کا کہنا تھا کہ پاکستان مسلسل محتاط اور تعمیری سفارتی کوششوں سے اور دونوں فریقوں کے درمیان قابل اعتبار پل کے طور کام کر رہا ہے جو گہری بداعتمادی کو کم کرسکتا ہے۔ حالیہ پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خطے میں امریکی عسکری تیاری، جس میں طیارہ بردار جہازوں اور بحری افواج کی تعیناتی شامل ہے، مکمل جنگ چھیڑنے کے بجائے دباؤ بڑھانے کی حکمت عملی ہوسکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ بظاہر براہ راست جنگ کے بجائے اپنی عسکری برتری کو مذاکرات کے نتائج پر اثر انداز ہونے کے لیے استعمال کر رہا ہے جبکہ دوسری جانب ایران نے مسلسل حملوں اور قیادت کے نقصانات کے باوجود اپنی مزاحمت برقرار رکھی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کا غیر مرکزی کمانڈ ڈھانچہ اور اسٹریٹجک گہرائی اسے اپنی کارروائیاں جاری رکھنے میں مدد دے رہی ہے تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ ایران کے اندر اہم تنصیبات کی حفاظت اور معیشت کے حوالے سے کمزوریاں اب بھی موجود ہیں۔ سردار مسعود خان نے متنبہ کیا کہ اگر ایران کے اثاثوں پر حملے کیے گئے تو اس کے نتیجے میں خطے میں وسیع ردعمل سامنے آسکتا ہے، جس میں خلیجی توانائی تنصیبات، سمندری راستوں اور عالمی تجارتی جہاز رانی کو خطرات سرفہرست ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں جہاز اور ملاح اس وقت پھنسے ہوئے ہیں، جو ایک ابھرتے ہوئے انسانی اور معاشی بحران کی نشاندہی کرتا ہے۔ وسیع تر جغرافیائی سیاسی اثرات کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ عالمی منڈیاں، بشمول توانائی اور اسٹاک مارکیٹس، پہلے ہی دباؤ کا شکار ہیں، جس کے باعث تمام فریقین پر کشیدگی کم کرنے کا دباؤ بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے علاقائی اتحادوں میں تبدیلی اور مسلم دنیا کے اندر ممکنہ تقسیم کے خدشات کا اظہار بھی کیا۔ سفارتی عمل کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ کم از کم مشترکہ نکات جس میں بیک وقت ناکہ بندی میں نرمی، مرحلہ وار پابندیوں میں کمی، اور جوہری پروگرام جیسے متنازع امور کو باقاعدہ مذاکرات کے لیے مؤخر کرنے سے پیشرفت ہوسکتی ہے۔

زوم کانفرنس اور فوٹو شوٹ
کے لیے رابطہ کریں

پروفیشنلی زوم کانفرنس کے انعقاد اور اسے سوشل میڈیا کی زینت بنانے کے علاوہ اپنی یادگار تقاریب کے لئے سٹوڈیو میں فوٹو شوٹ کیلئے کال کریں

ZOOM Video Conferencing

718-509-5522
917-348-3974
vniwvssamad@yahoo.com

Mohamad Akhtar
لٹل پاکستان میں پاکستانیوں کی اپنی
Cedars Auto Repair
Toyota Original Brakes - Synthetic Oil
NY State Inspection
TLC سمیت فارن اور ڈومیسٹک گاڑیوں
کی سستی اور معیاری مرمت کیلئے کہیں جانے سے پہلے
ایک کال ضرور کریں
Asad Hussain
Timings شام 6 سے صبح 8 بجے تک
Call Akhtar 917-379-1161
948 Coney Island Ave, Brooklyn NY 11230

دھواں دار کباب ہوں یا ہائی وے کڑاہی یا پھر ہلکا پھلکا چٹخارہ
کراچی کے ذائقوں کے لیے
ایک بار آزمائیں
بار بار آئیں
حلال 100%
دیسی بیٹھک (ریسٹوران)
DESI BETHAK
RESTAURANT
اب نئی آن و شان کے ساتھ دوبارہ کرم فرماؤں کی خدمت کیلئے حاضر
کڑاہی میں 8 مختلف ذائقوں کیلئے تشریف لائیں
Friday Saturday
Open Late Till 3 AM
With Special Breakfast Menu
Ph: 703-337-2448
8000 Haute Court Springfield Virginia 22150

MAM Auto Care
Come with Confidence
Go with Satisfaction
WOODBRIGE VIRGINIA
A Complete Care Of Your Automobile By Highly Experienced And Qualified Technicians
- All Mechanical and General Repairs
- Engine Tune-up
- Brakes Maintenance
- Fuel System Clean up
- Suspension System Repair

Honesty Is Our Best Policy
Ph: 703-853-8337
Email: mianamir63@hotmail.com
Amir Mian
14855 Farm Creek Dr. Woodbrige VA, 22191

پاکستان عالمی سرمایہ کاروں کیلئے مرکزی حیثیت رکھتا ہے احسن اقبال

یورپی یونین کے ساتھ مضبوط شراکت داری پاکستان کو عالمی ویلیو چین میں اوپر لے جانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے

پاکستان جنوبی و وسطی ایشیا، مشرق وسطی اور چین کو جوڑنے والا قدرتی اقتصادی گیٹ وے ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ یورپی یونین طویل عرصے سے پاکستان کے اہم ترین تجارتی اور ترقیاتی شراکت داروں میں شامل رہی ہے، یورپی یونین نے پاکستانی مصنوعات کیلئے عالمی منڈیوں تک رسائی، معیار

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 15﴾

چین، پاکستانی ڈاکٹر اقوام متحدہ سے وابستہ فلاحی ادارے کا ڈائریکٹر مقرر

جنان (مانیٹرنگ ڈیسک) چین-پاکستان میڈیکل ایسوی ایشن (سی پی ایم اے) کے بانی اور صدر ڈاکٹر محمد شہباز کو شینڈونگ تونگشان چلڈرن ویلفیئر اینڈ پبلک ویلفیئر ڈیولپمنٹ سینٹر کے بین الاقوامی امور کے شعبے کا ڈائریکٹر مقرر کر دیا گیا ہے، یہ ایک چینی نچلی سطح کی تنظیم ہے جسے اقوام متحدہ میں خصوصی مشاورتی حیثیت حاصل ہے۔ گوادر پرو کے مطابق تقرری تقریب صوبہ شینڈونگ کے دارالحکومت جنان میں منعقد ہوئی، جہاں تونگشان پبلک ویلفیئر کے ڈائریکٹر لی شیاو نے باضابطہ طور پر ڈاکٹر شہباز کو تقرری کا خط پیش کیا۔ ڈاکٹر محمد شہباز 2006 میں پاکستان سے بین الاقوامی طالب علم کی حیثیت سے چین آئے تھے اور تقریباً دو دہائیوں سے وہاں مقیم ہیں، چین-پاکستان طبی تعاون میں طویل عرصے سے کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے چین-پاکستان ہیلتھ کوریڈور کے تصور کو پیش کرنے میں اہم کردار ادا کیا، جس کا مقصد چینی مہارت اور ٹیکنالوجی کے ذریعے پاکستان میں طبی ڈھانچے اور مریضوں کی دیکھ بھال کو بہتر بنانا ہے۔

بلوچستان حکومت رجسٹرڈ مدارس کو سیل کرنے کا سلسلہ بند کرے، متحدہ مدارس کونسل

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) متحدہ مدارس کونسل پاکستان کے ترجمان و ناظم اعلیٰ نظام المدارس ڈاکٹر میر محمد آصف اکبر قادری نے کونسل کے اجلاس کے بعد بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت مدارس کو بند اور انہیں جرمانے کر رہی ہے، یہ سلسلہ فوری طور پر بند ہونا چاہیے، اس سے ریاست پاکستان کی پالیسیوں کی حمایت اور امن کے فروغ کیلئے قومی خدمت انجام دینے والے دینی بورڈز میں تشویش اور بے چینی پھیل رہی ہے، ڈی جی آر ای اور سوسائٹی ایکٹ کے ہوتے ہوئے صوبائی حکومتیں الگ سے رجسٹریشن کا کوئی قانون نہیں بنا سکتیں رجسٹریشن کے دوہرے قانون سے وفاق کی عملداری کو کمزور اور مدارس دینیہ کے حوالے سے قومی ریاستی پالیسی کو متنازع بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی جی آر ای کی رجسٹریشن رکھنے والے مدارس دینیہ کو بینک اکاؤنٹ کھلوانے کی اجازت نہ دینا خلاف قانون ہے، اسی طرح رجسٹرڈ مدارس کو ڈونیشنز اور کھالیں جمع کرنے سے بھی نہیں روکا جا سکتا، قانون کو ماننے والے اور ڈی جی آر ای کی رجسٹریشن اور ایس او پیز کے مطابق تعلیم دینے والے مدارس کو پریشان کیا جا رہا ہے۔

عدالتوں میں اے آئی کے استعمال کی قومی گائیڈ لائنز جاری

عدالتوں میں اے آئی کا استعمال پاکستانی عدالتی اصلاحاتی سفر میں بڑا سنگ میل ہے

عدالتوں میں اے آئی ججز کی معاونت کرے گی، فیصلے انسان ہی کریں گے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) نیشنل جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی نے عدالتوں میں اے آئی کے استعمال کی قومی گائیڈ لائنز جاری کر دیں۔ سپریم کورٹ کے اعلامیے کے مطابق عدالتوں میں اے آئی ججز کی معاونت کرے گی تاہم فیصلے انسان ہی کریں گے، اے آئی عدالتی فیصلوں کا متبادل نہیں، ججز آخری اتھارٹی ہوں گے۔ اعلامیہ کے مطابق قومی گائیڈ لائنز میں شفافیت، احتساب اور تعصب سے بچاؤ پر زور دیا گیا ہے جبکہ عدالتی نظام میں اے آئی کے استعمال کیلئے پرائیویسی اور ڈیٹا سیکیورٹی لازمی قرار دی گئی ہے، اے آئی کیس مینجمنٹ، قانونی تحقیق اور دستاویزات پراسیسنگ میں مدد دے گی۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ ججز اور عدالتی عملے کی اے آئی تربیت کیلئے خصوصی پروگرام شروع ہوں گے، گائیڈ لائنز تمام ہائی کورٹس کی مشاورت سے تیار کی گئی ہیں۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ ہائی کورٹس اپنی ضرورت کے مطابق اے آئی نفاذ کا طریقہ کار طے کریں گی، عدالتوں میں اے آئی کا استعمال پاکستان کے عدالتی اصلاحاتی سفر میں بڑا سنگ میل ہے۔

پالیسی سازی میں مسلسل مشاورت یقینی بنائی جائے، وزیر خزانہ

اصلاحات زمینی حقائق اور معاشی اہداف سے ہم آہنگ رہیں، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) حکومت نے ملک میں ریئل اسٹیٹ کو مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے اس شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے نئی اصلاحات کا عندیہ دیا ہے جبکہ وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب نے کاروباری برادری، مالیاتی اداروں اور مارکیٹ کے دیگر اسٹیک ہولڈرز کے فعال کردار کو سراہتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ پالیسی سازی کے عمل میں مسلسل مشاورت کو یقینی بنایا جائے تاکہ اصلاحات زمینی حقائق سے ہم آہنگ رہیں اور معیشت کے وسیع تر اہداف کے مطابق ہوں۔ وزارت خزانہ کے مطابق انہوں نے یہ بات ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹس (آر ای آئی ٹیز) کے فروغ اور سرمایہ منڈی کی ترقی کے لیے قائم فوکس گروپ کے ایک ورچوئل اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں معروف کاروباری شخصیات عارف حبیب، ندیم ریاض اور علی جمیل سمیت دیگر نمائندگان نے شرکت کی، جبکہ سرکاری و نجی شعبے کے اہم نمائندے بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ ریئل اسٹیٹ کے شعبے کو منظم، شفاف اور سرمایہ کاری کے لیے زیادہ پرکشش بنانے کے لیے مربوط اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ وزیر خزانہ نے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے مشاورت کے عمل کو جاری رکھنے کی اہمیت اجاگر کی۔

اسلام آباد: وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے صدر ایف پی سی سی آئی اور چیئرمین پالیسی ایڈوائزری ایف پی سی سی آئی ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان سے کوئی ڈیل نہیں ہو رہی، عدالتیں فیصلے سنائیں گی، رانا ثناء اللہ

معرکہ حق کو ایک سال مکمل ہو گیا ہے، معرکہ حق کی کامیابی کیسامنے ہر چیز پیچھے رہ گئی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے کوئی ڈیل نہیں ہو رہی، عدالتیں قانون اور آئین کے مطابق فیصلے سنائیں گی۔ میڈیا سے گفتگو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ پی ٹی آئی ذہنی طور پر پستی کا شکار ہے، معرکہ حق میں بھارت کو شکست کا سامنا کرنا پڑا، ایران، امریکا جنگ کو سیز فائر میں بدلا گیا، پاکستان پوری دنیا کو امن دینے میں کامیاب ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر کچھ لوگ ذاتی بغض اور گھٹیا سیاست کر رہے ہیں، کچھ لوگ پاکستان کو نقصان پہنچانے سے باز نہیں رہتے، پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کی تعریف دنیا کر رہی ہے، امید ہے ایران، امریکا جنگ کا خاتمہ ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تعریف صرف ٹرمپ نہیں سعودیہ اور ایران بھی کر رہا ہے۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ وفاق اور صوبوں نے عوام کو ریلیف کیلئے اقدامات کیے، کسی میگا پروجیکٹ کو ختم کیا اور نہ کیا جائے گا، وزیراعلیٰ مریم نواز کا عوام سے کیا وعدہ پورا ہو گا۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ معرکہ حق کو ایک سال مکمل ہو گیا ہے، معرکہ حق کی کامیابی کیسامنے ہر چیز پیچھے رہ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے کوئی ڈیل نہیں ہو رہی، بانی پی ٹی آئی کے معاملات عدالتوں کے سپرد ہیں۔

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے UNFPA کے کنٹری نمائندہ ملاقات کر رہے ہیں

مقبوضہ کشمیر میں سنگین انسانی جرائم کی شرمناک تاریخ

مسلمانوں پر بہیمانہ مظالم بھارت کی شرمناک تاریخ کا سیاہ باب ہیں

سری نگر (نیوز ڈیسک) بھارتی اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں پر بہیمانہ مظالم بھارت کی شرمناک تاریخ کا سیاہ باب ہیں۔ پہلگام فالس فلیگ کے بعد مودی نے مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں پر جاری ظلم و بربریت میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ مودی نے دہشتگردی کو جواز بنا کر ہندوتوا نظریہ کے اسیر غنڈوں کو کشمیری مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلنے کیلئے چھوڑ دیا، انتہا پسند بھارتی جنتا پارٹی (بی جے پی) نے مسلمانوں کو مقبوضہ کشمیر سے بے دخل کرنے کیلئے سرعام قتل کی دھمکیاں دیں۔ مقبوضہ کشمیر کے رہنماؤں نے 2 ہزار کشمیریوں کی غیر قانونی گرفتاریوں اور پرتشدد واقعات پر کڑے سوال اٹھائے، مودی نے ریاستی جبر کو مزید بڑھاتے ہوئے بھارت بھر میں کشمیری طلبا کی زندگی اجیرن بنا دی۔ مقبوضہ کشمیر میں گھروں کی مسماری اور خواتین سے ہراسانی کے واقعات نام نہاد بھارتی جمہوریت پر بدنما داغ ہیں۔

پاکستان اور تاجکستان کا تجارت اور ٹرانزٹ تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے تاجکستان کے سفیر شریف زادہ یوسف تورہ نے بدھ کو ملاقات کی جس میں پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تجارت اور ٹرانزٹ تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا جبکہ دوطرفہ تجارت کے فروغ اور علاقائی روابط مضبوط بنانے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر تجارت نے علاقائی تجارت کے فروغ کیلئے سہولت کاری کے عزم کا اظہار کیا اور مربوط تجارتی راہداری کے قیام کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ لاجسٹکس حب اور جدید ٹرانسپورٹ نظام سے خطے میں روابط مضبوط ہوں گے۔ انہوں نے نجی شعبے کے روابط کے فروغ کے لیے بزنس فورم کے انعقاد کی تجویز پیش کی۔ جام کمال خان نے چین کے ساتھ تعاون کو علاقائی روابط کے لیے اہم قرار دیا اور متعدد تجارتی راستوں کو فعال رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

پاکستان کی کینیا کو برآمدات بڑھ کر 319.9 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان کے عالمی تجارتی روابط میں توسیع کی بدولت افریقی ممالک خصوصاً کینیا اور ایتھوپیا کے ساتھ تجارتی تعلقات مستحکم ہو رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق جولائی تا مارچ 2025-26 کے دوران کینیا کو برآمدات میں 2 3 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، مجموعی برآمدات 251.6 ملین ڈالر سے بڑھ کر 319.9 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں۔ چاول، ٹیکسٹائل، ادویات، آئی ٹی سروسز اور قابل تجدید توانائی کی مصنوعات کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سابق چیف ایگزیکٹو ٹی ڈیپ محمد زبیر موتی والا نے کہا کہ افریقی منڈیوں میں پاکستانی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا، فارما، چاول، پلاسٹک اور ٹیکسٹائل سمیت اہم شعبوں میں وسیع مواقع موجود ہیں، فارما پراڈکٹس کی عالمی منظوری کیلئے موثر لابنگ کی ضرورت ہے۔ چاول، ٹیکسٹائل، ادویات، آئی ٹی سروسز اور قابل تجدید توانائی کی مصنوعات کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سابق چیف ایگزیکٹو ٹی ڈیپ محمد زبیر موتی والا نے کہا کہ افریقی منڈیوں میں پاکستانی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا، فارما، چاول، پلاسٹک اور ٹیکسٹائل سمیت اہم شعبوں میں وسیع مواقع موجود ہیں، فارما پراڈکٹس کی عالمی منظوری کیلئے موثر لابنگ کی ضرورت ہے۔

GEO PHARMACY
جیو فارمیسی
- Prescription Drugs
- Surgical
- Supplies
- Vitamins
- Baby Needs
- Perfumes
- Cosmetics
- Health/beauty
- Aids
- Photocopies

پاکستانیوں کی اپنی فارمیسی
آپکے پاس انشورنس نہیں
ہم آپکی مدد کیلئے موجود ہیں
WE ACCEPT ALL MAJOR INSURANCE CVS CARE MARK
OTC CARD & WIC CHECK
FREE PIC-UP & DROP OFF
FOR QUESTION & CONCERNS
ABDUL AZIZ
Call: 917-455-0968
685 Coney Island Ave, Brooklyn NY 11218
Phone: 718-703-1888, Fax: 718-703-1889
Email Us: geopharmacyinc@gmail.com

روٹ 1 رچمنڈ ہائی وے ووڈ برج ورجینیا میں اعلیٰ معیار اور مناسب دام کیلئے مشہور
فیئر وے سپر مارکیٹ پر تشریف لائیں
FAIRWAY
SUPER MARKET
حلال HALAL
Indo-pakistan Bangladeshi & International Groceries
Beef Lamb Goat Chicken & Fish Available.
We Sell Only Halal
100% Hand Slaughter Chicken Guaranteed
Prop: Aamir Shah
Ph: 703-910-6780
fairwaysupermarket2018@gmail.com
13642 Jefferson Davis Hwy
Woodbridge VA 22191


AUTHORIZED IRS e-file PROVIDER
KEEP CLAM
AND FILE YOUR TAXES WITH
ALI & ALIYAN
Aliyan Raza
(Associate Degree in Accounting)
Tax Preparer / Licensed Realtor
Ali Raza, LLM
Tax Preparer / Licensed Realtor
5 Reasons to Choose Ali & Aliyan Associates for Your Tax Preparation Needs
1. Over 24 Years of Experience
With decades of experience in tax preparation, Ali & Aliyan Associates understands the intricacies of tax laws, ensuring accurate and efficient filing.
2. Personalized Service
We take the time to understand your unique financial situation, offering customized solutions tailored to your needs.
3. Trustworthy and Reliable
Built on a foundation of integrity, we prioritize confidentiality and provide transparent services you can rely on.
4. Comprehensive Knowledge
Our team stays updated on the latest tax regulations and deductions, maximizing your refund while ensuring compliance.
5. Community-Centered Approach
Having served the community for over two decades, we are committed to helping individuals and businesses achieve their financial goals with care and professionalism.
Get Your Maximum Tax Refund Allowed
Phone: 443-831-2003
2018 N Rolling Road Windsor Mill, MD 2144
www.ali-aliyan.com

ایران جنگ نے واشنگٹن میں ایک نئی سیاسی اور قانونی بحث کو جنم دیدیا

یہ صورتحال امریکا میں جنگی اختیارات، صدر کے فیصلوں اور کانگریس کے آئینی کردار کے درمیان بحث کو جنم دے سکتی ہے

ایران جنگ کے 60 دن مکمل ہونے پر صدر کے لیے لازم ہوگا کہ وہ کانگریس سے منظوری حاصل کریں، امریکی سینیٹرز

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ایران کے ساتھ جاری جنگ کے 60 دن مکمل ہونے کے بعد وائٹ ہاؤس اور کانگریس کے درمیان آئینی اختیارات اور قانونی منظوری کے معاملے پر دباؤ بڑھ گیا ہے، جس نے واشنگٹن میں ایک نئی سیاسی اور قانونی بحث کو جنم دے دیا ہے۔ ریپبلکن سینیٹرز کا موقف ہے کہ مقررہ مدت کے بعد صدر کے لیے کانگریس کی منظوری لازمی ہوگی، ورنہ جنگی کارروائی پر پابندی لگ سکتی ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کے مطابق امریکا میں ایران کے ساتھ جاری جنگ کے معاملے پر کانگریس اور وائٹ ہاؤس کے درمیان آئینی اختیارات اور قانونی تقاضوں سے متعلق دباؤ میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اس صورت حال نے واشنگٹن میں ایک نئی سیاسی اور قانونی بحث کو جنم دیا ہے کہ جنگی اختیارات کس حد تک صدر کے پاس ہیں اور کب کانگریس کی منظوری لازمی ہوتی ہے۔ ریپبلکن سینیٹرز نے واضح کیا ہے کہ وار پاور ایکٹ کے تحت جنگ کے 60 دن مکمل ہونے کے بعد صدر کے لیے لازم ہوگا کہ وہ کانگریس سے باقاعدہ منظوری حاصل کریں۔ سینیٹرز کے مطابق اگر یہ منظوری حاصل نہ کی گئی تو کانگریس کے پاس یہ اختیار ہوگا کہ وہ فوجی کارروائی کو روکنے کے لیے اقدامات کرے۔ اس موقف نے انتظامیہ پر قانونی دباؤ مزید بڑھا دیا ہے۔ سینیٹ کی مالیاتی کمیٹی کی سربراہ سوزن کولنز نے کہا کہ مقررہ مدت ختم ہونے کے بعد دو ہی راستے ہوں گے یا تو صدر کانگریس سے اجازت لیں یا پھر قانون ساز ادارہ جنگی کارروائی کو محدود یا معطل کرنے کے اقدامات کرے۔ ان کے مطابق یہ معاملہ براہ راست آئینی توازن اور جنگی اختیارات کی تقسیم سے جڑا ہوا ہے، اس لیے کانگریس کا کردار ناگزیر ہے۔ دوسری جانب سینیٹر مائیک راؤنڈز نے اشارہ دیا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ ممکنہ طور پر اس ڈیڈ لائن میں 30 دن کی اضافی توسیع کی درخواست کر سکتے ہیں، جو قانون کے تحت اس صورت

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر16﴾

سہیل آفریدی اپنے عہدے پر برقرار رہیں گے، بیرسٹر گوہر

پشاور (نامہ نگار) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی اپنے عہدے پر برقرار رہیں گے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کو بانی پی ٹی آئی نے نامزد کیا ہے، وہ بہترین کام کر رہے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سہیل آفریدی کے خلاف مہم چلانے والے مایوس و ناکام ہوں گے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ سہیل آفریدی کو پارٹی کی مکمل حمایت حاصل ہے، پی ٹی آئی میں کوئی فارورڈ بلاک نہیں ہے۔

ادارہ جاتی ہم آہنگی مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، یوسف رضا گیلانی

ملتان (نامہ نگار) قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ بدلتے سکیورٹی تقاضوں کے پیش نظر قومی اداروں کے درمیان موثر اشتراک کار، ادارہ جاتی ہم آہنگی مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ بدھ کو قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے گیلانی ہاؤس ملتان میں پاک فضائیہ کے اعلیٰ افسران کے ایک وفد نے ملاقات کی جس میں قومی سلامتی، دفاعی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کے تحت جاری اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں ایئر مارشل کاشف قمر (ہلال امتیاز ملٹری، ستارہ امتیاز ملٹری، تمغہ امتیاز ملٹری) اور ڈپٹی صدر نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک شامل تھے۔

عارف علوی نے اے آئی آرکائیو تیار کرلیا

لاہور (نامہ نگار) سابق صدر مملکت عارف علوی کے بیٹے عواب علوی نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے والد نے جلاوطنی کے دوران جدید ٹیکنالوجی سیکھ کر ایک منفرد اے آئی آرکائیو تیار کر لیا۔ عواب علوی نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں کہا کہ وہ طویل عرصے تک خود کو خاندان کا ٹیکنالوجی ماہر سمجھتے رہے تاہم یہ تاثر غلط ثابت ہوا۔ ان کے مطابق عارف علوی نے جلاوطنی کے دوران خود ہی پائتھن پروگرامنگ سیکھی اور اپنی زندگی، سیاست اور صدارت سے متعلق ایک اے آئی آرکائیو تیار کیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس منصوبے میں نہ کوئی ٹیم شامل تھی اور نہ ہی کوئی بجٹ رکھا گیا۔۔۔

دنیا بھر میں سبز پاسپورٹ کی عزت بڑھ گئی ہے، انجینئر امیر مقام

پاکستان ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن ہے، مزید کامیابیاں حاصل کریگا، وفاقی وزیر

شانگلہ (نامہ نگار) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو شکست دے کر دنیا کو واضح پیغام دیا یہ قوم ناقابل تسخیر ہے، پاکستان ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن ہے اور مزید کامیابیاں حاصل کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو چکیسر، ضلع شانگلہ میں جنگول پل کی افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے جنگول پل کا افتتاح کیا۔ جنگول پل سے گاؤں جنگول اور ماہیر کے عوام مستفید ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آج پاکستان ایک مضبوط قیادت کے تحت آگے بڑھ رہا ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر جیسے بہادر سپہ سالار کی حکمت عملی نے ملک کو ہر محاذ پر سرخرو کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو شکست دے کر دنیا کو واضح پیغام دیا کہ یہ قوم ناقابل تسخیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ جب قیادت مخلص ہو اور قوم متحد ہو تو



پشاور: وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی اسمبلی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

پنجاب میں شدت پسندی کے خاتمے کیلئے اقدامات جاری

محکمہ داخلہ کے زیر اہتمام سول سوسائٹی اور این جی اوز کیلئے تربیتی ورکشاپ

لاہور (نامہ نگار) محکمہ داخلہ پنجاب کے زیر اہتمام سول سوسائٹی اور غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندگان کے لیے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں 262 این جی اوز سے تعلق رکھنے والے اہم اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ ورکشاپ کا انعقاد پنجاب چیریٹی کمیشن، پفڈا، سینٹر فار ایکسیلنس اور سول ڈیفنس کے اشتراک سے کیا گیا۔ تقریب سے سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پرامن اور ہم آہنگ معاشرے کا قیام حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ شدت پسندی کے خاتمے اور رواداری کے فروغ کا پیغام عام کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر ان کا مزید کہنا تھا کہ حکومت اور سول سوسائٹی کے درمیان باہمی اعتماد، شفافیت اور اشتراک پر مبنی تعلقات ناگزیر ہیں، جبکہ عوامی فلاح، نوجوانوں کی ترقی اور آگاہی پروگرامز کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کے تحفظ اور جنسی استحصال کے خاتمے کے لیے چائلڈ پروٹیکشن سے متعلق بھرپور آگاہی مہم جاری ہے۔ سیکرٹری داخلہ نے مزید بتایا کہ پنجاب کی جیلوں میں فنی تربیت کے ساتھ تعلیم بالغاں کا باقاعدہ نظام متعارف کروایا جا رہا ہے جبکہ منظم بھکاری مافیا کے خلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب پروبیشن اینڈ پیرول کو اپ گریڈ کر کے حادثاتی بحران کے لیے کیمونٹی سروس ماڈل متعارف کروایا گیا ہے۔

20-25%
of global seaborne oil
$3.4 trillion
annual trade value

آبنائے ہرمز کا ایک حسین منظر۔۔۔۔۔۔

پیٹرول کی قیمتیں بڑھا کر صرف کمپنیوں کو فائدہ دیا گیا' مفتاح اسماعیل

ریفائنریوں کو مارچ، اپریل میں 100، 100 ارب سے زائد کے فائدے دیئے گئے

لاہور (نامہ نگار) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ پاکستان نے بجلی اور تیل کی قیمتیں 50 فیصد بڑھا دیں، بھارت اور بنگلا دیش نے اپنے اخراجات کم کر دیئے۔ کسی نے بتایا نہیں کہ کفایت شعاری سے کتنی بچت ہوئی، وزیراعظم باتیں اچھی کرتے ہیں پھر سارا بوجھ عوام پر ڈال دیتے ہیں، پیٹرول کی قیمتیں بڑھا کر صرف کمپنیوں کو فائدہ دیا گیا، ریفائنریوں کو مارچ اور اپریل میں 100، 100 ارب روپے سے زائد کے فائدے دیئے گئے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمیں کہا گیا تھا 50 فیصد کم پیٹرول استعمال ہوگا، حکومت کو بتانا چاہیے 2 ماہ میں پیٹرول میں کتنا کم خرچ ہوا، کم خرچ نظر نہیں آ رہے، بار بار پیٹرول کمپنیاں، پیٹرول پمپس حکومت سے منافع خوری کرتی ہیں، حکومت اپنی رٹ قائم نہیں کر سکتی، خوشی سے بغیر ڈیفالٹ رہ سکتے ہیں تو آئی ایم ایف کے پاس نہ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے پاس تب جاتے ہیں جب سنجیدہ طریقے سے حکومت نہیں چلا پاتے، 43 ارب روپے ایم این ایز کو دے دیئے گئے، اپنے اپنے علاقوں میں 25 کروڑ روپے خرچ کرو، عوام کے ٹیکس کا پیسہ حرام کا پیسہ سمجھ کر خرچ کرتے ہیں، کون سا ملک نوکری پیشہ لوگوں سے اتنا ٹیکس لیتا ہے؟۔

آبنائے ہرمز میں پھنسے ہوئے بحری جہازوں کی کثیر تعداد موجود ہے۔۔۔۔۔۔

معرکہ حق میں پاکستان کی فتح تا قیامت یاد رکھی جائیگی، عطاء تارڑ

پاکستان دہشتگردی کا مقابلہ، بھارت فروغ دینے والے ممالک میں شامل

،فیلڈ مارشل کی شاندار اسٹریٹجی کی بدولت بھارتی جہاز ملبے کا ڈھیر بن گئے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں پاکستان کی جنگی، سفارتی اور بیانیہ کے محاذ پر فتح تا قیامت یاد رکھی جائے گی، معرکہ حق میں کامیابی سے پاکستان کا وقار بلند ہوا ہے، قوم اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں لوک ورثہ میں وزارت اطلاعات و نشریات اور وزارت قومی ورثہ وثقافت کے زیر اہتمام معرکہ حق کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات اشفاق احمد خلیل بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص سے منسوب تقریب میں شرکت میرے لئے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص اور معرکہ حق نے تاریخ کا رخ موڑ دیا ہے، مئی میں اس عظیم فتح کو ایک سال مکمل ہو گیا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے پاکستانی قوم کو عطا فرمائی۔ انہوں نے کہا کہ آج کی تقریب میں بچوں اور بچیوں کا جوش وجذبہ دیکھ کر خوشی ہوئی جو اپنے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے اور اپنی افواج پاکستان کی

روسی سفیر کی وفاقی وزیر قومی ورثہ وثقافت سے ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان اور روس نے ثقافتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، فنون، ورثہ وتخلیقی شعبوں میں مسلسل تعاون کے ذریعے باہمی افہام وتفہیم کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ پاکستان میں روسی فیڈریشن کے سفیر مسٹر البرٹ پی خوریف نے بدھ کے روز وفاقی وزیر قومی ورثہ وثقافت ڈویژن مسٹر اورنگزیب خان کھچی سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور روس کے درمیان ثقافتی تعاون کے فروغ کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ ثقافتی تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوامی سطح پر روابط کے فروغ کے لیے فن، موسیقی، فلم اور ورثے کے

پی ایس او نے 9 ماہ کی مالیاتی رپورٹ جاری کردی، منافع 38 ارب سے متجاوز

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان سٹیٹ آئل نے رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ کی مالیاتی رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق کمپنی کا منافع 38 ارب روپے سے تجاوز کر گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں پی ایس او کا منافع 15 ارب 30 کروڑ روپے تھا، جبکہ رواں سال 9 ماہ کے دوران منافع میں 149 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ کمپنی کی فی حصص آمدن بڑھ کر 81 روپے 19 پیسے تک پہنچ گئی ہے۔ مالیاتی اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 2026ء کے ابتدائی 9 ماہ میں پی ایس او کی مجموعی فروخت 2400 ارب روپے رہی

واہگہ بارڈر، ڈیجیٹل سکرین کے غیر روایتی استعمال کے سوشل میڈیا پر چرچے

لاہور (نامہ نگار) پاکستان کے سرحدی حکام کی جانب سے واہگہ بارڈر پر آپریشن معرکہ حق کی پہلی سالگرہ کے موقع پر منعقدہ تقریب میں ڈیجیٹل سکرین کا بھرپور استعمال سامنے آیا ہے۔ پاکستانی حکام نے سکرین پر ترجمان پاک فوج کے بیانات کی جھلکیاں نشر کیں، ساتھ ہی بھارت میں ہونے والی تباہی بھی دکھائی گئی، دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ سب کچھ دوسری طرف موجود بھارتی فوج اور تماشائی بھی سنتے اور دیکھتے رہے۔ گزشتہ سال پاکستان پر جارحیت کے جواب میں پاک فوج کے بھرپور جوابی ردعمل آپریشن معرکہ حق کی سالگرہ کے سلسلہ میں واہگہ بارڈر پر خصوصی تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور ملکی دفاع کو یقینی بنانے پر افواج پاکستان کو شاندار خراج تحسین پیش کیا۔

طویل جنگ کیلئے تیار ہیں دشمن کو پچھتانا پڑے گا ایرانی فوج

ہم نے امریکا اور دشمنوں پر عدم اعتماد کے باعث جنگی سطح کی تیاری کو جاری رکھا اور نئے اہداف کا تعین کرلیا گیا ہے

جنگ سے پہلے انٹیلی جنس جائزوں کی بنیاد پر تمام یونٹس مکمل تیاری میں تھے، ہم نے جنگ کو ختم تصور نہیں کیا، ترجمان

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی مسلح افواج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمیا نے کہا ہے کہ ایران کی مسلح افواج طویل جنگ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں اور دشمن کو جنگ شروع کرنے پر پچھتانا پڑے گا۔ ایرانی سرکاری ٹی وی پریس ٹی وی کے مطابق ترجمان ایرانی فوج بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمیا نے کہا ہم نے جنگ کو ختم نہیں سمجھا، جس دن جنگ رکی اور میدان میں ایک طرح کی جنگ بندی یا خاموشی قائم ہوئی، اسی دن سے ہم نے امریکا اور دشمنوں پر عدم اعتماد کے باعث جنگی سطح کی تیاری کو جاری رکھا اور نئے اہداف کا تعین کر لیا گیا ہے۔ ایرانی فوج کے ترجمان نے کہا کہ جنگ سے پہلے انٹیلی جنس جائزوں کی بنیاد پر تمام یونٹس مکمل تیاری میں تھے۔ انہوں نے کہا کہ اصفہان میں دشمن کی دراندازی کے دوران زمینی افواج نے فوری کارروائی کی، امریکی طیاروں کو نشانہ بنایا اور اس تیز ردعمل کے باعث دشمن کی کارروائی ناکامی سے دوچار ہوئی۔ جنرل اکرمیا کے مطابق جنگ کے دوران قومی فضائی دفاعی مرکز کے تحت فوج کے فضائی دفاع اور پاسداران انقلاب کے ایرو اسپیس دفاعی یونٹ نے 170 سے زائد دشمن طیاروں اور 16 لڑاکا طیاروں کو نشانہ بنا کر مار گرایا، جن جہازوں کو نشانہ بنایا گیا ان میں سے کئی جدید ڈرونز تھے۔ ترجمان کے مطابق جنگ کے آغاز میں

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر18﴾

صدر مملکت کا دورہ چین بہت مثبت رہا، سردار سلیم حیدر خان

صوبے میں عوامی مسائل کے حل کیلئے پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ ایک پیج پر ہیں، گورنر

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کا دورہ چین بہت مثبت رہا۔ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کاوشوں سے اللہ نے پوری دنیا میں پاکستان کو عزت بخشی۔ پیپلز پارٹی نے کراچی میں عوامی فلاح وبہبود کے لئے گراں قدر کام کیے۔ صوبے میں عوامی مسائل کے حل کے لئے پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ ایک پیج پر ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری پاکستان عوامی نمائندہ جماعت کے نوجوان لیڈر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں میئر کراچی مرتضیٰ وہاب سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں بین الصوبائی روابط کو فروغ دینے اور پیپلز پارٹی سندھ اور پنجاب کی کارکردگی پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کا حالیہ دورہ چین کافی اہمیت کا حامل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کاوشوں سے پاکستان آج عالمی سطح پر عزت ووقار کے ساتھ کھڑا ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن کے لئے سفارتی سطح پر کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بھرپور کوشش ہے کہ فریقین کو مذاکرات کی ٹیبل پر لایا جائے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ جنگیں امن نہیں بلکہ تباہی لاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فریقین کو کشیدگی کو ختم کرنے کے لئے امن کا راستہ اختیار کرنا چاہئے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی کسی صوبے کی نہیں بلکہ پورے پاکستان

کراچی: گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی سے آل پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔۔۔۔۔۔

امریکہ کا پاکستان سمیت متعدد ممالک کیلئے ایف 16 اپ گریڈیشن معاہدہ

48 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کے ایک بڑے دفاعی معاہدے کی باقاعدہ منظوری دیدی گئی

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکہ نے پاکستان سمیت اپنے متعدد اتحادی ممالک کے زیر استعمال ایف 16 فائٹنگ فالکن طیاروں کے ریڈار سسٹمز کی جدید اپ گریڈیشن اور تکنیکی معاونت کے لئے تقریبا 48 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کے ایک بڑے دفاعی معاہدے کی باقاعدہ منظوری دے دی ہے۔ امریکی محکمہ جنگ کی جانب سے جاری کردہ سرکاری اعلامیے کے مطابق یہ مقررہ قیمت اور غیر معینہ فراہمی، غیر معینہ مقدار پر مبنی معاہدہ ایف۔ 16 سسٹم پروگرام آفس کے غیر ملکی فوجی فروخت پروگرام کے ساتھ ساتھ فضائیہ اور بحریہ کی ضروریات کو بھی پورا کرے گا۔ یہ معاہدہ متعدد ممالک کو غیر ملکی فوجی فروخت کے تحت خدمات فراہم کرنے سے متعلق ہے، جن میں بحرین، بلجیم، چلی، ڈنمارک، مصر، یونان، انڈونیشیا، عراق، اسرائیل، اردن، کوریا، مراکش، نیدرلینڈز، ناروے، عمان، پاکستان، پولینڈ، پرتگال، رومانیہ، تھائی لینڈ اور ترکی شامل ہیں۔ یہ پیش رفت اس کے چند ماہ بعد سامنے آئی ہے جب امریکہ نے دسمبر 2025 میں پاکستان کے ایف 16۔ لڑاکا طیاروں کے بیڑے کے لیے 686 ملین ڈالر مالیت کی جدید ٹیکنالوجی اور معاونتی خدمات کی فروخت کی منظوری دی تھی۔ امریکی دفاعی سلامتی تعاون ایجنسی کی جانب سے 8 دسمبر کو کانگریس کو بھیجے گئے خط کے مطابق، اس پیکج میں لنک 16۔ ڈیٹا لنک نظام، خفیہ مواصلاتی آلات، ایویونکس اپ گریڈ، تربیت اور وسیع لاجسٹک معاونت شامل ہے۔

نئی زمینی تجارتی راہداری کھل گئی

کراچی سے کرغزستان تک ٹی آئی آر برآمدات کا آغاز

کراچی کے ایکسپورٹ پروسیسنگ زون سے کرغزستان کیلئے پہلی بار ٹی آئی آر (TIR) کے تحت برآمدی کھیپ روانہ کردی گئی

59 ہزار 314 ڈالر مالیت کی 23.9 میٹرک ٹن وزنی کھیپ میں مختلف اشیائے صرف وذاتی نگہداشت شامل ہیں، گوادر پرو

کراچی (نامہ نگار) پاکستان کسٹمز نے علاقائی تجارت کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے کراچی کے ایکسپورٹ پروسیسنگ زون سے کرغزستان کیلئے پہلی بار ٹی آئی آر (TIR) کے تحت برآمدی کھیپ روانہ کر دی ہے، اس پیش رفت سے سوست ڈرائی پورٹ اور چین کے راستے وسطی ایشیا تک نئی تجارتی راہداری کھل گئی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق 59 ہزار 314 ڈالر مالیت کی 23.9 میٹرک ٹن وزنی اس کھیپ میں مختلف اشیائے صرف وذاتی نگہداشت شامل ہیں، جن میں تیل، چائے، مہندی، جڑی بوٹیاں، کریم اور صابن شامل ہیں۔ یہ برآمدات ہیمنی گروپ کے ذریعے عالمی سطح پر تسلیم شدہ ٹی آئی آر نظام کے تحت کی گئیں۔ پاکستان کسٹمز کے حکام نے جاری بیان میں بتایا کہ اس کھیپ کو مکمل طور پر پاکستان سنگل ونڈو (پی ایس ڈبلیو) نظام کے تحت پراسیس کیا گیا، جو ملک میں کسٹمز کی ڈیجیٹلائزیشن مہم میں ایک اور پیش رفت ہے۔ ایکسپورٹ پروسیسنگ زون کو پہلی بار ٹی آئی آر اسٹیشن کے طور پر فعال کیا گیا، جس سے زون میں قائم برآمد کنندگان کو براہ راست ٹی آئی آر فریم ورک کے تحت سامان بھیجنے کی سہولت میسر آئی۔ گوادر پرو کے مطابق تمام ضروری الیکٹرانک پری ڈیکلریشنز (ای پی ڈی) پیشگی مکمل کر لی گئی تھیں تاکہ سرحدی گزرگاہوں پر روانی برقرار رہے اور ٹرانزٹ کے دوران

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر17﴾

معرکہ حق میں کامیابی اللہ کی خاص نصرت کا ثمر ہے، مولانا عبدالخبیر آزاد

امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کی کوششیں قابل تحسین ہیں، خطاب

لاہور (نامہ نگار) چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی اور خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں حاصل ہونے والی عظیم فتح اللہ تعالیٰ کی خاص دین ہے اور قوم کی دعاؤں نے اس کامیابی میں بنیادی کردار ادا کیا، فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی ولولہ انگیز قیادت میں پاکستان کی مسلح افواج نے کئی گنا بڑی فوج کو شکست دے کر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا، پاکستان ایک امن پسند ملک ہے لیکن اگر اس پر جنگ مسلط کی جائے تو اپنا دفاع کرنا بھی بخوبی جانتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فتح معرکہ حق کے سلسلے میں ساہیوال میں منعقدہ ایک عظیم الشان علماء کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل، آر پی او ساہیوال ایاز سلیم، تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی او صاحبان و دیگر انتظامی آفیسران موجود تھے، تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام ومشائخ عظام، ڈسٹرکٹ وزونل ممبران امن کمیٹی ساہیوال اور زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف پاکپتن بابر سلطان گوندل ودیگر معروف سیاسی وسماجی شخصیات نے کانفرنس سے خطاب کیا، جن میں پیر قاضی عبدالغفار قادری، علامہ سید ضیاء اللہ شاہ بخاری، علامہ ارشد عابدی، مولانا خلیل الرحمن، پیر احسان الحق ادریس، سید اصغر علی شاہ، عامر حیات بھنڈارا، ابراہیم عظیم ڈیڈیل ودیگر علماء کرام بڑی تعداد میں شریک تھے۔ انہوں نے بھارت کے وزیراعظم نریندر مودی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پہلگام میں جھوٹا ڈرامہ رچا کر پاکستان پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کی گئی جسے دنیا نے مسترد کر دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ خطیب بادشاہی مسجد نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان دنیا میں امن کے مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے اور استحکام پاکستان ہم سب کا مشترکہ مقصد ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ منشیات سے پاک پنجاب ایک اہم مشن ہے جسے سب کو مل کر کامیاب بنانا ہوگا۔

سرکاری فنڈز کی تجارتی بینکوں میں سرمایہ کاری کی اجازت

لاہور (نامہ نگار) پنجاب حکومت نے نئی مالیاتی پالیسی کے تحت سرکاری فنڈز کی تجارتی بینکوں میں سرمایہ کاری کی اجازت دے دی ہے۔ پالیسی کے مطابق سرکاری محکمے اب پبلک اور پرائیویٹ بینکوں میں فنڈز رکھ سکیں گے جبکہ اسلامی بینکوں اور مائیکرو فنانس بینکوں کو بھی اس میں شامل کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق کمرشل بینکوں کیلئے کم از کم "اے اے" طویل مدتی کریڈٹ ریٹنگ لازمی قرار دی گئی ہے جبکہ سرمایہ کاری ایسے بینکوں میں کی جائے گی۔

11 سالہ سعد جہانگیر منج کو انٹرنیشنل ماسٹر اعزاز

لاہور (نامہ نگار) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے 11 سالہ پاکستانی شطرنج کے ابھرتے ہوئے کھلاڑی سعد جہانگیر منج کو انٹرنیشنل ماسٹر (اے آئی ایم) کا اعزاز حاصل کرنے پر مبارکباد دی ہے، صوبائی وزیر کھیل نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ورلڈ چیس فیڈریشن (ایف آئی ڈی ای) کی جانب سے سعد جہانگیر منج کو یہ اعزاز دیا جانا پاکستان کیلئے باعث فخر ہے، کم عمری میں اس ٹائٹل حاصل کرنا سعد جہانگیر کی محنت، لگن اور غیر معمولی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، سعد جہانگیر منج نے نہ صرف اپنی بہترین کارکردگی سے پاکستان کا نام روشن کیا بلکہ وہ نوجوان کھلاڑیوں کیلئے ایک روشن مثال بھی بنے ہیں۔۔

چینی کمپنی 15 ملین ڈالر کی لاگت سے پنجاب میں بیٹری پلانٹ لگائے گی

لاہور (نامہ نگار) چین کی اہم کمپنی ڈونگ جن پاور ٹیک پنجاب میں 15 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری سے ہائی کپیسٹی خشک بیٹری بنانے کا پلانٹ لگائے گی جبکہ اس سرمایہ کاری کے سفر کو آسان بنانے کیلئے پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری وتجارت ہر طرح کی سہولت کاری فراہم کرے گا۔ اس سلسلے میں پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری وتجارت اور چینی کمپنی ڈونگ جن پرائیویٹ لمیٹڈ کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ پی بی آئی ٹی میں ہونیوالی ایک اہم ملاقات کے بعد سی ای او ذیشان شبیر رانا اور چینی کمپنی کے سی ای او مسٹر ہو جی نے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے۔ معاہدے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے سی ای او پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری وتجارت ذیشان شبیر رانا نے کہا کہ یہ سرمایہ کاری پنجاب کے صنعتی منظرنامے میں نیا باب رقم کرے گی۔

پشاور: گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی کا "گروپ ویلفیئر آرگنائزیشن" کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو۔۔۔۔۔۔

روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی ڈونلڈ ٹرمپ کو سخت وارننگ

روسی صدر نے امریکہ کو ایران پر حملے کے سنگین نتائج سے خبردار کر دیا

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان 90 منٹ طویل ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، جس میں مشرق وسطیٰ اور یوکرین کی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق کریملن کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ پیوٹن نے ایران اور خلیجی خطے کی کشیدہ صورتحال پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکا اور اسرائیل نے دوبارہ فوجی کارروائی کی تو اس کے انتہائی تباہ کن نتائج نا صرف ایران بلکہ پوری دنیا پر مرتب ہوں گے۔ پیوٹن نے ایران کے ساتھ جنگ بندی میں توسیع کے فیصلے کو مثبت قرار دیا اور کہا کہ اس سے مذاکرات کا موقع ملے گا اور خطے میں استحکام آئے گا۔ روس نے سفارتی کوششوں میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی ہے۔ رپورٹ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے 2022 سے جاری یوکرین جنگ پر بھی بات کی۔ روسی حکام کے مطابق پیوٹن نے کہا کہ ان کی فوج میدان جنگ میں برتری حاصل کیے ہوئے ہے۔

لاہور: (ن) لیگ پنجاب کے نائب صدر رانا محمد ارشد اور صدر لاہور چیمبر آف کامرس فہیم الرحمن سہگل ملاقات کے دوران تبادلہ خیال کر رہے ہیں

نیوزی لینڈ، 51 نمازیوں کے قاتل کی سزا کے خلاف اپیل مسترد

مجرم کی جانب سے سزا ختم کروانے کی کوشش بالکل بے بنیاد ہے، عدالت کا فیصلہ

کینبرا (مانیٹرنگ ڈیسک) نیوزی لینڈ کی عدالت نے 2019 میں کرائسٹ چرچ کی دو مساجد پر حملہ کر کے 51 نمازیوں کو شہید کرنے والے آسٹریلوی شدت پسند برینٹن ٹیرنٹ کی سزا کے خلاف اپیل مسترد کر دی ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ مجرم کی جانب سے سزا ختم کروانے کی کوشش بالکل بے بنیاد ہے اور اس میں کوئی قانونی وزن نہیں پایا جاتا۔ عدالت نے واضح کیا کہ ملزم نے اپنی مرضی سے جرم قبول کیا تھا اور اس پر کسی قسم کا دباؤ نہیں تھا۔ یاد رہے کہ 15 مارچ 2019 کو کرائسٹ چرچ کی دو مساجد النور مسجد اور لن ووڈ اسلامک سینٹر پر فائرنگ کے اس ہولناک واقعے میں خواتین، بچوں اور بزرگوں سمیت 51 افراد شہید ہوئے تھے۔ یہ نیوزی لینڈ کی تاریخ کا بدترین دہشت گرد حملہ قرار دیا جاتا ہے۔ ملزم کو اگست 2020 میں عمر قید کی سزا سنائی گئی تھی، جس میں پیرول (رہائی) کی کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی۔ اس نے حالیہ اپیل میں موقف اختیار کیا تھا کہ مقدمے کے دوران قید کے حالات غیر انسانی تھے، جس کے باعث وہ درست فیصلہ کرنے کے قابل نہیں تھا، تاہم عدالت نے اس موقف کو مسترد کر دیا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ شواہد سے ثابت ہوتا ہے کہ ملزم ذہنی طور پر مستحکم تھا اور اس کے بیانات میں تضاد پایا گیا، جبکہ ماہرین اور جیل حکام کی رپورٹس بھی اس کے دعوے کے خلاف تھیں۔ متاثرہ خاندانوں اور بچ جانے والے افراد کے وکلا نے عدالت کے فیصلے کو بڑی راحت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے سے انہیں دوبارہ مقدمہ چلنے کے ذہنی صدمے سے بچا لیا گیا ہے۔

عوام پاکستان
کانفرنس
ڈویژن

کراچی: سابق وزیراعظم اور عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔

عالمی دہشت گرد تنظیم القاعدہ کی افغان طالبان کی کھلی حمایت

تنظیم اپنی پوری استطاعت اور توانائی کیساتھ طالبان کا ساتھ دے گی، القاعدہ

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) طالبان رجیم کے زیر تسلط افغانستان دنیا بھر کی دہشتگرد تنظیموں کیلئے محفوظ پناہ گاہ میں تبدیل ہو چکا ہے۔ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے بعد عالمی دہشتگرد تنظیم القاعدہ بھی افغان طالبان کی حمایت میں سامنے آ گئی۔ پاکستان کے آپریشن غضب للحق کی شاندار کامیابی کے باعث افغانستان میں موجود دہشتگرد تنظیمیں بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔ آپریشن غضب للحق کے تحت پاکستان نے افغانستان میں فتنہ الخوارج سمیت تمام دہشتگرد تنظیموں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ پاک فوج کے آپریشن غضب للحق کے بعد عالمی دہشت گرد تنظیم القاعدہ نے افغان طالبان رجیم کی حمایت کا کھلا اعلان کیا۔ القاعدہ کی جنرل کمان نے پاکستان کے خلاف ایک طویل اور سخت لہجے پر مبنی بیان جاری کر دیا۔ القاعدہ کے مطابق تنظیم اپنی پوری استطاعت اور توانائی کے ساتھ طالبان کا ساتھ دے گی۔ اقوام متحدہ نے جولائی 2025 میں بھی افغان طالبان پر زور دیا کہ افغان سرزمین دہشت گردوں کی پناہ گاہ کے طور پر استعمال نہ ہو۔

تعلیم کا بجٹ 30 سے 130 ارب کردیا گیا، مریم اورنگزیب

لاہور (نامہ نگار) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ تعلیم کا بجٹ 30 ارب سے 130 ارب کر دیا گیا ہے، اسکول، کالجز اور تعلیم میں اس کی مثال نہیں ملتی ہے، محکمہ صحت کا ڈویلپمنٹ بجٹ 15 ارب سے 100 ارب پر جا چکا ہے۔ اسپیکر ملک احمد خان کے زیر صدارت پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ مجھے ہر طرح سے بولنا آتا ہے، یہ اسٹیج نہیں ہے یہ پنجاب کا ایوان ہے۔ 200 ارب کسان کارڈ کے ذریعے ایک لاکھ سے زیادہ کسانوں کو دیا جا چکا ہے، 99 فیصد کارڈز کسانوں کو دیئے گئے، کسانوں کو مریم نواز پر پورا یقین ہے۔۔۔

پنجاب بھر میں پلاسٹک فری زونز کے قیام کا فیصلہ

لاہور (نامہ نگار) لاہور سمیت پنجاب بھر میں پلاسٹک فری زونز کے قیام کا فیصلہ کرتے ہوئے بڑے بازاروں میں عملی نفاذ بھی شروع کر دیا گیا، دیہی اور مضافاتی علاقوں میں بھی کریک ڈاؤن کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ کر لیا گیا، 75 مائیکرون سکیم تھیلیوں پر جلد مکمل پابندی ہوگی، ترجمان ای پی اے پنجاب ساجد بشیر نے بتایا کہ پنجاب میں پلاسٹک بیگز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی آگئی ہے اور 75 مائیکرون سے کم موٹائی والی پلاسٹک تھیلیوں پر مکمل پابندی عائد کیے جانے کا امکان ہے۔ خلاف ورزی برداشت نہیں، صرف 4 ماہ میں 9 لاکھ 37 ہزار کلو سے زائد پلاسٹک بیگز ضبط کیے گئے۔

یورپی سرمایہ کاری بینک کا پاکستان کیلئے 160 ملین یورو فنانسنگ کا اعلان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) یورپی سرمایہ کاری بینک نے پاکستان کیلئے 160 ملین یورو فنانسنگ کا اعلان کر دیا، سندھ میں سیلاب متاثرہ گھروں کی تعمیر نو کیلئے 100 ملین یورو مختص کیے گئے ہیں۔ اعلامیے کے مطابق سندھ میں سیلاب سے متاثرہ 21 لاکھ گھروں کی تعمیر نو کی جائے گی، کراچی میں صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں کیلئے 60 ملین یورو مختص کیے جائیں گے۔ کراچی میں دو فلٹریشن پلانٹس کی تعمیر سے 22 لاکھ افراد کو فائدہ ہوگا، روزانہ 30 کروڑ لیٹر پینے کا صاف پانی فراہم کیا جائے گا، یہ منصوبے یورپی یونین کی گلوبل گیٹ وے حکمت عملی کا حصہ ہیں۔ معاہدوں کا اعلان اسلام آباد میں یورپی یونین پاکستان بزنس فورم کے موقع پر کیا گیا، گلوبل گیٹ وے حکمت عملی کے تحت پاکستان میں ترقیاتی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا ہے۔

"اپنا گھر سکیم" کا باقاعدہ اجراء عام آدمی کو چھت کی فراہمی حکومتی ترجیح

اس سکیم کے تحت ایک کروڑ روپے تک کا قرض آسان شرائط پر دستیاب ہوگا، پہلے سال 50 ہزار گھروں کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

چار سال میں ہدف 5 لاکھ گھروں کا ہوگا، 10 مرلے تک گھر تعمیر کیے جائینگے، اس کیلئے فنانسنگ کا حجم 3.2 کھرب روپے ہوگا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک کے غریب ومتوسط طبقے کو اپنی چھت کے حصول کے لئے "وزیراعظم اپنا گھر سکیم" کا باقاعدہ اجراء کر دیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ عام آدمی کو چھت فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ سکیم کے تحت ایک کروڑ روپے تک کا قرض آسان شرائط پر دستیاب ہوگا۔ پہلے سال 50 ہزار گھروں کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ آئندہ چار برسوں میں ہدف 5 لاکھ گھروں کا ہوگا۔ 10 مرلے تک گھر تعمیر کیے جاسکیں گے اور اس کے لئے فنانسنگ کا حجم 3.2 کھرب روپے ہوگا۔ قرضے کی واپسی کی مدت 20 سال ہوگی۔ پہلے 10 سال مارک اپ 5 فیصد اور اگلے 10 سال مارک اپ مارکیٹ کی شرح کے مطابق ہوگا۔ سکیم کا اطلاق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سمیت چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں بھی ہوگا۔ تعمیراتی شعبے سے معیشت کا پہیہ چلتا ہے۔ حکومت برآمد کنندگان کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔ سکیم پر عملدرآمد کا ہر مہینے خود جائزہ لوں گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار یہاں وزیراعظم اپنا گھر سکیم کے اجرا کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء، اراکین پارلیمنٹ اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر19﴾

بھارت کا بڑھتا ہوا میزائل پروگرام خطے کیلئے سنگین تشویش کا باعث

بھارت 10 ہزار کلومیٹر تک مار کرنے والے اگنی-VI پر تیزی سے کام کر رہا ہے

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کے بڑھتے ہوئے میزائل پروگرام نے جنوبی ایشیا میں سٹریٹجک توازن کو بگاڑ دیا ہے، اسکی جارحانہ میزائل سازی پاکستان اور خطے کے دیگر ممالک کے لیے سنگین تشویش کا باعث ہے۔ بھارت اپنی میزائل صلاحیتوں میں کئی اہم تبدیلیاں کر چکا ہے۔ اس نے اگنی-V میزائل میں ایسی جدید ٹیکنالوجی استعمال کی ہے جس سے یہ میزائل بیک وقت کئی اہداف کو نشانہ بنا سکتا ہے۔ جو علاقائی استحکام کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ وہ 10 ہزار کلومیٹر تک مار کرنے والے اگنی-VI پر تیزی سے کام کر رہا ہے جو اسے ایک بین البراعظمی طاقت بنا دے گا۔ وہ آواز سے پانچ گنا زیادہ تیز رفتار ہائپرسانک میزائل کے تجربات کر رہا ہے۔ بھارت کی جانب سے میزائل صلاحیت میں اضافہ علاقائی طاقت کے توازن کو کمزور کر رہا ہے، بھارت کے یہ اقدامات پاکستان کے لیے اپنے دفاعی توازن کو برقرار رکھنے کے لیے چیلنجز پیدا کر رہے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بھارت کی دفاعی منصوبہ بندی میں مستقل ناکامیوں (جیسے برہموس کی غلط فائرنگ) کے باوجود جدید جوہری ٹیکنالوجی کا حصول عالمی سلامتی کے لیے بھی خطرہ بن سکتا ہے۔ پاکستان بھارت کے ان جارحانہ اقدامات کے ردعمل میں اپنے دفاعی نظام کو جدید بنانے پر توجہ دے رہا ہے تاکہ علاقائی توازن برقرار رکھا جا سکے۔ بھارتی حکومت نے رواں برس 27 مارچ کو 25 بلین ڈالر مالیت کے دفاعی ساز وسامان کی خریداری کرنے کی منظوری دے دی۔ اس خطیر رقم سے روسی ساختہ S-400 ایئر ڈیفنس میزائل سسٹم، مختلف اقسام کے طیارے اور آرٹلری (توپ خانہ) سسٹم خریدے جائیں گے۔

کراچی: نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف چین میں پہلی ہنگور کلاس سب میرین کی کمیشننگ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایرانی ہیکرز نے امریکی بحریہ کی حساس معلومات لیک کردیں

خطے میں تعینات امریکی فوجیوں کو واٹس ایپ پر دھمکی آمیز پیغامات بھی بھیجے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ہنڈالا کے نام سے مشہور سائبر گروپ نے خلیج فارس میں تعینات امریکی فوجیوں کی حساس معلومات کو لیک کرنے کا دعویٰ کیا ہے، گروپ کے بارے میں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کے ایران سے روابط ہیں۔ امریکی اخبار کے مطابق ہنڈالا نے ٹیلی گرام پر اپنی ایک پوسٹ میں 2 ہزار 379 فوجیوں کے نام اور تفصیلات شائع کی ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہیکرز نے ایسا اپنی قابلیت کا مظاہرہ کرنے کے لیے کیا ہے۔ خطے میں تعینات امریکی فوجیوں کو واٹس ایپ پر دھمکی آمیز پیغامات بھی بھیجے گئے ہیں، جن میں انہیں خبردار کیا گیا ہے کہ ان پر نظر رکھی جا رہی ہے اور انہیں نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ ہنڈالا نے دعویٰ کیا ہے کہ ہمارے پاس امریکی فوجیوں کی خاندانی معلومات، گھر کے پتے، یہاں تک کہ ان کی روزانہ کی نقل وحرکت کے بارے میں تفصیلات بھی موجود ہیں اور انہیں بھی منظر عام پر لایا جا سکتا ہے۔ اس واقعے نے امریکی اسٹیبلشمنٹ کے اندر شدید تشویش پیدا کر دی ہے، فوجی اب یہ جاننے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ہیکرز نے ان کی کتنی حساس معلومات تک رسائی حاصل کی ہے اور آپریشنل سکیورٹی پر اس کے کیا اثرات ہوں گے۔

کامران ملک کی چوہدری جہانگیر تارڑ کے اعزاز میں دلکش تقریب

چوہدری سرور، ایڈووکیٹ افتخار تارڑ سمیت دوست واحباب کی شرکت

دنیا میں ہر ایک دوسرے سے مقابلہ کرتا ہے مگر بیٹا اگر باپ سے دنیا کی دوڑ میں آگے نکل جائے تو باپ وہ واحد ہستی ہے جو بیٹے کی کامیابی پر خوشی محسوس کرتا ہے، میں اپنے صاحبزادے کی کامیابی پر فخر محسوس کرتا ہوں، ایڈووکیٹ چوہدری افتخار تارڑ

موجودہ نظام کو اگر موقع دیا گیا تو پاکستان ضرور ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا، پاکستانی امریکن کمیونٹی وطن عزیز کے تابناک مستقبل کیلئے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے، چوہدری سرور نے جنرل عاصم منیر کو پاکستان کو یکجا اور مضبوط کرنے والی کوششوں کو بھی سراہا

بروکلین، نیویارک (منظور حسین سے) پاکستانی امریکن کمیونٹی کی ہردلعزیز ممتاز و معروف شخصیت ایڈووکیٹ چوہدری افتخار تارڑ کے صاحبزادے نوجوان بزنس مین اور امریکہ کے نجی دورے پر تشریف لائے ہوئے محترم ومحتشم چوہدری جہانگیر افتخار تارڑ کے اعزاز میں لاہور کی معروف ہستی اور پاکستانی امریکن بزنس مین کامران ملک کی جانب سے ایک انتہائی پروقار اور دلکش تقریب کا انعقاد- بروکلین کے ایک مقامی ہوٹل میں انتہائی عزت واحترام سے کیا گیا- دوست واحباب خصوصا کامران ملک کی جانب سے سادہ مگر انتہائی باوقار تقریب میں امریکہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق صدر معروف پاکستانی امریکن ہیلتھ کیئر پرووائیڈر اور دکھی انسانیت کی خدمت کرنے والے کمیونٹی ایڈووکیٹ اور ڈیموکریٹ چوہدری سرور کے علاوہ معروف قانون دان چوہدری افتخار تارڑ نے شرکت کی- تقریب کی زینت خالد بندیشہ، معروف بزنس مین اور مسلم لیگ کے رہنماء چوہدری تنویر، پاکستانی سیاست کے چمکتے ستارے محفوظ بھلوں نرگانہ، عثمان سوئی، تنویر ہاشمی اور معروف نوجوان بزنس مین مصطفیٰ دیوان، احتل رحمان نے خصوصی طور پر شرکت کی اور چوہدری جہانگیر افتخار تارڑ کو خوش آمدید کہا- اس دلکش عشائیے میں جہاں پاکستانی اور مقامی سیاست پر بھی بات جاری رہی وہیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محترم چوہدری افتخار تارڑ نے اپنے انتہائی باوقار انداز میں سب مہمانوں کا شکریہ ادا کیا- اپنے مختصر خطاب میں انہوں نے کہا کہ ان کا دائرہ احباب ہمیشہ میڈیا کی زینت بنا رہتا ہے جس کے پیچھے صرف ایک مقصد اور وہ پاکستان سے لازوال محبت اور چوہدری سرور کی پاکستان سے لگن اور کمیونٹی کو امریکی سیاسی ومعاشی دھارے میں لانے کیلئے کی جانے والی کوششیں ہیں- چوہدری افتخار تارڑ ایڈووکیٹ کا کہنا تھا کہ وہ اپنے صاحبزادے کی کامیابی پر انتہائی خوش ہیں وہ ان کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کرنا چاہتے تھے مگر دوستوں خصوصا کامران ملک کی کاوشوں سے آج کی یادگار تقریب قابل عمل میں آئی- اس موقع پر جہاں انہوں نے سب دوستوں کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا وہیں معروف صحافی شاہد رضا رانجھا کا شکریہ بھی ادا کیا جو کسی مصروفیت کی وجہ سے تقریب میں شریک نہیں ہو سکے- ایڈووکیٹ چوہدری افتخار تارڑ کا کہنا تھا کہ دنیا میں ہر ایک دوسرے سے مقابلہ کرتا ہے مگر بیٹا اگر باپ سے دنیا کی دوڑ میں آگے نکل جائے تو باپ وہ واحد ہستی ہے جو بیٹے کی کامیابی اور آگے نکل جانے پر خوشی محسوس کرتا ہے- ان کا کہنا تھا کہ وہ اپنے صاحبزادے کی کامیابیوں پر انتہائی خوشی محسوس کرتے ہیں ان کے صاحبزادے جہانگیر تارڑ ان کی انتہائی عزت کرتے ہیں- انہوں نے کامران ملک کا تعارف کرتے ہوئے کہا کہ کامران ملک پاکستان آرمی کے آفیسر کے صاحبزادے ہونے کے علاوہ ایک کامیاب بزنس مین اور چوہدری سرور اور ان کے مشترکہ دوست کی حیثیت رکھتے ہیں- ان کا کہنا تھا کہ کامران ملک ایک زندہ دل انسان ہونے کے علاوہ جہاندیدہ شخصیت اور یاروں کے یار ہیں- اس موقع پر چوہدری افتخار تارڑ نے ماضی کے دریچوں پر بھی روشنی ڈالی اور بتایا کہ جہاں ماں کی عزت واحترام لازم ہے وہاں باپ کی محبت اور عزت کرنے والا دنیا میں کبھی ناکام نہیں ہوتا- تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے ممتاز پاکستانی رہنماء اور پیپلز پارٹی کے سینئر ترین لیڈر چوہدری سرور کا کہنا تھا کہ موجودہ نظام کو اگر موقع دیا گیا تو پاکستان ضرور ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا- انہوں نے اس موقع پر جنرل عاصم منیر کو پاکستان کو یکجا اور مضبوط کرنے والی کوششوں کو بھی سراہا- ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی امریکن کمیونٹی وطن عزیز کے تابناک مستقبل کیلئے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے-

4505 8th Ave, Brooklyn, NY 11220 (718) 887-0008

CCJ Crispy Fried Chicken Burger

GRAND OPENING

HALAL حلال

Halal Crispy Burger
we are the best in Ubereats, & Grubhub

Certified پر تازہ اور Brooklyn 8th Ave

حلال فرائیڈ چکن کی بہترین اقسام دستیاب ہے

SNACKS • FRIED CHICKEN • BURGER • BUBBLE TEA

Join the Crispy Chicken Membership for free! Get a $5 coupon instantly, valid on orders of $25 or more.

Address : 36-17 Main St # Cu8, Flushing, NY 11354 646-663-1588
137 1st Ave, New York, NY 10003 (646) 656-2023

ٹنڈرز کرسپی چکن اور برگر
کرسپی برگر
گرلڈ چکن اور گرلڈ ونگز

خوشخبری خوشخبری خوشخبری

NY بینکویٹ ہال

NY BANQUET HALL

آپ کے تمام ایونٹس کیلیے ووڈ برج، ورجینیا میں
خوبصورت اور کشادہ ہال کا اضافہ

BANQUET HALL
AVAILABLE FOR ALL
KIND OF PARTIES.
RENT OUR BANQUET HALL
FOR ALL FUNCTIONS

300
افراد کی گنجائش

Contact:
703-670-2222

13600 Foulger Square, Woodbridge VA 22192

ZAFFRON
BANQUET &
RESTAURANT

ووڈ برج ورجینیا میں خوبصورت اور شاندار

زعفران بینکویٹ اینڈ ریسٹورنٹ

اصلی پاکستانی کھانوں کا مرکز

حلال
HALAL

بینکویٹ ہال میں 270
لوگوں کی گنجائش موجود ہے

بہترین باربی کیو

100% ذبیحہ حلال

شادی بیاہ اور دیگر تقریبات کی کیٹرنگ کے لیے ہم سے رابطہ کریں

برائے کیٹرنگ: عاطف پرویز
703-209-8113

4182 DALE BOULEVARD WOODBRIDGE VA 22193 PH: 703-897-1190

اچھا کام ہماری پہچان

100
فیصد حلال

حلال پاکستانی لکشمی چوک ریسٹورنٹ ایش برن ورجینیا

LAKSHMI CHOWK RESTAURANT

لکشمی چوک حلال پاکستانی ریسٹورنٹ جو لاہور کا دل ہے کے کھانے کا معیار ویسا ہی جیسے آپ کی سوچ ہے
40 سالہ تجربہ کار پاکستانی فوڈ کے ماہر کی نگرانی میں کھانے تیار کیے جاتے ہیں

جن میں لاہور، پشاور، کراچی اور کوئٹہ کے لذت بھرے کھانے کوئٹہ کا پراٹھا اور چائے، لاہور کے پائے اور حلوہ پوری، کراچی کی نہاری اور بریانی، پشاوری گوشت کڑاہی، چکن کڑاہی، لاہور والے سردار کی مچھلی، لاہوری تل والے نان، پاکستان کی سوغات سرسوں کا ساگ، مکئی کی روٹی دیسی مکھن اور دلبہار لسی کے گلاس کے ساتھ

Winter Special

Traditional taste
of freshly grilled
BATTAIR (Quail) that
reminds you of Lahore

"سردیوں کا خاص تحفہ"
گاجر کا حلوہ کھانا نہ بھولیے

www.lakshmichowkusa.com

برائے رابطہ: حسیب منعم صدیقی
Ph: 703-443-4838
703-443-4839

ڈیلاس ایئرپورٹ، واشنگٹن DC، میری لینڈ، پینسلوینیا، نارتھ کیرولائنا، نیوجرسی کیلیے
200 سے لیکر 2000 افراد تک کیلیے کیٹرنگ کی سروس میسر ہے

21770 Beaumeade Cir. # 110 Ashburn VA 20147



لکشمی چوک ریسٹورنٹ والوں کی فخریہ پیش کش
ایش برن ورجینیا میں حلال پاکستانی چائنیز ذائقہ دار ریسٹورنٹ

ایشین فیوژن

Dine In | Pick Up
WWW.ASIANFUSIONVA.COM
SINCE 2008

Haseeb M Siddiqui
Raunaq Khan Tareen
Ph: 703-723-1388

TIMING:
MONDAY CLOSED
TUE-THUR 11 AM - 9:30 PM
FRI & SAT 11 AM - 10 PM
SUN 12:00 PM - 9:00 PM

ہر قسم کی بہترین کیٹرنگ کیلیے آج ہی رابطہ کریں

44260 ICE RINK PLAZA ST. 106, ASHBURN VA 20147

CATONSVILLE MARYLAND میں خوبصورت جدید اور مارکیٹ سے ارزاں گروسری سٹور

پاق حلال میٹ اینڈ گروسری

PAAQ HALAL MEAT & GROCERY
Hand Slaughtered Zabiha Halal Meat
WE ACCEPT EBT
110B
Carne fresca
cordero-pollo-ternera
¡Disponible aquí!
OPEN

100 PER CENT
MUSLIM FAMILY
OWNED BUSINESS

100 % Hand Slaughter Halal Zabiha Meat
Fresh Goat, Lamb, Beef, Veal & Chicken
Asian Sub-Continent Food Items Available
Fresh Al Maida Turkey Available At Paaq Halal. Ask Within.

FRESH
SUGARCANE
JUICE AVAILABLE

WE ACCEPT
EBT

CERTIFIED BY HALAL FOOD STANDARDS ALLIANCE OF AMERICA
HFSAA
حلال شریعہ بورڈ سے سرٹیفائیڈ

Good News
Free one Gallon Milk
with the purchase of
$ 150.00
Meat & Grocery
Also Pay Cash
and get 3% Discount

HFSAA.ORG
Paaq Halal Meat & Grocery
6400 BALTIMORE NATIONAL PIKE CATONSVILLE MD 21228
HALAL CERTIFIED
FRESH MEAT IN BUTCHER SECTION ONLY
EXPIRES JUL 31, 2025

Ph: 410-970-2790, 832-888-4841
6400 BALTIMORE NATIONAL PIKE. SUITE 110 B CATONSVILLE MD 21228

Timing:
Tuesday to Sunday
11:00 AM To 08:00 PM
Monday Closed